تصدیق شدہ اشاعت

گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | بدھ 26 نومبر 2025، 05 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 103

خاتون ہر حیثیت میں قابل احترام، تشدد یا ہراسانی ہرگز برداشت نہیں

ورچوئل وویمن پولیس اسٹیشن، پینک بٹن اور ہیلپ لائن خواتین کے تحفظ کی طرف پہلا قدم، خواتین کو ہراساں کرنے والوں کیخلاف سی سی ڈی پوری طرح متحرک ہے

سوشل میڈیا پر ہراسانی سے خواتین کو بچانے کیلئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازنے کہا ہے کہ حکومت پنجاب خواتین کے تحفظ اور حقوق کی پاسداری کے لئے سرگرم عمل ہے، اسلام نے عورت کو نہایت (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے وزراء اور سیکرٹریز کے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

آئینی عدالت کے بائیکاٹ پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر2)

اللہ کو منظور ہوا تو مجھے عمرے پر جانے کی اجازت ملے گی: شیخ رشید



راولپنڈی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اللہ کو منظور ہوا تو مجھے عمرے پر (بقیہ نمبر3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز سے جمہوریہ آذربائیجان کے وزیر اقتصادیات میکائل جباروف کی ملاقات۔

وزیراعظم سے چوہدری سالک حسین کی ملاقات

بیرون ملک پاکستانیوں کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے وزارت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے بیرون ملک پاکستانی وانسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے منگل کو جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم سے شمشیر علی مزاری کی ملاقات، حلقہ سے متعلقہ اموراور مسائل سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے قومی اسمبلی کے (بقیہ نمبر 5)

سیکیورٹی فورسز کا بنوں میں آپریشن، 22 خوارج ہلاک

آپریشن فتنہ الخوارج کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا، فورسز نے موثر انداز میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا

بنوں (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 22 فتنہ الخوارج ہلاک ہوگئے جبکہ صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے سیکیورٹی فورسز کو کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن (بقیہ نمبر 6)

پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان دسمبر سے براہِ راست پروازیں شروع ہونے کا امکان

دونوں ملکوں کے درمیان تجارت بڑھانے، روابط مضبوط کرنے کے لیے ایک اہم قدم ہوگا' ہائی کمشنر اقبال حسین خان

لاہور (این این آئی) بنگلا دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین خان نے اعلان کیا ہے کہ اگلے ماہ سے کراچی اور ڈھاکہ کے درمیان ماہان ایئر کی تین ہفتہ وار پروازیں شروع ہونے کا امکان ہے۔ یہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت بڑھانے اور روابط مضبوط کرنے کے لیے ایک (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز کا بنوں میں 22 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بنوں میں 22 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے (بقیہ نمبر 7)

صنفی تشدد کے خاتمے کیلئے جامع حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے

صدر، وزیراعظم

تمام سرکاری اداروں، سول سوسائٹی اور برادریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کیلئے اپنی مشترکہ کوششوں کو مزید تیز کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ قوانین نہ صرف منظور ہوں بلکہ پوری طرح نافذ بھی کئے جائیں

آیئے ہم عہد کریں کہ ایک ایسا مستقبل تعمیر کریں گے جہاں ہر عورت اور ہر لڑکی خوف اور تشدد سے آزاد زندگی گزار سکے اور اپنی پوری صلاحیتیں بروئے کار لا سکے، حکومت خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے پیکیج سمیت متعدد اہم اقدامات کر رہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان نے خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن پر الگ الگ پیغامات جاری کئے ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ آج ہم دنیا بھر کی کروڑوں خواتین اور لڑکیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں جو اب بھی طرح طرح کے تشدد کا سامنا کر رہی ہیں، عورت پر تشدد نہ صرف انفرادی سطح پر غلط ہے بلکہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی وقار کے منافی عمل اور معاشروں کی ترقی میں ایک بڑی رکاوٹ بھی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین اور لڑکیوں کو تعلیم، ہنر اور (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں ضمنی الیکشن سے متعلق پریس کانفرنس کر رہی ہیں۔

غزہ سے صیہونی فوج کا انخلا اور خلاف ورزیوں پر اسرائیل کا احتساب کیا جائے، پاکستان

غزہ امن عمل میں اس لئے شامل ہوئے کہ یہ فلسطینی ریاست کے قیام کا واضح راستہ ہے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں فوجی جنگ بندی کی پاسداری اور اسرائیلی فوج کے فوری انخلا کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی قوانین کی خلاف ورزیوں پر اسرائیل کا احتساب بھی کیا جائے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں پاکستانی مندوب (بقیہ نمبر 9)

مجھ سے کوئی غلطی نہیں ہوئی، ہم جواب داخل کریں گے، سہیل آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ مجھ سے کوئی غلطی نہیں ہوئی، ہم (بقیہ نمبر11)

بنوں میں کارروائیاں، شازیہ مری کی سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے (بقیہ نمبر12)

صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف قرارداد حنا پرویز بٹ نے پنجاب اسمبلی میں جمع کرادی

لاہور (این این آئی) صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 روزہ عالمی مہم کے آغاز کے موقع پر قرارداد پنجاب (بقیہ نمبر13)

فیض حمید کے کورٹ مارشل پر قیاس آرائیاں نہیں ہونی چاہئیں، ترجمان پاک فوج

پاکستان جب بھی حملہ کرتا ہے تو اعلانیہ کرتا ہے، کبھی سویلین پر حملہ نہیں کرتا، پاکستانی عوام اور فوج دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ کورٹ مارشل کے معاملے پر قیاس آرائیوں سے گریز کیا جائے، سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کا کورٹ مارشل قانونی اور عدالتی عمل ہے، پاکستان جب بھی حملہ کرتا (بقیہ نمبر 14)

نوجوان پاکستان کی تعمیر نو کے سب سے بڑے شراکت دار ہیں، احسن اقبال

معاشرے سے نفرت اور انتشار کی آوازوں کو ختم کرنا اور نوجوانوں کو امن، یکجہتی اور یگانگت کا سفیر بنانا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کی تعمیر نو کے سب سے بڑے شراکت دار ہیں، معاشرے سے نفرت اور انتشار کی آوازوں کو ختم کرنا اور نوجوانوں کو امن، یکجہتی اور یگانگت کا سفیر بنانا ہوگا۔ اڑان پاکستان مباحثہ 2025 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مباحثہ ملک میں نئی فکری قیادت پیدا کرنے کا (بقیہ نمبر 29)

الیکشن کمیشن، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کیخلاف انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کا فیصلہ محفوظ

جلسے سے خطاب میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا الزام ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی کے خلاف انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کا فیصلہ محفوظ کرلیا۔ منگل کو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) میں پیش ہوئے، قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 18 ہری پور کے ضمنی انتخابات کے دوران انتخابی جلسے سے خطاب میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا الزام ہے۔ (بقیہ نمبر 17)

آئینی عدالت کا پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس کیخلاف اپیل پر حکومت کو نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس کے خلاف اپیل پر حکومت کو نوٹس جاری کر دیئے۔ سماعت کے دوران بینچ کی تشکیل اور اپیل کی نوعیت پر تفصیلی بحث ہوئی۔ وفاقی آئینی عدالت میں جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ (بقیہ نمبر 16)

(ن) لیگ کو ووٹر کے بغیر الیکشن لڑنے کی عادت پڑ گئی ہے' چودھری پرویز الٰہی

الیکشن ووٹرز سے ہوتا ہے، بیس فیصد سے کم ووٹرز ہوں تو وہ الیکشن نہیں ہوتا، لوگوں نے ضمنی الیکشن کا بائیکاٹ کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الٰہی نے ایف آئی اے سینٹرل کورٹ لاہور میں پیشی کے بعد میڈیا کے سوالوں کے جواب میں کہا ہے کہ دراصل (ن) لیگ کو ووٹر کے بغیر الیکشن لڑنے کی عادت پڑ گئی ہے، الیکشن ووٹرز سے ہوتا ہے اگر بیس فیصد سے کم ووٹرز ہوں تو وہ الیکشن نہیں ہوتا، لوگوں نے اس ضمنی الیکشن کا بائیکاٹ کیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل میں دو سال سے (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان خلیہ مینار میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

اسلام آباد: امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور دوسرے نمبر پر رہا

لاہور (این این آئی) باغوں کا شہر آلودگی کے نرغے میں، لاہور کی فضا غیر صحت بخش قرار، دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور دوسرے نمبر پر رہا۔ منگل کے روز شہر میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 222 ریکارڈ، گلبرگ ٹو 258، اقبال ٹاؤن میں آلودگی کی شرح 240 ریکارڈ، ڈی ایچ اے فیز فائیو 221، برکی روڈ پر شرح (بقیہ نمبر 30)

پنجاب کے 9 اضلاع میں ہارٹیکلچر ایجنسیوں کا قیام

تمام موجودہ ضلعی اتھارٹیز کو ایجنسیوں میں تبدیل کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر میں ہریالی بڑھانے اور شہری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی ایکٹ 2025 کے تحت 9 اضلاع میں نئی ہارٹیکلچر ایجنسیاں قائم کی جا رہی ہیں۔ قوانین کے مطابق تمام موجودہ ضلعی اتھارٹیز کو ایجنسیوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق ننکانہ صاحب، جھنگ، جہلم، شیخوپورہ اور مظفر گڑھ میں نئی پنجاب ہارٹیکلچر ایجنسیاں (پی ایچ ایز) (بقیہ نمبر 18)

سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب طاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی پی آر شیخ فرید احمد کا بزنس فسیلیٹیشن سینٹر لاہور کا دورہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب طاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی پی آر شیخ فرید احمد نے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر لاہور کا دورہ کیا۔ سیکرٹری اطلاعات وثقافت اور ڈی جی پی آر بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے تمام کاؤنٹرز پر گئے، سینٹر کی ورکنگ اور آپریشنل امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی منیجر بزنس فسیلیٹیشن سینٹر نایاب سلیم نے انہیں ادارے کی کارکردگی بارے آگاہ کیا۔ سیکرٹری (بقیہ نمبر 31)

لاہور: سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب طاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی پی آر شیخ فرید احمد بزنس فسیلیٹیشن سینٹر لاہور کی ورکنگ کا جائزہ لے رہے ہیں۔

محکمہ ایکسائز کا امپورٹڈ اور جعلی سگریٹس فروخت کرنے والوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

مختلف علاقوں میں چھاپے، ہزاروں کی تعداد میں غیر ملکی، اسمگل شدہ اور جعلی سگریٹس برآمد کیے گئے

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے شہر میں امپورٹڈ، اسمگل شدہ اور جعلی سگریٹس فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایکسائز عدیل امجد کی ہدایت پر ای ٹی او عزیر جھٹول کی سربراہی میں شادمان سمیت مختلف علاقوں میں چھاپے مارے گئے۔ محکمہ ایکسائز کے مطابق کارروائی کے دوران ہزاروں کی تعداد میں غیر ملکی، اسمگل شدہ اور جعلی سگریٹس برآمد کیے گئے، جن پر جعلی بارکوڈز لگائے گئے (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد کچہری حملے کی منصوبہ بندی افغانستان میں موجود نور ولی محسود نے کی تھی، عطا تارڑ

انٹیلی جنس بیورو اور سی ٹی ڈی نے حملے کے 4 ملزمان کو گرفتار کیا، دہشت گردوں کا ٹارگٹ راولپنڈی اور اسلام آباد تھے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے سربراہ نور ولی محسود نے 11 نومبر کو اسلام آباد کی جوڈیشل کمپلیکس کے باہر ہونے والے خودکش دھماکے کی منصوبہ بندی کی تھی، انٹیلی جنس بیورو اور سی ٹی ڈی نے حملے کے 4 ملزمان کو گرفتار کیا، دہشت گردوں کا ٹارگٹ راولپنڈی اور اسلام آباد تھے، سیکیورٹی کی وجہ سے حملہ آور کسی ٹارگٹ تک نہیں پہنچ سکے، ہماری (بقیہ نمبر 20)

پی ٹی آئی کے رہنما شبلی فراز 2 مقدمات میں اشتہاری قرار

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی کے رہنما شبلی فراز کو 2 مقدمات میں اشتہاری قرار دے دیا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 28 فروری جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیسز کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ شبلی فراز کو مسلسل عدم حاضری کی بنیاد پر (بقیہ نمبر 22)

ایف آئی اے نے تمام مینوئل اور دستی طور پر جاری کیے جانے والے طلبی نوٹسز کا اجرا بند کر دیا

اب دفعہ 160 کے تحت جاری تمام طلبی نوٹسز صرف الیکٹرانک سسٹم کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے، ترجمان

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے نے طلبی کے جعلی یا مشتبہ نوٹسز کی روک تھام کے لیے بڑا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے جعلی یا مشتبہ طلبی نوٹسز کے اجرا کو روکنے اور نظام کو مزید شفاف بنانے کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے تمام مینوئل اور دستی طور پر جاری کیے جانے والے طلبی نوٹسز کا اجرا بند کر دیا۔ ترجمان کے مطابق اب دفعہ 160 کے تحت (بقیہ نمبر 21)

لاہور میں نوکرانی 2 ساتھیوں کے ساتھ مل کر گھر کا صفایا کر گئی، ملزمان پکڑے گئے

لاہور (این این آئی) سینٹ میری کالونی میں ایک ملزمہ نے اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ مل کر ایک گھر کا صفایا کر دیا، پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق خاتون ملزمہ مذکورہ گھر میں گزشتہ دو ماہ سے کام کر رہی تھی اور اس نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر واردات کا منصوبہ بنایا۔ چند روز قبل ملزمان نے (بقیہ نمبر 25)

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان، خواتین پر تشدد کے خاتمے کے حوالے سے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایجوکیشن آن ویل پراجیکٹ کا جلد آغاز، ایس ٹی آئیز اپلائی کیلئے تاریخ میں ایک دن کی توسیع

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں کھیل کے فروغ اور صحت مند سرگرمیوں کے لئے پنجاب بھر کے سکول گراؤنڈز شام کے اوقات میں عوام کے لئے کھولے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے ہر (بقیہ نمبر 27)

پنجاب حکومت نے متعدد افسران کے تقرر و تبادلے، ترقیوں کے احکامات جاری کر دیئے

نوید شہزاد مرزا ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن، محمد سلیم افضل ڈائریکٹر جنرل (فشریز) پنجاب تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے متعدد افسران کے تقرر و تبادلے اور ترقیوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری انسانی حقوق و اقلیتی امور مس رضوانہ نوید کو گریڈ 20 میں ترقی دے کر ممبر محکمہ ترقیاتی و منصوبہ بندی بورڈ پنجاب، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن جنوبی پنجاب فخر الاسلام ڈوگر کو گریڈ 20 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر جنرل بہاولپور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن شاہد حسن کلیانی کو گریڈ 20 میں ترقی (بقیہ نمبر 26)

بزدار کے لٹے پٹے پنجاب کو مریم نواز نے دوبارہ اپنے پاؤں پہ کھڑا کیا ہے، عظمیٰ بخاری

ضمنی انتخابات میں جنرل الیکشن کی نسبت (م) لیگ کا ووٹ بینک 20 ہزار سے ایک لاکھ ووٹ تک بڑھا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جنرل الیکشن کے مقابلے میں ضمنی انتخابات میں (ن) لیگ کا ووٹ بینک 20 ہزار سے لے کر ایک لاکھ ووٹ تک بڑھا ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام نے ''نک دے کوکے'' کی سیاست کو نہیں بلکہ الیکٹرک بسوں، فری اسکالرشپس، اپنی چھت اپنا گھر پروگرام اور کسان کارڈ جیسے عوامی فلاحی منصوبوں کو ووٹ دیا ہے۔ سہیل آفریدی کو (بقیہ نمبر 33)

عمران خان سے ملاقات کیلئے علیمہ خان کا اڈیالہ روڈ پر دھرنا، کارکنان جمع، نعرے بازی

فیکٹری ناکے پر کارکنان اور پولیس آمنے سامنے، فیکٹری ناکے پر اڈیالہ روڈ مکمل بند، طالب علم اور مسافر پھنس گئے

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات نہ ہونے پر ان کی بہنوں نے اڈیالہ روڈ پر دھرنا دے دیا، جبکہ کارکنان نے شدید نعرے بازی کی۔ رپورٹ کے مطابق منگل کو عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ملاقات کیلئے کارکنوں کی بڑی تعداد اڈیالہ جیل کے باہر جمع ہوئی۔ علیمہ خان دیگر بہنوں کے ہمراہ گورکھ پور ناکے پر پہنچیں، کارکنوں کی جانب سے استقبال کیا گیا اور نعرے بازی کی گئی جس پر پولیس نے پوزیشنیں سنبھال لیں۔ پولیس کی بھاری نفری (بقیہ نمبر 19)

مستونگ، کسٹمز کا گودام پر چھاپہ، سمگل شدہ مہنگی گاڑیاں ضبط

ایف بی آر انسداد سمگلنگ اور پاکستان بھر میں قانونی تجارت کو فروغ دینے کیلئے پرعزم

مستونگ (این این آئی) کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے 8 کروڑ 10 لاکھ روپے مالیت کی نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ضبط کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف کلکٹر (انفورسمنٹ) اسلام آباد کی اطلاع پر کسٹمز ٹیم نے مستونگ میں مین آر سی ڈی ہائی وے پر ایک گودام پر چھاپہ مارا۔ چھاپے میں ضبط شدہ گاڑیوں میں چار پراڈو کاریں، دو ایکوا، ایک سی-اچ آر، ایک ہونڈا ویزل، ایک نسان، (بقیہ نمبر 24)

دوران سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج کی طبیعت ناساز، ہسپتال منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس راجا انعام امین منہاس کی دوران سماعت طبیعت ناساز ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایمبولینس بلوایا گئی اور جسٹس راجا انعام امین منہاس کو ہسپتال (بقیہ نمبر 23)

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سول سیکرٹریٹ میں سیکرٹریز کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایف سی ہیڈکوارٹر حملہ، تحقیقات میں کافی پیش رفت ہوچکی، آئی جی

تینوں دہشت گردوں کی تصاویر مل چکی ہیں، ان کے فنگر پرنٹس نادرا کو بھیج دیے ہیں، ذوالفقار حمید

پشاور (این این آئی) انسپکٹر جنرل (آئی جی) آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا ہے کہ فیڈرل کانسٹیبلری کے ہیڈکوارٹر پر حملہ کرنے 3 دہشتگرد آئے تھے، تحقیقات میں کافی پیش رفت ہوچکی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ تینوں دہشت گردوں کی تصاویر مل چکی ہیں، ان کے فنگر پرنٹس نادرا کو بھیج دیے ہیں، دہشت گردوں کی شناخت کے لیے نادرا (بقیہ نمبر 34)

مسافر کی طبیعت خراب، دوحہ اسلام آباد کی پرواز کی مسقط میں ہنگامی لینڈنگ

اسلام آباد (این این آئی) مسافر کی طبیعت خراب ہونے کے باعث دوحہ اسلام آباد کی پرواز کی مسقط میں ہنگامی لینڈنگ کی گئی۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق پرواز کیو آر 614 نے ساڑھے 8 بجے اسلام آباد پہنچنا تھا۔ اسلام آباد سے دوحہ کی پرواز کیو آر 615 کی روانگی میں تاخیر ہوئی ہے۔

ہمارا کام بولتا ہے، شرجیل میمن کا ایم کیو ایم کی تنقیدوں پر ردعمل

مجموعی طور پر اربوں روپے کا سرمایہ شہری انفراسٹرکچر اور بنیادی سہولیات میں لگایا جا رہا ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ ملک بھر میں بلدیاتی اداروں کو سب سے زیادہ بااختیار پیپلز پارٹی نے بنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شرجیل میمن نے ایم کیو ایم رہنما حیدر عباس رضوی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایم کیو ایم (بقیہ نمبر 36)

سندھ ہائی کورٹ نے الکرم اسکوائر لیاقت آباد میں غیر قانونی بس اڈوں کیخلاف درخواست نمٹا دی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے محکمہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ٹریفک پولیس کی رپورٹ کے بعد الکرم اسکوائر (بقیہ نمبر 35)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ڈویلپمنٹ منصوبوں، انفراسٹرکچر ٹیکنالوجی اور دیگر امور بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ستائیسویں ترمیم لانے والی قوتوں کی عزت نہیں بڑھی، فضل الرحمن

27 ویں آئینی ترمیم سے نہ دستور میں بہتری آئے گی نہ یہ عوامی مفاد کا تقاضا پورا کرے گی، حکومت مکمل طور پر عدلیہ کو اپنے پنجے میں رکھنا چاہتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے 27 ویں آئینی ترمیم کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 27 ویں آئینی ترمیم سے نہ دستور میں بہتری آئے گی نہ یہ عوامی مفاد کا تقاضا پورا کرے گی، حکومت مکمل طور پر عدلیہ کو اپنے پنجے میں رکھنا چاہتی ہے، ترمیم لانے والی قوتوں کی عزت نہیں بڑھی، اصولی طور پر جے یو آئی آئینی عدالت کے حق میں تھی، جب آئین بن رہا (بقیہ نمبر 28)

اقوام متحدہ کا مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے مظالم پر گہری تشویش کا اظہار

پہلگام واقعہ کے بعد بھارتی سکیورٹی فورسز اور حکام نے عالمی انسانی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی، انسانی حقوق کونسل

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دوران حراست تشدد، مشکوک اموات اور ناروا سلوک کے واقعات کی مذمت کی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے انسانی حقوق ماہرین نے کہا کہ پہلگام واقعہ کے بعد بھارتی سکیورٹی فورسز اور حکام نے بین الاقوامی انسانی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی۔

خاتم النبیین ﷺ کی حیات تمام انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے، جے یو آئی (س)

اگر ہم فتنوں سے بچنا چاہتے ہیں تو سنت رسولؐ اور خلفائے راشدینؓ کے طریقے کو شعار بنانا ہوگا

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری محمد اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ خاتم النبیین ﷺ کی حیات تمام انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے، کامیاب وہ ہے جو فرائض و واجبات کی ادائیگی کے ساتھ خاتم النبیینؐ کی سنتوں کو اپنا معمول بنائے، اگر ہم فتنوں سے بچنا چاہتے ہیں تو سنت رسولؐ اور خلفائے راشدینؓ کے طریقے کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔ سرکار ﷺ نے آخرت کی بھلائی کا جو وظیفہ اپنی امت کو عطا فرمایا وہ یہی ہے کہ فتنوں کے دور میں سنت پر ثابت قدم رہیں۔

صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 روزہ عالمی مہم کے آغاز کے موقع پر قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کرا دی گئی۔ قرارداد چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے جمع کرائی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا کہ یہ ایوان خواتین اور بچیوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ خواتین کا وقار اور سلامتی ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔

کراچی: سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے کیبنٹ سیکرٹریٹ کے چیئرمین سینیٹر رانا محمود الحسنی اینڈ ٹیکنالوجی پارک میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر تحصیل نشتر کا عوامی شکایات پر خالق نگر، یوحنا آباد، نشتر کالونی، کاہنہ نو کا دورہ

ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی یا عوامی استحصال برداشت نہیں کیا جائے گا، اے سی تحصیل نشتر کی گفتگو

خالق نگر (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر تحصیل نشتر محمد سلیم آسی نے عوام کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہونے پر خالق نگر، یوحنا آباد، نشتر کالونی، کاہنہ نو و دیگر جگہوں کا دورہ کیا اور مارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا، معائنے کے دوران کئی دکانداروں کے نرخنامے سرکاری فہرست کے مطابق نہ پائے گئے، جبکہ بعض جگہوں پر اشیاء مقررہ قیمت سے زائد نرخ پر فروخت کی جا رہی تھیں، اسسٹنٹ کمشنر تحصیل نشتر محمد سلیم آسی نے موقع پر ہی متعلقہ دکانداروں کو تنبیہ کرتے ہوئے واضح طور پر ہدایت کی کہ فوری طور پر قیمتیں سرکاری نرخنامے کے مطابق مقرر کی جائیں، انہوں نے دکانداروں کو باور کرایا کہ عوامی سہولت میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف چالان، جرمانے اور ضرورت پڑنے پر ایف آئی آر سمیت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

انتہا پسندی اور بداخلاقی والوں کا مینڈیٹ دفن ہو گیا' ملک افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ضمنی انتخابات میں کامیابی پر امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 13 میں سے 12 نشستوں پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کی کامیابی، مخالفین کی تنقید کا بہترین جواب ہے، یہ ووٹ ملک میں ترقی اور خدمت کی سیاست کا ملا ہے۔ آج ایک بار پھر عوام نے یہ ثابت کر دیا کہ (ن) لیگ پر ان کا اعتماد پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکا ہے۔

گیس کی قیمتوں میں کسی قسم کی تبدیلی منظور نہیں کی گئی، ترجمان اوگرا

گیس ٹیرف میں اضافہ نہیں کیا، پرانے ریٹس برقرار ہیں' گیس کی قیمت میں کمی کے بعد اضافے کی خبر پر وضاحت

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے گیس کی قیمتوں میں اضافے کی خبر کے بعد وضاحت دیتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کی قیمتوں کے تعین سے متعلق غلط تاثر پیش کیا گیا ہے۔ ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ گیس کی قیمتوں میں کسی قسم کی تبدیلی منظور نہیں کی گئی۔ ترجمان اوگرا نے کہا کہ گیس ٹیرف میں اضافہ نہیں کیا، پرانے ریٹس برقرار ہیں۔

احتجاج کی کال دینے والوں کو ملکی مسائل کے حل کی پرواہ نہیں، چودھری شاہد علی خان

حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے انقلابی اقدامات اٹھائے، نائب صدر کی گفتگو

خالق نگر (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما ء ویوتھ ونگ لاہور ڈویژن کے نائب صدر چودھری شاہد علی خان نے کہا ہے کہ محاذ آرائی کی سیاست ملک و قوم کے مفاد میں نہیں سب کو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملکی سلامتی و استحکام کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت ملکی معیشت کی بحالی کے لیے سرگرم عمل ہے اور ہر سطح پر موثر مربوط اقدامات اٹھائے گئے ہیں جس سے سرمایہ کاری کو فروغ مل رہا ہے جسے فعال بنانے کے لیے سیاسی استحکام کی اشد ضرورت ہے، سینئر صحافی و کالم نگار ایم اے تبسم سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ احتجاج کی کال دینے والوں کو ملکی مسائل کے حل کی کوئی پرواہ نہیں اور نہ انہیں قومی مفادات کی تکمیل عزیز ہے یہ اپنے سیاسی مفادات کی خاطر قومی مفادات کو داؤ پر لگا رہے ہیں، چودھری شاہد علی خان نے کہا کہ ملکی قومی معیشت ٹیک آف کی پوزیشن پر آ گئی تھی۔

محکمہ سکولز ایجوکیشن نے سکولوں میں ڈنڈا رکھنے پر پابندی عائد کردی

لاہور (این این آئی) محکمہ سکولز ایجوکیشن نے سکولوں میں ڈنڈا رکھنے پر سخت پابندی عائد کردی۔ تعلیمی سال 2024-25 میں تشدد کے 70 سے زائد کیس رپورٹ ہوئے، رواں تعلیمی سال میں ابھی تک بچوں پر تشدد کے 81 سے زائد کیس رپورٹ ہو چکے ہیں۔ فیصلے کے مطابق آئندہ سے سکولوں میں ڈنڈا رکھنے پر متعلقہ اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، ڈنڈے سے بچوں پر شدید تشدد پر متعلقہ اساتذہ کے خلاف ایف آئی آر درج ہوگی۔

اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے نئے کاروباری ماڈل پر کام کرنے کی ضرورت ہے' خادم حسین

روایتی برآمدی فہرست میں اضافہ، ویلیو ایڈیشن پر توجہ دینا ہوگی' رکن بورڈ آف ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے نئے کاروباری ماڈل پر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ پاکستان کی برآمدی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے، 0.25 فیصد ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ سرچارج ختم کرنے کا فیصلہ بہترین اقدام ہے جس سے نہ صرف برآمدی شعبے پر مالی دباؤ کم ہوگا بلکہ عالمی منڈیوں میں پاکستان کی مسابقتی صلاحیت میں بھی بہتری آئے گی۔ اپنے بیان میں خادم حسین نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستانی برآمدات وہ گروتھ نہیں دکھا رہی جو ہماری ضرورت ہے، اب وقت آ گیا ہے کہ روایتی برآمدی فہرست میں اضافہ کیا جائے

پشاور، ایف سی ہیڈ کوارٹر پر حملے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں درج

پشاور (این این آئی) پشاور میں فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پر حملے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ دہشت گردی کی دفعات کے تحت پولیس کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق موٹر سائیکل سوار 3 دہشت گردوں نے ایف سی ہیڈ کوارٹر پر حملہ کیا، ایک حملہ آور نے گیٹ پر خود کو دھماکے سے اڑا لیا

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی سے محمد یونس بلوچ، اسلم رند، عابد جان اور ملک ابرار ملاقات کر رہے ہیں

خواتین کی تعلیم، ڈیجیٹل ہنرمندی اور معاشی خودمختاری ہی اصل بااختیاری ہے، شزہ فاطمہ

خواتین کیلئے ٹیکنالوجی کی راہیں کھولنا پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ خواتین کی تعلیم، ڈیجیٹل ہنرمندی اور معاشی خودمختاری ہی اصل بااختیاری ہے، خواتین کیلئے ٹیکنالوجی کی راہیں کھولنا پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ خواتین پر تشدد ایک ناقابلِ قبول سماجی اور انسانی ناانصافی ہے، پاکستان کی ہر عورت اور ہر لڑکی کے ساتھ یکجہتی اور حمایت کا اظہار کرتی ہوں۔

پی آر اے کو دوستانہ ماحول کی پالیسی کو جاری رکھا جانا چاہیے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

کاروباری افراد کو ٹیکس دفاتر میں طلب کر کے آگاہی دی جائے' صدر عبدالغفار، جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پنجاب ریونیو اتھارٹی نے مہم جوئی کی بجائے دوستانہ ماحول کی وجہ سے کامیابی سمیٹی ہے اس لئے اس کا تسلسل جاری رہنا چاہیے، نوٹسز کے اجراء کے وقت خوف و ہراس پھیلانے کی بجائے کاروباری افراد کو ٹیکس دفاتر میں طلب کر کے آگاہی دی جائے اور انہیں ٹیکس نیٹ میں آنے کیلئے راغب کیا جائے۔ ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے ریسٹورنٹس کے کاروبار سے وابستہ کاروباری افراد کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ مہم جوئی اور افسران کی جانب سے اختیارات کا ناجائز استعمال ہے جبکہ اس کے مقابلے میں پی آر اے نے مختلف رویہ اپنا کر ہدف سے زیادہ ٹیکس محصولات جمع کر کے دکھائے ہیں۔

سرگودھا، تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن کے 17 اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں بغیر وارنٹ گھر میں داخل ہونے اور خاتون اور ان کے شوہر کو تشدد کا نشانہ بنانے پر ایس ایچ او سمیت 17 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ اہلکاروں پر چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کرنے اور خاتون کو تشدد کا نشانہ بنانے کا الزام ہے۔ مدعی خاتون کے مطابق 7 اگست کو ایس ایچ او اور سب انسپکٹر سمیت 17 اہلکار بغیر وارنٹ دیواریں پھلانگ کر گھر میں داخل ہوئے

داتا دربار ہائیڈ ولک کینوپیز منصوبے کیلئے ٹیکس چھوٹ دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب کابینہ نے داتا دربار ہائیڈ ولک کینوپیز منصوبے کے لیے ٹیکس چھوٹ کی منظوری دینے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے ہیں جس کے تحت منصوبے کو 95 کروڑ روپے تک کا مالی ریلیف ملنے کا امکان ہے۔ کابینہ نے منصوبے کے لیے وفاقی حکومت سے ٹیکس چھوٹ کی درخواست بھی منظور کی جس کی سمری سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور نے پیش کی تھی۔ پنجاب حکومت نے ٹیکس چھوٹ کی درخواست وفاقی حکومت کو ارسال کر دی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نسٹ یونیورسٹی کے طلبہ سے گفتگو کر رہے ہیں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود ہیں

پنجاب کے عوام نے ضمنی الیکشن کو مسترد کیا، زین قریشی

پی ٹی آئی کسی حلقے سے نہیں ہاری، جس طرح سے الیکشن ہوتے ہیں وہ سب بہتر جانتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما زین قریشی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کسی حلقے سے نہیں ہاری، جس طرح سے الیکشن ہوتے ہیں وہ سب بہتر جانتے ہیں۔ لاہور میں انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں زین قریشی نے کہا کہ ضمنی الیکشن میں پی ٹی آئی کے کارکنوں نے بائیکاٹ کیا۔ ضمنی الیکشن میں دس فیصد سے ٹرن آؤٹ کم رہا، پنجاب کے عوام نے ضمنی الیکشن کو مسترد کیا ہے۔

لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الٰہی ایف آئی اے سینٹرل کورٹ لاہور میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

چیف سیکرٹری کی ای بز پورٹل پر درخواستیں مقررہ وقت میں نمٹانے کی ہدایت

متعلقہ محکموں کو پبلک سیکٹر کمپنیوں، اتھارٹیز کے انتظامی اور مالی امور کا جائزہ لیکر رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت سیکرٹریز کانفرنس کا انعقاد سول سیکرٹریٹ میں ہوا جس میں محکموں کے انتظامی امور، ای بز پورٹل، ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (ای فاس)، پبلک سیکٹر کمپنیز اور اتھارٹیز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ای بز پورٹل پر اب تک 10 ہزار درخواستیں موصول ہو چکی ہیں جس میں سے آٹھ ہزار پر منظوری کا عمل ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیف سیکرٹری نے تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کو ای بز پورٹل پر موصول درخواستوں کو مقررہ وقت میں نمٹانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گھر بیٹھے خدمات تک آسان رسائی کیلئے ای بز پورٹل کا آغاز پنجاب حکومت کا انقلابی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئی ٹی کے ذریعے لوگوں کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کر رہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ کہ پیپر لیس ورکنگ سے کام کے طریقہ کار میں جدت اور شفافیت آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای فاس سے کام کی رفتار تیز اور روایتی فائل سسٹم کا خاتمہ ممکن ہوا ہے۔

دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا دن منایا گیا

ہر روز سیکڑوں خواتین اور لڑکیاں اپنے قریبی ساتھیوں کے ہاتھوں قتل یا جسمانی اور جنسی تشدد برداشت کرتی ہیں، رپورٹ

لاہور (این این آئی) دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا دن منایا گیا، اس دن کو منانے کا مقصد خواتین پر تشدد کو ختم کرنے کیلئے شعور بیدار اور مضبوط اقدام کرنا ہے۔ خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن ہر سال 25 نومبر کو منایا جاتا ہے، اس روز اقوام متحدہ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کیلئے حکومتوں کی طرف سے کئے گئے اقدام کا جائزہ لیتا ہے، اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ہر روز سیکڑوں خواتین اور لڑکیاں اپنے قریبی ساتھیوں کے ہاتھوں قتل ہو جاتی ہیں یا جسمانی اور جنسی تشدد برداشت کرتی ہیں۔ کوئی بھی معاشرہ خود کو منصف، محفوظ یا صحت مند نہیں کہہ سکتا جب اس کی نصف آبادی خوف میں جی رہی ہو، خواتین پر تشدد انسانیت کی سب سے پرانی ناانصافی ہے جس پر عملی اقدام انتہائی کم ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق تنازعات اور ماحولیاتی آفات سے متاثرہ عورتیں تشدد کے زیادہ خطرے میں ہوتی ہیں، سال 2025ء کا نعرہ "تمام خواتین اور لڑکیوں کے خلاف ڈیجیٹل تشدد کے خاتمے کیلئے متحد ہو جائیں" رکھا گیا ہے۔

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس کے 48ویں کانووکیشن کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں۔

میجر انیس احمد خان شہید کی بہادری کی داستان آج بھی دلوں میں زندہ

دشمن کی سخت مزاحمت کے باوجود 20 فٹ گہرے دریائے کوباڈک کو عبور کیا اور گھمسان کی لڑائی کے بعد کامیابی حاصل کی

اسلام آباد (این این آئی) 1971 کی جنگ میں پاک فوج نے بھارتی افواج اور مکتی باہنی کے شدید حملوں اور ظلم و بربریت کے مقابلے میں جس جرات اور بہادری کی تاریخ رقم کی اس کے درجنوں باب آج بھی قوم کیلئے فخر کا باعث ہیں، انہی لازوال داستانوں میں سے ایک میجر انیس احمد خان شہید کی شاندار قربانی بھی ہے۔ میجر انیس احمد خان کو اپنی سپاہ کے ہمراہ دریائے کوباڈک کے جزیرہ نما علاقے کو مکتی باہنی کے زیر قبضہ دہشتگردوں سے آزاد کرانے کا مشکل ترین مشن سونپا گیا تھا، یہ علاقہ تقریباً 6 مربع میل پر محیط، مضبوط مورچوں اور دفاعی حصاروں سے مزین ایک محفوظ ٹھکانا تھا جہاں دشمن پوری تیاری کے ساتھ موجود تھا۔ جذبہ شہادت سے سرشار میجر انیس احمد خان نے اپنے جوانوں کے ساتھ بغیر آرٹلری سپورٹ کے دشمن کے سامنے پیش قدمی کی، پاک فوج کے بہادر جوانوں نے دشمن کی سخت مزاحمت کے باوجود 20 فٹ گہرے دریائے کوباڈک کو عبور کیا۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے عمان کے قونصل جنرل سمیع عبداللہ الکانجری وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

چین پاکستان میں "روف ٹاپ سولر انرجی" کے انقلاب کو آگے بڑھا رہا ہے، برطانوی میڈیا

چین سے پاکستان کی سولر پینلز کی درآمدات بڑھ کر 16 گیگا واٹ تک پہنچ گئیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی میڈیا دی اکانومسٹ نے حال ہی اپنی ویب سائٹ پر ایک مضمون شائع کیا جس کا عنوان "چین پاکستان میں چھتوں پر شمسی توانائی کیا انقلاب کو کیسے آگے بڑھا رہا ہے" تھا۔ مضمون میں کہا گیا کہ چینی ساختہ سولر پینلز اور بیٹریاں پاکستانی عوام اور حکومت کو توانائی کی قلت سے نمٹنے میں مدد فراہم کر رہی ہیں۔ رواں سال پاکستان دنیا میں سولر پینلز کے سب سے بڑے درآمد کنندگان میں سے ایک بن گیا ہے اور گلوبل ساؤتھ ممالک میں سبز توانائی کی تبدیلی میں "پیشرو میدان" بن گیا ہے۔ تجارتی اعداد و شمار کے مطابق 2024 میں چین سے پاکستان کی سولر پینلز کی درآمدات بڑھ کر 16 گیگا واٹ تک پہنچ گئیں۔ 2025 کے پہلے نو مہینوں میں پاکستان نے چین سے مزید 16 گیگا واٹ درآمد کیے۔ پاکستان میں سولر پینل فلیٹ مکانات سے لے کر مساجد تک کھیتوں سے لے کر سڑک کنارے دکانوں تک ہر جگہ دیکھے جا سکتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں انہیں عام طور پر ٹریلرز پر نصب کیا جاتا ہے تاکہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا سکے۔

ایف آئی اے کا طلبی کے جعلی یا مشتبہ نوٹسز کی روک تھام کے لیے بڑا فیصلہ

تمام مینوئل اور دستی طور پر جاری کیے جانے والے طلبی نوٹسز کا اجراء بند کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے طلبی کے جعلی یا مشتبہ نوٹسز کی روک تھام کے لیے بڑا فیصلہ کیا ہے۔ ایف آئی اے نے جعلی یا مشتبہ طلبی نوٹسز کے اجراء کو روکنے اور نظام کو مزید شفاف بنانے کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے تمام مینوئل اور دستی طور پر جاری کیے جانے والے طلبی نوٹسز کا اجراء بند کر دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق اب دفعہ 160 کے تحت جاری ہونے والے تمام طلبی نوٹسز صرف الیکٹرانک سسٹم کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے اور ہر نوٹس پر ایک منفرد اور قابل تصدیق کیو آر کوڈ درج ہوگا۔ اگر کسی شہری کو دستی، مینوئل یا کسی بھی ایسی شکل میں نوٹس موصول ہو جس پر کیو آر کوڈ موجود نہ ہو تو اسے مشکوک تصور کیا جائے۔ ایف آئی اے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ایسے مشکوک نوٹسز کی فوری اطلاع complaints@fia.gov.pk پر ای میل یا ہیلپ لائن 1991 پر دیں۔

ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی ناہید گل بلوچ فیصل آباد ہارٹی کلچر ایجنسی کے دورے کے دوران بریفنگ لے رہی ہیں۔

دین اسلام نے عورت کو نہایت بلند اور اعلی مقام سے نوازا ہے، شیخ نعیم طاہر

خواتین کے لیے تشدد سے پاک، محفوظ معاشرہ تہذیب و ترقی کی ضمانت ہوتا ہے

سرگودھا (این این آئی) اتحاد العلما ضلع کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ دین اسلام نے عورت کو نہایت بلند اور اعلی مقام سے نوازا ہے جس کا اظہار رسول اکرم ﷺ نے اپنے خطبات میں فرمایا۔ زرائع کے مطابق اتحاد العلما ضلع کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے خواتین پر تشدد کے واقعات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کردار اور خانہ درای سمیت ہر حیثیت میں قابل احترام ہے جس پر تشدد یا ظلم معاشرتی طور پر قابل برداشت قول ہے۔ اس لئے حکومت پر زمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خواتین کے تحفظ اور ان کے حقوق کی پاسداری کے لیے حقوق نسواں کے قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے۔ ہے۔ شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ خواتین کے لیے تشدد سے پاک، محفوظ معاشرہ تہذیب و ترقی کی ضمانت ہوتا ہے۔ جس سے انحراف کرنے والے بزدل اور مجرم ہیں جن کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹانا وقت کی ضرورت ہے۔

عمران خان کا ایکس اکاؤنٹ جیل سے آپریٹ نہیں ہوتا، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل

کئی مواقع پر عمران خان کے بیان نے معاشرے میں تشدد کو ہوا دی، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کا 'ایکس' اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست میں جیل سپرنٹنڈنٹ نے کہا ہے کہ عمران خان کا ایکس اکاؤنٹ جیل سے آپریٹ نہیں ہوتا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کرائے گئے جواب میں سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے عمران خان کے ایکس اکاؤنٹ کے جیل سے آپریٹ ہونے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی جیل سے ہدایات نے ماضی میں کئی مواقع پر معاشرے میں تشدد کو ہوا دی۔

نصیر آباد ریلوے ٹریک پر پولیس نے تخریب کاری کی کوشش ناکام بنادی

نصیر آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع نصیر آباد میں ریلوے ٹریک پر پولیس نے تخریب کاری کی کوشش ناکام بنا دی۔ بلوچستان کے ضلع نصیر آباد میں صدر تھانہ ڈیرہ مراد کی حدود ریلوے ٹریک پر تخریب کاری کی کوشش ناکام بنائی گئی۔ پولیس کے مطابق دوست ہوٹل کے سامنے ریلوے ٹریک پر بم برآمد ہوا۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیم کو طلب کر کے بم کو ناکارہ بنا دیا گیا

بلاول بھٹو زرداری جلد لاہور آ کر عہدیداران، کارکنان سے ملاقاتیں کریں گے' رانا جمیل منج

پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں اپنے مضبوط امیدواروں کو میدان میں اتارے گی' جنرل سیکرٹری لاہور

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری جلد لاہور آ کر عہدیداران اور کارکنان سے ملاقاتیں کریں گے، پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں اپنے مضبوط امیدواروں کو میدان میں اتارے گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی جماعت ہے اور عوام کے مسائل حل کرنا جانتے ہیں اسی کی بدولت پیپلز پارٹی پنجاب میں دوبارہ اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی پنجاب میں ہونے والے بلدیاتی الیکشن میں بھرپور طریقے سے حصہ لے گی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت کے مطابق پیپلز پارٹی اپنے مضبوط امیدواروں کو بلدیاتی انتخابات میں اتارے گی۔

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب محکمہ انجینئرنگ محکمہ ٹرانسپورٹ اور سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے افسران کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بلوچستان کی خشک سرزمین پر زعفران کی کامیاب کاشت نے ترقی کی نئی راہیں کھول دیں

پانی کی قلت اور بارشوں کی تشویشناک حد تک کمی نے کسانوں کو اس فصل کی جانب راغب کیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی خشک سرزمین پر ایک نئی امید نے جنم لیا ہے، زعفران کی فصل جو کم پانی میں زیادہ منافع دے وہ صوبے کے کسانوں کے لیے خوشحالی کا نیا دروازہ کھول رہی ہے۔ کوئٹہ کی زرخیز زمینوں پر زعفران کی کامیاب کاشت نے علاقے میں زرعی ترقی کی نئی راہیں کھول دیں، صوبے میں پانی کی قلت اور بارشوں کی تشویشناک حد تک کمی کسانوں کو اس فصل کی جانب راغب کر رہی ہے زعفران کم پانی اور زیادہ آمدن کا ذریعہ بن رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ زعفران کی عالمی مارکیٹ میں فی کلو 8 سے 10 لاکھ روپے تک مانگ ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ فصل بلوچستان کے کسانوں کے لیے غیر معمولی معاشی بہتری کا امکان بن چکی ہے۔ بلوچستان کے علاقے کوئٹہ، پشین، مستونگ، منگوچر، قلعہ سیف اللہ اور سنجاوی کی معتدل آب و ہوا زعفران کی کاشت کے لیے موزوں ہیں۔

کراچی، پڑوسی نے چھری سے وار کر کے اپنے دوست کو قتل کر دیا، ملزم فرار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے لانڈھی مانسہرہ کالونی میں چھری کے وار سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا، مقتول کو اس کے پڑوسی دوست سے قتل کیا اور اپنے گھر والوں سمیت گھر کو تالہ لگا کر فرار ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق شرافی گوٹھ کے علاقے لانڈھی مانسہرہ کالونی دلدار ہوٹل کے قریب چھری کے وار سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح ہسپتال منتقل کی گئی۔

چین پاکستان میں روف ٹاپ سولر انرجی کے انقلاب کو آگے بڑھا رہا ہے، برطانوی میڈیا

چین سے پاکستان کی سولر پینلز کی درآمدات بڑھ کر 16 گیگا واٹ تک پہنچ گئیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی میڈیا نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ چین پاکستان میں "روف ٹاپ سولر انرجی" کے انقلاب کو آگے بڑھا رہا ہے۔ برطانوی میڈیا دی اکانومسٹ نے حال ہی اپنی ویب سائٹ پر ایک مضمون شائع کیا، جس کا عنوان "چین پاکستان میں چھتوں پر شمسی توانائی کیا انقلاب کو کیسے آگے بڑھا رہا ہے" تھا۔ مضمون میں کہا گیا کہ چینی ساختہ سولر پینلز اور بیٹریاں پاکستانی عوام اور حکومت کو توانائی کی قلت سے نمٹنے میں مدد فراہم کر رہی ہیں۔

مسلم لیگ (ن) نے این اے 185 میں معاہدے کی پاسداری نہیں کی' پیپلز پارٹی

معاہدے کے مطابق رنر اپ نے ضمنی انتخاب لڑنا تھا، ہمارے امیدوار نے دھاندلی کے سنجیدہ الزامات لگائے ہیں' راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے اتحادی جماعت مسلم لیگ (ن) پر طے شدہ معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں جماعتوں میں معاہدہ تھا کہ رنر اپ ضمنی الیکشن لڑے گا اور دوسری جماعت حمایت کرے گی، این اے 185 ڈیرہ غازی خان میں مسلم لیگ (ن) نے معاہدے کی پاسداری نہیں کی۔ سابق وزیر اعظم و پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ این اے 185 میں پارٹی امیدوار کے تحفظات پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے امیدوار دوست محمد کھوسہ نے دھاندلی کے سنجیدہ الزامات لگائے ہیں، دوست محمد کھوسہ کے الزامات سنجیدہ نوعیت کے ہیں، حکومتی اتحادی ہونے کے باوجود یہ صورتحال کیوں پیدا ہوئی؟ انہوں نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر صرف معاملے کا نوٹس نہ لیں بلکہ صاف شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا کے ایکشن بھی لیں۔

پنجاب میں سکول ٹیچنگ انٹرنز کی بھرتی کا شیڈول ایک بار پھر تبدیل

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سکول ٹیچنگ انٹرنز کی بھرتی کا شیڈول ایک بار پھر تبدیل کر دیا گیا۔ محکمے کی جانب سے بھرتی کیلئے درخواست دینے کی تاریخ میں دوسری بار توسیع کر دی گئی، آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 26 نومبر 2025 تک مقرر کی گئی ہے۔ میرٹ لسٹس یکم دسمبر 2025 کو اسکولوں کے نوٹس بورڈز پر لگیں گی، تحصیل لیول کمیٹی کی جانب سے شکایات کا ازالہ 2 سے 3 دسمبر 2025 تک ہوگا۔

سکولوں کی نجکاری کے تیسرے مرحلے کا آغاز دسمبر سے کرنے کا فیصلہ

4,500 پرائمری، مڈل اور ہائی سکول نجی آپریٹرز کو دیدیئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے دسمبر میں سکولوں کی نجکاری کے تیسرے مرحلے کا آغاز کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے جس کے تحت 4,500 پرائمری، مڈل اور ہائی سکول نجی آپریٹرز کو دیدیئے جائیں گے۔ اس سے پہلے صوبے بھر کے 12,500 سرکاری سکول پہلے ہی نجی شعبے کے حوالے کیے جا چکے ہیں۔ نئے منصوبے کے مطابق پنجاب میں وہ تمام سرکاری اسکول جن میں طلبہ کی تعداد 100 یا اس سے کم ہے، نجی اداروں کے حوالے کر دیئے جائیں گے۔ اس سلسلے میں متعلقہ حکام کو تازہ ترین فہرستیں فوری طور پر جمع کرانے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ ان سکولوں میں تعینات اساتذہ کو قریبی سکولوں میں یا سرپلس پول میں شامل کیا جائے گا، اس بار پہلی مرتبہ ہائی سکول بھی نجکاری کے عمل میں شامل کیے گئے ہیں۔

لیسکو نے نادہندہ نجی و سرکاری اداروں کے خلاف ریکوری مہم شروع، اقساط پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے نادہندہ نجی اور سرکاری محکموں و اداروں کے خلاف ریکوری مہم شروع کر دی اور ادائیگی کی اقساط پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق کرنٹ بلز پر اقساط کی سہولت نہ دینے کے احکامات جاری کر دیئے گئے، صارفین کو صرف بقایاجات کی مد میں اقساط کی سہولت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ نیپرا قوانین کے مطابق صارفین کو ایک سال میں صرف دو مرتبہ اقساط کی سہولت میسر ہے

کراچی: پریس کلب میں ریزیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے کلفٹن اور پی ای سی ایچ ایس میں پارکوں کی بحالی کے لیے منعقدہ کانفرنس سے راشا طارق خطاب کر رہی ہیں۔

پیپلز پارٹی کے امیدوار کے تحفظات پر تشویش ہے، راجہ پرویز اشرف

دوست محمد کھوسہ نے دھاندلی کے سنجیدہ الزامات لگائے ہیں، ن لیگ، پی پی معاہدہ تھا رنر اپ ضمنی الیکشن لڑے گا اور دوسری جماعت حمایت کریگی، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ این اے 185 ڈی جی خان میں پیپلز پارٹی کے امیدوار کے تحفظات پر تشویش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دوست محمد کھوسہ نے دھاندلی کے سنجیدہ الزامات لگائے ہیں، ن لیگ، پی پی معاہدہ تھا کہ رنر اپ ضمنی الیکشن لڑے گا اور دوسری جماعت حمایت کرے گی۔ مسلم لیگ ن کی طرف سے اس معاہدے کی پاسداری نہیں کی گئی۔

لاہور میں 10 ہزار سے زائد سرچ آپریشنز، بڑے پیمانے پر گرفتاریاں

5 ہزار 227 مشتبہ افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی' ترجمان لاہور پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کیلئے رواں سال کے دوران 10 ہزار 29 سے زائد سرچ آپریشنز کیے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ سرچ آپریشنز کے دوران 10 لاکھ 59 ہزار سے زائد افراد کی جانچ پڑتال کی گئی جبکہ 5 ہزار 227 مشتبہ افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 485 افراد کے خلاف مقدمات درج کیے گئے اور 1 ہزار 295 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ سرچ آپریشنز کے دوران منشیات کے 1 ہزار 114 مقدمات بھی درج کیے گئے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اور جرائم پیشہ گروہوں کی سرکوبی کیلئے سرچ آپریشنز میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر نوید رب صدیقی کو ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ کے عہدے سے ہٹا دیا گیا

کراچی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ اور گریڈ 20 کے حیوانیات کے پروفیسر ڈاکٹر نوید رب صدیقی کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ میرپورخاص کے ریجنل ڈائریکٹر اور گریڈ 20 کے پروفیسر میر چند اوڈ کو ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ مقرر کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر نوید رب صدیقی کو گورنمنٹ بوائز کالج گلستان جوہر کراچی کا پرنسپل مقرر کر دیا گیا ہے۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جمنازیم ہال میں نیشنل گیمز کے لئے بیڈمنٹن کے تربیتی کیمپ کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

سردیوں کی آمد سے قبل ہی کراچی میں گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ

کراچی (این این آئی) سردیوں کی آمد سے قبل ہی کراچی میں گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث شہری لکڑیوں پر کھانا پکانے پر مجبور ہیں۔ کراچی میں سردیوں کی آمد سے قبل ہی گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ جاری ہے، پی آئی بی کالونی اور گرد و نواح میں گزشتہ 20 روز سے جاری گیس کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی روزمرہ زندگی مفلوج کر دی ہے۔ موسم سرما کی آمد سے قبل ہی چولہے ٹھنڈے پڑ گئے اور شہری لکڑیوں یا مہنگے سلینڈر استعمال کر کے گزارا کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔

خواتین کی آواز، تحفظ اور خواب اہم ہیں، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری

ریاستِ پاکستان تمام خواتین اور بچیوں کی عزت، حقوق اور حفاظت کے لیے پُرعزم ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسلامی جمہوریہ پاکستان کی خاتونِ اوّل بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ خواتین کی آواز اہم ہے، ان کا تحفظ اور خواب اہم ہیں۔ یہ بات انہوں نے خواتین پر تشدد کے خاتمے کے بین الاقوامی دن پر جاری کیے گئے بیان میں کہی۔ آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ جہاں عورتیں خوف یا خاموشی کی زندگی گزاریں، وہ معاشرے ترقی نہیں کر سکتے، ریاستِ پاکستان تمام خواتین اور بچیوں کی عزت، حقوق اور حفاظت کے لیے پُرعزم ہے۔

دلچسپ اور عجیب

قالین دھونے والا دنیا کا پہلا روبوٹ متعارف

قالین کی صفائی ہمیشہ ہی ایک چیلنج رہی ہے تاہم اب ایک خودکار روبوٹ اس مشکل چیلنج کو قبول کرنے کے لیے تیار ہے۔ گھر کی صفائی کو مکمل خودکار بنانے کی سمت ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے، ایک امریکی کمپنی نے دنیا کا پہلا آل اِن ون کارپٹ واشنگ روبوٹ متعارف کروا دیا ہے۔ جسے آرٹو روبوٹن کا نام دیا گیا ہے، یہ انوکھا روبوٹ ویکیومنگ، واشنگ اور ڈرائینگ تینوں کام ایک ہی مشین میں انجام دیتا ہے۔ آرٹو روبوٹ جدید اے آئی نیویگیشن سسٹم کے ذریعے گھر کے ہر کونے کو کور کرتا ہے اور قالین کی ساخت کو پہچان کر خودکار طور پر صفائی کا کام انجام دیتا ہے۔ اس کی سب سے خاص بات یہ ہے اسے بالکل جدید روبوٹ ویکیوم کی طرح ایک ایپ کے ذریعے کنٹرول کیا جاسکتا ہے، جو فرش کا نقشہ تیار کرتی ہے اور خودبخود واشنگ، ڈرائینگ اور ویکیومنگ موڈز کے درمیان سوئچ کرتی ہے۔

ویوو کا انوکھا قدم، کیمرا کٹ کے ساتھ فون متعارف کرا دیا

اسمارٹ فونز بنانے والی چینی کمپنی 'ویوو' نے سب کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پہلی بار اسمارٹ فون کو کیمرا کٹ کے ساتھ متعارف کرا دیا۔ 'ویوو نے 'ایکس 300' اور 'ایکس 300' پرو کو متعارف کراتے ہوئے فونز کے ساتھ کیمرا کٹ بھی دے دی۔ کمپنی نے 'ویوو: ایکس 300' کو 31-6 انچ جب کہ 'ویوو: ایکس 100 پرو' کو 78-6 انچ اسکرین کے ساتھ متعارف کرایا ہے۔ 'ویوو: ایکس 300' کو 6040 ایم اے ایچ جب کہ 'ویوو: ایکس 300 پرو' کو 6510 ایم اے ایچ کی طاقتور بیٹری کے ساتھ پیش کیا ہے، دونوں فونز کو 40 واٹ کے فاسٹ اور 90 واٹ کے وائرلیس چارجرز کے ساتھ متعارف کرایا گیا ہے۔ دونوں فونز کو 12 اور 16 جی بی ریم جب کہ 256 اور 512 جی بی میموری کے ماڈلز میں پیش کیا گیا ہے، اسی طرح دونوں کو ایک ہی آپریٹنگ سسٹم اینڈرائیڈ 16 کے ساتھ متعارف کرایا گیا ہے۔

ریموٹ کنٹرول کار کی مدد سے زیرِ زمین پھنسی بلی کو نکال لیا گیا

امریکا میں ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا جب کھلونے والی کار سے پائپ میں پھنسی بلی کو بخیر و عافیت نکال لیا گیا۔ یہ واقعہ نیو یارک میں پیش آیا جہاں ایک بلی کا بچہ زیرِ زمین پائپ میں پھنس گیا تھا۔ اس تک پہنچنا انسانوں کے لیے ناممکن تھا۔ مقامی ریسکیو ٹیم نے ریموٹ کنٹرول کار میں ایک کیمرہ اور لائٹ نصب کر کے اسے پائپ کے اندر بھیجا۔ اس کار نے بلی کی درست مقام معلوم کرنے میں مدد دی۔ جب بلی کی جگہ کا پتا چل گیا تو ریسکیو عملے نے پائپ کا وہ حصہ کھود کر کھولا اور آخر کار کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد بلی کو محفوظ طور پر نکال لیا۔ یہ واقعہ نہ صرف ٹیکنالوجی کے مثبت استعمال کی ایک مثال ہے بلکہ جانوروں سے ہمدردی اور انسانیت کی خوبصورت جھلک بھی پیش کرتا ہے۔

کیوی کا پھل قبض سے نجات دلانے میں مددگار

ایک تازہ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ روزانہ چند کیوی پھل کھانا قبض دور کرنے کے لیے مددگار ہوتے ہیں، اس پھل کا متواتر اور یومیہ استعمال دائمی قبض سے نجات دلانے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق کیوی پھل فائبر سمیت دیگر غذائیتوں سے بھرپور ہوتا ہے جو نظام ہاضمہ کے لیے فائدہ مند ہوتے ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے 'بی بی سی' کے مطابق کنگز کالج لندن کے ماہرین نے دستیاب شواہد اور تحقیقات کے جائزے کے بعد نئی غذائی رہنمائی تیار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کیوی کے پھل قبض کا مسئلہ حل کرنے میں مددگار ہوتے ہیں۔ تحقیق کی سربراہ ڈاکٹر ایرینی دمیدی کے مطابق قبض کی 30 مختلف علامات ہو سکتی ہیں، انہوں نے مشورہ دیا کہ پروبائیوٹکس یا فائبر سے بھرپور غذا پر توجہ دینے کے بجائے پھلوں اور مشروبات کا استعمال بڑھایا جائے۔ ماہرین کی جانب سے تیار کردہ نئی تجاویز کے مطابق کچھ پروبائیوٹکس قبض کی علامات بہتر کر سکتے ہیں۔





یوٹیوب نے کم عمر صارفین کے لیے ذہنی صحت کی ویڈیوز تک رسائی آسان بنادی

ویڈیو اسٹریمنگ پلیٹ فارم یوٹیوب نے 13 سے 17 سال کے نوجوانوں کے لیے ایک نیا سیکشن متعارف کرایا ہے، جس کے ذریعے سے وہ ذہنی صحت کے موضوعات سے متعلق معلومات آسانی سے حاصل کر سکیں گے۔ ٹیکنالوجی ویب سائٹ کے مطابق یوٹیوب نے اعلان کیا ہے کہ وہ 13 سے 17 سال کی عمر کے نوجوانوں کے لیے ایک نیا اور خاص سیکشن متعارف کرانے جا رہا ہے۔

باغبانی کے شوقین شخص نے انتہائی وزنی کدو اگانے کا مقابلہ جیت لیا

امریکا میں ایک باغبانی کے شوقین شخص نے انتہائی وزنی کدو اگا کر 2025 سیف وے ورلڈ چیمپئن شپ پمپکن وے آف جیت لیا۔ امریکی ریاست کیلیفورنیا کے شہر ہالف مون بے میں منعقد ہونے والے 52 ویں عالمی چیمپئن شپ میں شہر سانٹا روزا کے برینڈن ڈاسن نے 1064 کلوگرام (2346 پاؤنڈز) کدو اگا کر چیمپئن شپ جیت لی۔

'سموسہ اسپیشلسٹ' کی چھری کانٹے سے سموسہ کھانے کی ویڈیو وائرل

برطانیہ سے تعلق رکھنے والے 'سموسہ اسپیشلسٹ' کی چھری کانٹے سے سموسہ کھانے کی ویڈیو نے انٹرنیٹ پر کھلبلی مچا دی۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں اسپیشلسٹ نے ایک ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے افراد کو انتہائی پُرتکلف انداز میں چھری اور کانٹے سے سموسہ کاٹ کر دکھایا۔ اس نے کانٹے سے پہلے سموسے کو ایک جگہ روکا اور پھر انتہائی محتاط انداز میں چھری سے سموسے کو نوک کی جانب سے کاٹا۔ انہوں نے وہاں بیٹھے لوگوں کو سموسے کا ٹکڑا کرنے کے بعد چٹنی چمچے سے پی کر بھی دکھائی۔

حشرات کش اسپرے سے کون سے پھل اور سبزیاں کم متاثر ہوتی ہیں، فہرست جاری

دنیا بھر میں پھلوں اور سبزیوں کو حشرات سے بچانے کے لیے مختلف قسم کے کیمیکلز کے اسپرے کیے جاتے ہیں، تاہم ان میں کئی کیمیکلز ایسے ہیں جو پھلوں اور سبزیوں کے چھلکوں سے اندر سرایت کر جاتے ہیں۔ اس عمل کے نتیجے میں یہ پھل اور سبزیاں مضرِ صحت کیمیکلز سے متاثر ہو جاتی ہیں اور کئی امراض کا سبب بن سکتی ہے۔ امریکہ کی انوائرمنٹل ورکنگ گروپ (ای ڈبلیو جی) کے محققین نے پھلوں اور سبزیوں پر حشرات کش اسپرے کے اثرات کو جانچنے کے بعد کلین ففٹین کے نام سے ایک نئی اصطلاح متعارف کرائی ہے۔ اس میں ان پھلوں اور سبزیوں کو شامل کیا گیا ہے جو حشرات کش اسپرے سے سب سے کم متاثر ہوتی ہیں اور اسپرے کے باوجود ان میں مضرِ صحت اثرات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔

شوہر میک اپ کر کے ہو بہو بیوی کی طرح دکھنے لگا، شناخت کرنا بھی چیلنج بن گیا

جنوبی چین سے تعلق رکھنے والے ایک جوڑے نے انٹرنیٹ صارفین کو اپنی وائرل تصاویر اور ویڈیوز سے دنگ کر دیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ دونوں دیکھنے میں ایک جیسے ہی نظر آرہے ہیں اور لوگوں نے تو قیاس آرائی شروع کر دی وہ بچپن میں بچھڑ جانے والے جڑواں بہن بھائی ہیں۔ چین کے صوبے گوانگ ڈونگ کے علاقے Dongguan سے تعلق رکھنے والے ہیشیان شینگ اور ان کی اہلیہ لیانگ شیاؤ دونوں کی عمریں 20 سے 30 سال کے درمیان ہے۔ ان دونوں کو چینی سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر تصاویر اور ویڈیوز شیئر کرنے پر شہرت حاصل ہوئی ہے کیونکہ ان کے چہرے حیران کن حد تک ایک دوسرے سے ملتے جلتے نظر آتے ہیں۔ ایسی ایک ویڈیو میں پوچھا گیا تھا کہ 'شوہر کون ہے، بیوی کون ہے؟'

SHOWBIZ شوبز

نیٹ فلیکس کے بعد ایچ بی او میکس کی سروس پاکستان میں متعارف

امریکی ملٹی نیشنل سٹریمنگ ویب سائٹ ایچ بی او میکس کی سروس پاکستان اور بنگلہ دیش سمیت متعدد ایشیائی اور دنیا کے دیگر ممالک میں شروع کردی گئی۔ ایچ بی او میکس کی ویب سائٹ کے مطابق پاکستانی صارفین 15 اکتوبر سے اسٹریمنگ کے لیے سبسکرپشن شروع کر سکیں گے، صارفین مرضی کے مطابق ماہانہ اور سالانہ سبسکرپشن حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ سبسکرپشن اسٹریمنگ سروس ایچ بی او میکس نے اپنی سروس پاکستان، بنگلہ دیش اور سری لنکا سمیت 15 نئے ممالک میں شروع کی ہے، باقی ممالک میں کمبوڈیا، مکاؤ اور یوکرین بھی شامل ہیں۔ نئے ممالک کے سبسکرائبرز ایچ بی او میکس اور ایجنلز، ہیری پوٹر، ڈی سی یونیورس، وارنر بروس اور ڈسکوری کے مواد تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔ ویب سائٹ پر بڑے پیمانے فلمیں، ویب سیریز، پوڈکاسٹس، ٹاک شوز، دستاویزی فلمیں، ڈرامے اور ریئلٹی شوز سمیت ہر طرح کا مواد دستیاب ہے۔ ویب سائٹ کے مطابق پاکستانی صارفین ماہانہ 467 روپے کے عوض ویب سائٹ کی بنیادی سبسکرپشن حاصل کر سکیں گے۔

ماہرہ خان کا خوبصورت روایتی جوڑا سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز

پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ماہرہ خان کا خوبصورت روایتی جوڑا امریکا میں تقریب کے دوران خصوصی توجہ کا مرکز بن گیا۔ ماہرہ خان اکثر اہم تقریبات میں اس طرح کے ملبوسات زیب تن کیے نظر آتی ہیں جو روایتی انداز اور نت نئے اسٹائلز کو ملا کر تیار کیے گئے ہوتے ہیں۔ حال ہی میں امریکا میں فنڈ اکٹھا کرنے کے لیے منعقد کی گئی ایک تقریب میں بھی اداکارہ نے مشہور ڈیزائنر اقبال حسین کے اسی طرح ایک جوڑے کا انتخاب کیا۔ ماہرہ خان کے آسمانی رنگ کے ریشمی جوڑے پر بہت خوبصورت کڑھائی سے مزین ہے۔ اس تقریب سے اداکارہ کی ویڈیو سوشل میڈیا کے مختلف پیجز پر وائرل ہوگئی ہے۔

بچے تنگ کرتے ہیں اس لیے ملازمہ کا پاسپورٹ بنوا رہا ہوں

اداکار منیب بٹ نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے بچے سفر کے دوران اکثر بے چین اور چڑچڑے ہو جاتے ہیں، جس کی وجہ سے اہلیہ ایمن خان سفر کو مکمل طور پر انجوائے نہیں کر پاتیں، اسی لیے انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ بیرونِ ملک سفر کے لیے گھریلو ملازمہ کا پاسپورٹ بنوایا جائے تاکہ وہ بچوں کو سنبھال سکے۔ اداکار نے بتایا کہ اگر بچے غلطی کریں تو وہ انہیں ڈانٹ بھی دیتے ہیں، ایک واقعہ شیئر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ایک دن ہم گاڑی میں جا رہے تھے اور امل کی گھریلو ملازمہ بھی ساتھ تھی، جسے امل نے ماسی کہہ دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سن کر انہوں نے فوراً گاڑی سائیڈ پر روک دی اور امل سے پوچھا کہ تم نے یہ لفظ کیوں کہا، اس کے بعد امل کو سمجھایا کہ وہ تمہاری ماسی نہیں بلکہ آپی ہیں۔

یہ ہفتہ کیسا رہے گا؟ مریم اختر چوہدری

حمل
گذشتہ ہفتے حاصل کیا گیا مالی فائدہ اس ہفتے اخراجات کی مد میں الٹتا دکھائی دیتا ہے۔ اپنی آرام گاہ کی تزئین و آرائش کر سکتے ہیں۔

میزان
آپ کے اعصاب پر بزنس مکمل طور پر سوار ہونے جا رہا ہے، کیوں کہ کچھ نئی آفرز آپ کے بزنس کے پھیلاؤ میں مددگار ثابت ہونے والے ہیں۔

ثور
آپ سیارہ زہرہ اپنے شرفی برج میں آچکا ہے، جہاں یہ آپ کو کئی طرح کی کامیابیوں سے ہمکنار کرے گا۔ آپ کے کیریر میں تبدیلی زیر تکمیل رہے ہیں۔

عقرب
آپ کا زیادہ وقت مارکیٹ اور پبلک ڈیلنگ میں ہی گزر رہا ہے۔ آپ کے حالات کی ڈور آپ کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ کئی بار آپ بے بس ہوئے ہیں

جوزا
سوشل میڈیا اور پبلسٹی کے مقامات پر آپ چمکتے نظر آتے ہیں۔ آپ کی خوش قسمتی کا سیارہ آپ کے ساتھ مکمل تعاون کر رہا ہے۔

قوس
نیند متاثر ہوسکتی ہے کیوں کہ کام میں کچھ مشکلات ہوسکتی ہیں۔ آپ کی جاب آپ کو سفر پر لے جاسکتی ہے لیکن یہ سفر رابطہ میں نئے راستے ایک نہیں دو یا تین ہو سکتے ہیں۔

سرطان
گذشتہ ہفتے کی الجھنیں اور خوف و خدشات جنہوں نے آپ کو ذہنی طور پر اپنے محور میں چکرا رکھا تھا، وہ اس ہفتے ختم ہو جائیں گے۔

جدی
پرانے مالی مسائل سر اٹھا سکتے ہیں، سفر ہوسکتا ہے، آپ کا ازدواجی یا بزنس پارٹنر آپ کے خوش بختی کا باعث بن سکتا ہے۔

اسد
آپ کا سیارہ ایسے مقام سے گزر رہا ہے، جیسے پرانے دور میں خطرناک جنگل سے کوئی انسان گزرتا تھا۔ ایسے وقت میں آپ کا محتاط رہنا اور سوچ سمجھ کے قدم اٹھانا۔

دلو
وراثتی جائیداد اور جھگڑے بیدار ہوسکتے ہیں۔ آپ کے اعتماد میں بہتری آچکی ہے اور آپ پہلے سے بہتر انداز میں اپنے کاموں کو سرانجام دے رہے ہیں۔

سنبلہ
بچوں اور ازدواجی ساتھی کی صحت اور ان سے تعلقات میں خرابی ہوسکتی ہے۔ اس دورانیے میں آپ کو بیرون ملک سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔

حوت
آپ کی صحت کو پرانے اور نئے امراض متاثر کر سکتے ہیں۔ آپ کا زیادہ وقت تنہائی، اسپتال اور کمرے میں بند گزر سکتا ہے۔



میرے گھر والے ایک ہی علیزے کو برداشت کر سکتے تھے اس لیے میری کوئی بہن نہیں: علیزے شاہ

بطور چائلڈ آرٹسٹ اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ علیزے شاہ ابھرتی ہوئی چائلڈ اسٹار نازیہ زینب کے ساتھ موازنے پر بھڑک اٹھیں۔ سوشل میڈیا پر ویڈیو شیئر کرتے ہوئے انہوں نے ایک بار پھر باڈی شیمنگ کرنے والوں اور ساتھی فنکاروں سے موازنے پر اپنے غصے کا اظہار کیا۔ انہوں نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ میرے گھر والوں کو پتہ تھا کہ وہ ایک ہی علیزے کو برداشت کر سکتے ہیں تو میں صرف ایک ہی تھی۔



خواتین سے دور رہنے کی شرط پر اداکاری کی اجازت ملی

ماضی کے مقبول اور رومانوی ہیرو عجب گل نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں شوبز کی خواتین سے دور رہنے اور کبھی خواجہ سرا کا کردار ادا نہ کرنے کی شرط پر خاندان کی جانب سے اداکاری کی اجازت ملی۔ عجب گل نے حال ہی میں مزاحیہ شو 'مذاق رات' میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ انہوں نے 1985 میں پاکستان ٹیلی وژن پشاور سے کیریئر کے آغاز کیا۔

سونیا حسین اور فیصل قریشی کی ہارر فلم 'دیمک' کا ہیوسٹن میں شاندار پریمیئر

سونیا حسین اور فیصل قریشی کی ہارر فلم 'دیمک' نے اپنی کامیابی کا سفر بین الاقوامی سطح پر بھی جاری رکھتے ہوئے امریکا کے شہر ہیوسٹن میں پریمیئر پر شائقین کو متاثر کر دیا۔ پاکستان میں تقریباً 20 کروڑ روپے کی کمائی کرنے والی 'دیمک' نے ناظرین کو اپنے خوف اور حقیقت کے منفرد امتزاج سے مسحور کر دیا ہے۔ گزشتہ روز 'دیمک' کا امریکا کے شہر ہیوسٹن میں شاندار پریمیئر منعقد ہوا، جس میں شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ہیوسٹن کے اسٹار سنیما گرل میں ہونے والے ریڈ کارپٹ پریمیئر میں پاکستانی، بھارتی اور جنوبی ایشیائی کمیونٹی کے سینکڑوں افراد شریک ہوئے۔ تقریب میں فلم کے مرکزی اداکار فیصل قریشی، سونیا حسین، ہدایت کار رافع راشدی، پروڈیوسر سید مراد علی کے ساتھ ساتھ معروف اداکار اعجاز اسلم، عدنان صدیقی اور محب مرزا بھی موجود تھے۔

ناران میں جنات موجود ہیں، رات کے وقت دروازہ خود کھلتا رہا

اداکارہ حرا سومرو نے انکشاف کیا ہے کہ ناران میں جنات موجود ہیں اور وہاں پیرانارمل واقعات عام ہیں۔ حرا سومرو نے حال ہی میں ایف ایچ ایم پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے دلچسپ اور منفرد خیالات کا اظہار کیا۔ حرا سومرو نے نوجوانوں کے تعلقات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لڑکے اور لڑکیوں کو بوائے فرینڈ اور گرل فرینڈ کے رشتے میں رہ کر ایک دوسرے کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ اس طرح لڑکیوں کی عمر زیادہ لگنے لگتی ہے اور پھر جب رشتہ لینے کی بات آتی ہے تو لڑکوں کی مائیں انکار کر دیتی ہیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ بعض لڑکوں کی مائیں گوری بہو کی خواہش رکھتی ہیں، حالانکہ اگر ان کا بیٹا کالا ہے تو بچوں کی رنگت بھی سانولی یا گندمی ہی ہوگی۔

ضمنی انتخابات میں ن لیگ کی جیت

قومی اور پنجاب اسمبلی کی 13 نشستوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات کے غیر سرکاری غیر حتمی نتائج کے مطابق حکمران جماعتوں نے تمام نشستیں جیت لیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) مظفر گڑھ سے صوبائی اسمبلی کی نشست پی پی۔269 پر کامیاب ہوئی یوں اِس نے پنجاب اسمبلی کی ایک نشست جیتی جبکہ قومی اور پنجاب اسمبلی کی باقی تمام نشستوں پر مسلم لیگ ن کا پلڑا بھاری رہا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ضمنی انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ فتح مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی بے مثال قیادت اور کارکنان کی محنت کا نتیجہ ہے، عوام نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی صوبے کے لیے محنت اور خدمت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، جیت حکومتی کارکردگی اور مسلم لیگ (ن) کے عوامی خدمت کے جذبے پر اُن کے اعتماد کی عکاس ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ ضمنی الیکشن میں مقبولیت کے دعوے زمین بوس ہو گئے، یہ ریفرنڈم تھا جس میں پنجاب اور خیبر پختونخوا کے عوام نے مسلم لیگ (ن) کے حق میں فیصلہ دیا، عوام نے اِس کی کارکردگی پر اعتماد کرکے ووٹ دیا، پرفارمنس سے بہتر کوئی بیانیہ ہو ہی نہیں سکتا۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے ایک نجی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ضمنی انتخابات میں پی ٹی آئی کے بائیکاٹ پر عوام نے مکمل عمل کیا جس کے نتیجے میں ووٹر ٹرن آؤٹ 10 فیصد سے بھی کم رہا جبکہ پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما اسد قیصر نے الیکشن کمیشن پر این اے۔18 کے انتخابی نتائج تبدیل کرنے کا الزام لگایا۔ اُن کے مطابق پی ٹی آئی کی امیدوار قریباً 25 ہزار ووٹوں سے جیت رہی تھیں۔ یاد رہے کہ رواں سال اگست میں الیکشن کمیشن پاکستان نے 9 مئی کے مقدمات میں انسدادِ دہشت گردی کی مختلف عدالتوں سے سزا پانے والے پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے اراکین اسمبلی کو نااہل قرار دے دیا تھا۔ اِن سمیت دیگر خالی ہونے والی نشستوں پر اتوار کو ضمنی انتخابات ہوئے۔ نااہل ہونے والے اراکین میں قومی اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان کے علاوہ قومی اسمبلی کی زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا، رائے حسن نواز اور رائے حیدر علی خان شامل تھے جبکہ پنجاب اسمبلی سے محمد انصر اقبال، جنید افضل ساہی اور رائے محمد مرتضیٰ اقبال نااہل قرار پائے تھے۔ فیصل آباد میں قومی اسمبلی کے دو جبکہ صوبائی اسمبلی کے تین حلقوں میں ضمنی انتخابات ہوئے۔

تحریکِ انصاف نے اعلان کیا تھا کہ جن حلقوں سے اُن کے ارکان اسمبلی نااہل ہوئے اُن پر وہ اُمیدوار کھڑے نہیں کرے گی تاہم این اے۔18 ہری پور سے عمر ایوب کی اہلیہ نے اگرچہ آزاد حیثیت میں انتخاب لڑا لیکن اُنہیں تحریک انصاف کی مکمل حمایت حاصل تھی، پی ٹی آئی نے یہاں بھرپور انتخابی مہم بھی چلائی۔ پی ٹی آئی پنجاب کی ترجمان عالیہ حمزہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر لکھا تھا کہ بائیکاٹ کی وجہ سے حلقہ این اے۔129 کے سوا پی ٹی آئی ووٹر پولنگ سٹیشنوں کا رُخ نہ کریں۔ لاہور میں تحریک انصاف الیکشن لڑ رہی تھی کیونکہ یہ نشست سابق گورنر پنجاب میاں اظہر کی وفات کی وجہ سے خالی ہوئی تھی۔ اِس حلقے سے 2024ء کے انتخابات میں اُنہوں نے مسلم لیگ ن کے حافظ نعمان کو 30 ہزار سے ووٹوں شکست دی تھی تاہم اب اُن کے قریبی عزیز ارسلان چودھری کو 30 ہزار سے بھی کم ووٹ ملے۔ قومی اسمبلی کے جن دیگر حلقوں میں ضمنی انتخابات ہوئے اُن میں این اے۔18 ہری پور، این اے 96 فیصل آباد، این اے 104 فیصل آباد، این اے 143 ساہیوال اور این اے 185 ڈیرہ غازی خان شامل تھے۔ پنجاب اسمبلی کے سات حلقوں میں پی پی 73 سرگودھا، پی پی 98 فیصل آباد، پی پی 115 فیصل آباد، پی پی 116 فیصل آباد، پی پی 203 ساہیوال، پی پی 269 مظفر گڑھ اور پی پی 87 میانوالی میں ضمنی انتخاب کرائے گئے۔ وفاقی حکومت نے اِن ضمنی انتخابات کے لیے سول آرمڈ فورسز کی تعیناتی کی منظوری دی تھی جس کے تحت فوج اور سول آرمڈ فورسز بطور "کوئیک ری ایکشن فورس تعینات" تھیں جبکہ پنجاب میں ضمنی انتخابات کے موقع پر صوبے کی قومی اور صوبائی نشستوں پر 20 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کیے گئے تھے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) کے ضابطہ اخلاق کے مطابق مسلح افواج کے جوان اُن پولنگ سٹیشنوں کے باہر تعینات تھے جنہیں "انتہائی حساس" قرار دیا گیا تھا، کُل 792,2 پولنگ سٹیشنوں میں سے 408 کو انتہائی حساس اور 032,1 کو حساس قرار دیا گیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے پولنگ سٹیشنوں کی مانیٹرنگ کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے بھی نصب کر رکھے تھے۔ ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کو نمایاں کامیابی حاصل ہوئی، سیاسی ناقدین کا خیال تھا کہ قومی اسمبلی کی لاہور اور ہری پور کی نشستوں پر مقابلہ سخت اور اہم ہو گا کیونکہ وہاں پی ٹی آئی جیت کے لیے بھرپور زور لگائے گی لیکن یہ دو نشستیں بھی مسلم لیگ ن لیگ کے نام ہوئیں۔ پیپلز پارٹی کے امیدوار سابق وزیراعلیٰ پنجاب دوست محمد کھوسہ این اے۔185 ڈیرہ غازی خان سے میدان میں تھے لیکن وہ بھی ن لیگ کے امیدوار سے ہار گئے۔

یاد رہے کہ گذشتہ برس ہونے والے انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن کو کالعدم قرار دیتے ہوئے اُس کا انتخابی نشان "بلا" واپس لے لیا تھا، تحریک انصاف جب اِس معاملے پر سپریم کورٹ گئی تو وہاں بھی الیکشن کمیشن کے فیصلے کو درست قرار دے دیا گیا۔ گذشتہ عام انتخابات میں پی ٹی آئی کے اُمیدوار تحریک انصاف کی چھتری تلے انتخابات نہیں لڑ سکے تھے بلکہ اُنہوں نے آزاد حیثیت میں الیکشن میں حصہ لیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے اُنہیں منفرد اور مختلف انتخابی نشان الاٹ کیے تھے، اِن ضمنی انتخابات میں بھی این اے۔18 ہری پور سے پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ عمر ایوب کی اہلیہ شہرناز کو کیتلی جبکہ این اے۔129 میں پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ حماد اظہر کے بھانجے ارسلان احمد کا انتخابی نشان گیز رتھا۔

حالیہ انتخابات میں فیصل آباد سے وزیرِاعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ کے داماد احمد شہریار اور وزیرِ مملکت طلال چوہدری کے بھائی بلال چوہدری کامیاب ہوئے۔ بی بی سی اردو کے مطابق پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپرنسی (پلڈاٹ) کے سربراہ کا کہنا تھا کہ اِن انتخابات کے نتائج کا قومی یا صوبائی اسمبلیوں میں پارٹی پوزیشن پر کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ حکمران اتحاد کے پاس پہلے ہی دو تہائی اکثریت ہے تاہم پی ٹی آئی کو اِن انتخابات کا بائیکاٹ کرنے کے بجائے اِن میں بھرپور حصہ لینا چاہیے تھا، انتخابات سیاسی ماحول کو گرمانے کا ایک موقع ہوتے ہیں جسے پی ٹی آئی نے ضائع کر دیا۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کی نظر میں ن لیگ کی سیاسی پوزیشن پہلے سے بہتر ہے، وفاق میں شہباز شریف اور پنجاب میں مریم نواز نے ڈیلیور کیا جس کی وجہ سے اُنہیں ووٹ ملا۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پنجاب میں پی ٹی آئی نے نشان چھن جانے کے باوجود 2024ء کے عام انتخابات میں ن لیگ کے ساتھ سخت مقابلہ کیا تھا تاہم ضمنی انتخابات میں بائیکاٹ کرکے اِس نے ن لیگ کے لیے میدان کھلا چھوڑ دیا جس کی وجہ سے وہ کلین سویپ کر گئی۔ پی ٹی آئی کو اِس وقت موثر حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، ایک طرف وہ انتخابات کے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہیں اور دوسری طرف دو حلقوں میں وہ اپنے حمایت یافتہ امیدوار بھی کھڑے کرتے ہیں۔ اِس حوالے سے اُن کا جو بھی موقف ہو، ووٹر کو اتنی باریکیاں سمجھ نہیں آتیں اور وہ مخمصے کا شکار ہو جاتا ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ انتخابات کا بائیکاٹ کرنا بھی کوئی دانشمندانہ فیصلہ نہیں تھا، اُسے یہ بات سمجھنا چاہئے کہ احتجاج کی سیاست سے اُسے کچھ حاصل نہیں ہو گا، اپنی پوزیشن واضح کرنے کے لئے اُسے عوام کے پاس جانا پڑے گا، نظام کا حصہ بن کر ہی وہ اپنا کردار موثر انداز میں ادا کر سکتی ہے۔ ماضی میں جس نے بھی انتخابات کا بائیکاٹ کیا اور میدان کھلا چھوڑا اُسے بعد میں پچھتانا ہی پڑا، اِس فیصلے سے ہمیشہ سیاسی مخالف ہی کو فائدہ ہوا۔ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات آئندہ سال کے ابتدائی ماہ میں متوقع ہیں، حالیہ نتائج سے یقیناً مسلم لیگ ن کے حوصلے بلند ہوئے ہیں، تحریک انصاف اگر بلدیاتی انتخابات میں کارکردگی دکھانا چاہتی ہے تو اُسے اپنی اندرونی تقسیم اور کمزور ہوتے ڈھانچے سمیت دیگر مسائل کے حل کی طرف توجہ دینا ہوگی۔

سسٹم کا بحران اور امکانی خدشات

سلمان عابد

پاکستان کا بحران سیاسی، سماجی، معاشی، سیکیورٹی یا محض انتظامی نوعیت کا ہی نہیں بلکہ مجموعی طور پر یہ سسٹم میں موجود بڑے بحران کی عکاسی کرتا ہے۔ اس بحران سے مراد ایک ایسا سسٹم ہے جہاں اداروں کے درمیان بھی اختیارات کی کشمکش ہے جب کہ سیاست میں بھی تناؤ اور ٹکراؤ کی صورتحال ہے جہاں آئین وقانون کی بالادستی یا جمہوری اقدار کے مقابلے میں جوڑتوڑ اور مفادات کی لڑائی ہے۔

اس لڑائی میں پورا نظام اپنی اپنی سیاسی، آئینی، قانونی یا انتظامی حدود یا دائرہ کار میں کام کرنے کے بجائے ایک دوسرے کے کام میں مداخلت کرکے عملی طور پر بحران کو اور زیادہ گہرا کر رہے ہیں۔ چند برس قبل ملک کے ایک معروف سیاسی دانشور، لکھاری اور علمی وفکری شخصیت فرخ سہیل گوئندی نے ایک کتاب ''بکھرتا ہوا سماج''، لکھی تھی۔ اس کتاب میں انھوں نے ریاست کے بحران کا بڑی گہرائی سے جائزہ لیا تھا اور ان محرکات کا تجزیہ کیا تھا کہ کیسے ریاست کا نظام کمزوری کی طرف بڑھ رہا ہے۔ آج جب پاکستان کے ریاستی، سیاسی اور علاقائی یا عالمی سطح پر موجود مشکلات کو دیکھتا ہوں تو ان کی کتاب ''بکھرتا ہوا سماج'' سامنے آتی ہے۔

ان کے بقول جب اقتدار کی کشمکش یا تناؤ گہرا ہوجائے اور معاملات چند افراد یا خاندان کے مفادات تک محدود ہوجائیں تو پھر نظام کی اصلاح اور زیادہ مشکل ہوجاتی ہے۔ لیکن شاید کوئی بھی اقتدار میں شامل افراد یا فیصلہ ساز یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ ان کی باہمی لڑائی یا اقتدار کی اس جاری جنگ نے نظام کو نئے نئے بحرانوں میں دھکیل دیا ہے۔ اسی طرح وہ کہتے ہیں کہ ریاست کا نظام سماجی تشکیل اور سماجی ارتقا، سوچ، فکر اور طرز عمل سے ہی جڑا ہوتا ہے۔ جب کہ ہمارا سماجی، تہذیبی، ثقافتی، علمی اور فکری ڈھانچہ انحطاط کا شکار ہے اور اسی وجہ سے معاشرے میں دانشورانہ کردار بھی مایوس کن نظر آتا ہے۔

یہ بات کافی حد تک بجا ہے جب سیاست، جمہوریت، انتظامیہ، قانون اور سماجی انصاف پر مفادات غالب ہوجائیں تو وہاں عملی طور پر ریاست کا کنٹرول اشرافیہ کے ہاتھ میں چلا جاتا ہے۔ ان کی بالادستی نمایاں ہوتی ہے اور سیاسی وسماجی عمل کمزوری کا سبب بنتا ہے۔ اصل میں حکمرانی اور سماجی سطح پر نظام کی درستگی کبھی بھی ہماری ترجیحات کا حصہ نہیں رہی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ نظام پر کنٹرول کرکے ہم آگے بڑھ سکتے ہیں، یہ درست حکمت عملی نہیں۔ یہ کہنا کہ حکمرانی کا نظام درست سمت کی طرف بڑھ رہا ہے اس خوش فہمی سے بھی ہمیں باہر نکل کر حقائق کا ادراک کرنا چاہیے۔ کیونکہ عالمی ممالک اور ترقی کو جانچنے والے اہم ادارے بھی ہمارے حکمرانی کے مجموعی نظام پر سخت تنقید کر رہے ہیں۔ یہ معاملہ محض موجودہ حکمرانوں تک محدود نہیں بلکہ ماضی اور حال کے حکمرانوں کی نااہلی اور کمزور ترجیحات کا حصہ رہا ہے اور ہم سب ہی اس کے ذمے دار ہیں۔

حال ہی میں آئی ایم ایف کی رپورٹ ''گورننس اور کرپشن'' کے تحقیقاتی جائزہ میں پاکستان میں ہمیشہ سے موجود کرپشن سمیت بدعنوانی سے جڑے مسائل پر سخت گرفت کی گئی ہے۔ ان اہم مسائل کو کسی ایک حکومت تک محدود کرکے تجزیہ پیش نہیں کیا گیا بلکہ نظام کی سطح پر بنیادی کمزوریوں اور گورننس کی ناکامی کی بنیاد پر پیش کیے گئے ہیں اور بتایا گیا ہے کہ یہ مسائل اور ناکامیاں کس طرح سے ملک کے معاشی مسائل کا حل پیش کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔

اسی رپورٹ میں پاکستان کے غیر شفاف نظام، کمزور ٹیکس نظام، ریاستی اور حکومتی اداروں کی بدانتظامی، عدالتوں یا عدلیہ کے محاذ پر پرانے اور فرسودہ قوانین کی وجہ سے معاہدوں کے نفاذ یا ملکیت کے حقوق میں رکاوٹوں، سیاسی بنیادوں پر اداروں کو کمزور کرنا اور ان میں سیاسی مداخلت، مالی صوابدید کے مسائل، انسداد بدعنوانی کا کمزور ڈھانچے، معاشی ترقی کے تناظر میں نئے اداروں کی تشکیل پر سوالات، شفافیت، قانونی چھوٹ پر بحث کرتی ہے اور ہمیں مجموعی طور پر جھنجھوڑتی ہے۔ اس رپورٹ کا بنیادی ماخذ یہ ہے کہ جس ریاست کا نظام غیر شفافیت پر مبنی ہوتا ہے تو ایسی ریاست کی اصلاح ممکن نہیں ہوسکتی۔

یہ نقطہ بھی اٹھایا گیا ہے کہ معلومات تک رسائی کا نہ ہونا عملدرآمد، نگرانی اور شفافیت کے عمل کو بھی متاثر کرتا ہے۔ جو پندرہ نکاتی سفارشات پیش کی گئی ہیں ان کا ہدف ادارہ جاتی ڈھانچوں میں موجود وہ کمزوریاں ہیں جو مفاداتی نظام کو ہی مضبوط بناتی ہیں۔ اسی طرح سرمایہ کاروں کے اعتماد کو کمزور کرنا اور چند افراد تک نوازشات کی بارش مخصوص طبقہ کی ترقی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ ان کے بقول موجودہ نظام کسی بھی طور پر عوامی مفادات کے تحفظ کو ممکن نہیں بناتا اور یہ عمل ریاست اور شہریوں کے درمیان اعتماد کے بحران کو اور زیادہ سنگین کرنے کا سبب بن رہا ہے۔

یقینی طور پر پاکستان کے نظام میں کرپشن اور بدعنوانی ہمیشہ سے ایک سنگین مسئلہ رہا ہے۔ لیکن یہاں کا طاقت ور طبقہ نہ تو اسے مسئلہ سمجھنے کے لیے تیار ہے اور بلکہ ایک قدم آگے بڑھ کر موجودہ سرمایہ دارانہ نظام میں اسے استثنیٰ دے کر جواز فراہم کرتا ہے۔ ہم نے کرپشن اور بدعنوانی کو بنیاد بنا کر اس کے خاتمہ میں کئی اہم ادارے بشمول نیب بھی بنایا۔ لیکن ہم نے ان اداروں کو اپنے مخالفین کے خلاف زیادہ استعمال کیا ہے۔

ہم نے جو بھی ادارے بنائے ان کے پیچھے شفافیت کا عمل کم اور سیاسی مفادات زیادہ اہم ہوتے ہیں۔ اسی رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے طاقت ور طبقات کا جو باہمی گٹھ جوڑ ہے وہ کس طرح سے ریاستی نظام کو کمزور کرنے کا سبب بن رہا ہے۔ اگر پاکستان کرپشن اور بدعنوانی پر قابو پالے تو وہ اگلے پانچ برسوں میں اپنی شرح نمو پانچ سے ساڑے چھ فیصد تک بڑھا سکتا ہے۔ لیکن اس کے لیے پاکستان کو اپنے بنیادی مسائل کے حل کے لیے سخت گیر اقدامات کو ممکن بنانا ہوگا۔ لیکن یہ سب کچھ اسی صورت میں ممکن ہوگا جب اس ملک کا حکمران اور طاقت ور طبقہ ریاستی اداروں اور وسائل کو ذاتی طور پر استعمال کرنے کی پالیسی سے گریز کرے۔

ہم اصلاحات پر زور تو بہت دیتے ہیں مگر سوال یہ ہے کیا ان اصلاحات کی بنیاد پر تبدیلی کا عمل عام آدمی کو پہنچ رہا ہے تو جواب نفی میں نظر آتا ہے۔ کیونکہ آئی ایم ایف کے مطابق سب سے بڑے مسائل عدلیہ، پولیس اور خریداری کا نظام ہے مگر اس پر کوئی عملی توجہ دیکھنے کو نہیں مل رہی۔

تم ڈاکٹر نہیں دہشت گرد ہو

وسعت اللہ خان

انیس سو انچاس کے جنیوا کنونشن کے تحت حالتِ جنگ میں طبی مراکز اور عملے کا مکمل تحفظ متحارب فریقوں کی بنیادی ذمے داری ہے۔ کسی بھی طبی مرکز یا عملے کو جان بوجھ کر مادی یا جانی نقصان پہنچانے کی کارروائی بھلے کسی بھی جواز کی آڑ میں کی جائے، اسے انسانیت کے خلاف جرم تصور کیا جائے گا۔

عالمی میڈیکل ایسوسی ایشن (صدر دفتر جنیوا) کے بنیادی منشور کے مطابق طبی عملے کو کسی بھی انسانی یا قدرتی بحران میں بلاامتیاز و رکاوٹ اپنے پیشہ وارانہ حلف کی پاسداری کرتے ہوئے صرف انسانیت کی خدمت پیشِ نظر رکھنی چاہیے۔ معالجوں کو غیر جانبدار رہنا چاہیے تاہم سیاست یا کسی اور دباؤ کے سبب بنیادی طبی اخلاقیات خطرے میں پڑ جائیں، تب طبی ضوابط کے تحفظ کے لیے بولنا ضروری ہے۔ کیونکہ طب محض کوئی سائنسی شعبہ یا پیشہ نہیں بلکہ انسانی فریضہ ہے اور جب فرض کی حرمت خطرے میں پڑ جائے تو خاموش رہنا بھی جرم کے دائرے میں آتا ہے۔

اس تناظر میں یہ جائزہ لینا ضروری ہے کہ عالمی سطح پر طبی سائنس اور پیشے سے وابستہ اداروں، افراد اور تحقیقی رسائل نے اب تک مقبوضہ فلسطین کے انسانی وطبی بحران پر کیا موقف اختیار کیا؟ آیا خاموشی میں عافیت جانی یا آواز بلند کی؟

اس سوال کے جواب سے بھی پہلے مسئلے کی سنگینی دیکھنا ضروری ہے۔ عالمی ادارہِ صحت سمیت اقوامِ متحدہ کے متعلقہ اداروں کے مطابق موجودہ جنگ بندی (دس اکتوبر) سے پہلے تک غزہ کے صحت مراکز پر سات سو اسی حملے ہوئے۔ پچانوے فیصد ایمبولینسیں اور تمام بڑے اسپتال تباہ ہوگئے۔ صحت کے شعبے کے سترہ سو بائیس افراد شہید ہوئے۔ چار سو اکتیس کو اسرائیلی فوج نے اغوا کیا۔ مغویوں میں غزہ اور مغربی کنارے پر کام کرنے والے پچانوے ڈاکٹر اور طبی کارکن بھی شامل ہیں۔

ان میں سے تین سو کو پوچھ گچھ اور ٹارچر کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ مگر جو ڈاکٹر اب بھی قید ہیں، ان میں شمالی غزہ کے کمال ادوان اسپتال کے ڈائریکٹر حسام ابوصفیہ نمایاں ہیں۔ حسام کو ڈیوٹی کے دوران بمباری سے اپنے بیٹے کی شہادت کی اطلاع ملی مگر حسام بدستور مریضوں کے ساتھ رہے۔ حسام کو گزشتہ سال دسمبر میں اسپتال سے گرفتار کیا گیا۔ ان پر ایک قانونی ریاست (اسرائیل) سے نبرد آزما جنگجو ہونے کی فردِ جرم لگائی گئی۔ عدالت ان کی نظر بندی میں چھ چھ ماہ کی دو بار توسیع کر چکی ہے۔ حماس نے اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کے بدلے جن دو ہزار فلسطینی قیدیوں کی فہرست پیش کی تھی، اس میں حسام کا نام بھی شامل تھا مگر اسرائیل نے انھیں خطرناک قیدی بتا کر رہا کرنے سے انکار کر دیا۔

تین سینئر فلسطینی ڈاکٹر، ایک فارماسسٹ اور ایک فزیوتھراپسٹ ہنوز لاپتہ ہیں اور دیگر پانچ کے مرنے کی تصدیق ہو چکی ہے۔ فزیشنز فار ہیومین رائٹس اسرائیل (ایف ایچ آر آئی) کے ڈیٹا کے مطابق جو فلسطینی قیدی دورانِ قید مرے، ان میں تین ڈاکٹر اور ایک طبی کارکن شامل ہیں۔ ان میں سب سے مشہور نام غزہ کے آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر عدنان البرش کا ہے۔

سات اکتوبر دو ہزار تئیس کے بعد ڈاکٹر عدنان غزہ کے سب سے بڑے الشفا اسپتال میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ اس دوران سوشل میڈیا پر وڈیوز بھی پوسٹ کرتے تھے جن میں گھمبیر حالات میں ڈاکٹروں کو کام کرتے دکھایا جاتا رہا۔ ایک وڈیو میں ڈاکٹر عدنان اسپتال کے احاطے پر اسرائیلی بمباری سے مرنے والوں کے لیے اجتماعی قبر کھودنے کے کام میں حصہ لیتے ہوئے دیکھے جا سکتے ہیں کیونکہ محاصرے کے سبب لاشوں کو بھی تدفین کے لیے اسپتال سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں تھی۔

جب اسرائیلی فوج کے مسلسل حملوں اور محاصرے کے نتیجے میں مریضوں سمیت الشفا اسپتال خالی کرنا پڑا تو ڈاکٹر عدنان انڈونیشیا اسپتال میں منتقل ہو کر زخمیوں کو بچانے کے کام میں لگ گئے۔ انڈونیشیا اسپتال کے محاصرے اور مسلسل حملوں کے بعد ڈاکٹر عدنان کو العودہ اسپتال منتقل ہونا پڑا اور وہاں سے انھیں دیگر طبی کارکنوں اور ڈاکٹروں کے ہمراہ حراست میں لے کر اسرائیل منتقل کر دیا گیا۔ چار ماہ تک انھیں بہیمانہ ریپ سمیت مسلسل ٹارچر کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا۔

فزیشنز فار ہیومین رائٹس نے رہائی کے بعد جن چوبیس طبی کارکنوں کی شہادتیں ریکارڈ کیں۔ ان میں سے ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ مجھے سدی تیمان فوجی کیمپ میں آنکھوں پر مسلسل پٹی باندھ کے رکھا گیا۔ تشدد کے سبب مجھے ہرنیا ہو گیا۔ کئی ہفتوں بعد قید خانے کے ایک ڈاکٹر نے میری آنکھوں سے پٹی اتارے بغیر معائنہ کیا۔ میں نے اس سے کہا کہ میں بھی تمہاری طرح ڈاکٹر ہوں لہٰذا ٹھیک سے معائنہ کرنا۔ اس نے میرے منہ پر تھپڑ مارتے ہوئے کہا کہ تم ڈاکٹر نہیں دہشت گرد ہو۔

اسرائیلی میڈیکل ایسوسی ایشن نے غزہ پر فوج کشی کی مخالفت کرنے والوں کی بارہا کھلی مذمت کی۔ ایک سو سے زائد اسرائیلی ڈاکٹروں نے غزہ کے اسپتالوں کو دہشت گردی کے ٹھکانے قرار دینے کے سرکاری بیانیے کی مکمل تائید کرتے ہوئے ان اسپتالوں پر حملوں کو جائز قرار دیا۔ کسی اسرائیلی ڈاکٹر نے مغربی کنارے پر دندناتے مسلح یہودی آبادکاروں کے علاج سے انکار نہیں کیا البتہ فلسطینی قیدیوں پر ٹارچر میں نہ صرف ساتھ دیا بلکہ اسرائیلی پیرا میڈیکل اسٹاف اور ہیلتھ ورکرز باقاعدہ فوجی خدمات بھی انجام دیتے ہیں۔ قید خانوں کے اسپتالوں میں متعین ڈاکٹروں کو فوجی یونیفارم میں مسلح ہو کر آنے کی اجازت ہے۔

گذرے مئی میں نیویارک ریویو آف بکس میں ''اسرائیلی طبی شعبے کے لیے شرم کا مقام'' کے عنوان سے ایک مضمون شایع ہوا۔ یہ مضمون فزیشنز فار ہیومین رائٹس کے سابق ڈائریکٹر نیوی گورڈن، طبی اسکالر گائے شولوم اور عرب اسرائیلی ماہرِ امراضِ اطفال اسامہ تانوس نے مشترکہ طور پر لکھا۔

مضمون کے مطابق اسرائیلی اسپتالوں میں فلسطینی مریضوں کو مشکل سے داخل کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر عموماً قیدی مریضوں کی بیڑیاں اور آنکھوں کی پٹیاں اتروانے پر بھی اصرار نہیں کرتے۔ ایسے مریضوں کو جان بوجھ کر طاقت ور پین کلرز نہیں دیے جاتے۔ کئی ڈاکٹر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر نسل کشی پر اکسانے والے پیغامات شیئر کرتے ہیں۔ وہ اپنے عرب ساتھیوں کے سامنے بہت آرام سے کہتے ہوئے گذر جاتے ہیں کہ غزہ میں کوئی معصوم نہیں، غزہ کو جلا دینا چاہیے۔ پوری اسرائیلی طبی برادری نے بے حسی یا خوف کی چادر اوڑھ رکھی ہے۔

اس کے برعکس اگر کوئی عرب اسرائیلی ڈاکٹر یا طبی کارکن غزہ کے بارے میں ایک بھی ہمدردانہ جملہ پوسٹ کر دے تو اس کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی چھان پھٹک اور پوچھ تاچھ شروع ہو جاتی ہے اور نوکری بھی جا سکتی ہے۔ مثلاً ہیبرو یونیورسٹی کی ایک پروفیسر نادرہ شلہوب کو ایک پوڈ کاسٹ میں اہلِ غزہ کے لیے ہمدردی کے دو بول بولنے پر نوکری سے ہاتھ دھونا پڑا۔

اسرائیل کے طبی شعبے میں عرب نژاد ڈاکٹروں کا تناسب پچیس فیصد اور نرسنگ اسٹاف میں لگ بھگ پچاس فیصد ہے۔ یہ عرب اسرائیلی ڈاکٹرز بھی میڈیکل ایسوسی ایشن کے ممبر ہیں مگر ان کے یہودی ساتھی ان کے خلاف ہونے والی کسی بھی تادیبی کارروائی سے لاتعلق رہتے ہیں۔ البتہ پانچوں انگلیاں برابر نہیں۔ فزیشنز فار ہیومین رائٹس نامی انجمن انیس سو اٹھاسی سے فعال ہے۔ اس کا مقصد مقبوضہ فلسطین میں ہر ایک کو یکساں طبی حقوق دلانا ہے۔ ساڑھے تین ہزار ڈاکٹر اس انجمن کے ممبر ہیں اور وہ اپنے موبائل کلینکس کے ذریعے ان علاقوں میں سالانہ تقریباً بیس ہزار افراد کو طبی سہولتیں فراہم کرتے ہیں جنھیں اسرائیلی ریاستی طبی ڈھانچہ نظرانداز کرتا ہے۔

اسرائیل سے باہر کی ڈاکٹرز برادری اور میڈیکل اداروں کو فلسطینیوں کی آخر کتنی پرواہ ہے؟ اس کا جواب اگلے مضمون میں تلاش کرنے کی کوشش ہوگی۔

یہ دعائیں یا بددعائیں؟

سعد اللہ جان برق

کچھ دعائیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو بظاہر تو بددعائیں لگتی ہیں لیکن اصل میں دعائیں ہوتی ہیں یا بن جاتی ہیں۔ جب افغان مہاجر یہاں آئے تھے بلکہ تشریف لائے تھے اور پھر جب ان کی تعداد میں بہت زیادہ برکت ہوگئی تو ہم اکثر تنگ آ کر ان کو دعائیں دیتے تھے کہ خدا تم سب کو وہاں ''بادشاہ'' بنائے لیکن ہم غریبوں کی جان چھوڑ دو۔ ہمارے محلے میں ایک خالہ ''دعاجان'' رہتی تھی، نام تو اس کا بخت آور تھا لیکن اپنی مخصوص دعا کے باعث خالہ دعاجان مشہور ہوگئی تھی۔

وہ کسی بچے کو دیکھتی تھی تو کہتی، کتنا اچھا بچہ ہے، خدا اس کی عمر دراز کرے۔ میرے جیسے کسی حضرت اللہ، نعمت اللہ، رحمت اللہ اور برکت اللہ کے کسی بچے کی عیادت کو جاتی تو اس کی ماں سے کہتی خدا کچھ نہ کرے اسے۔ کوئی بچہ اس کا کچھ کام کر دیتا تو کہتی کہ خدا تجھے بڑا کرے، مطلب یہ کہ دعائیں طرح طرح کی ہوتی ہیں۔ ریڈیو پاکستان سے نشر ہونے والی آدھے گھنٹے کی وہ دعا تو آپ کو یاد ہوگی جو ہر روز کی جاتی تھی بلکہ شاید اب بھی نشر ہوتی ہو اور اس میں خدا سے ہر وہ کام کرانے کے لیے کہا جاتا تھا جو اس دنیا اور اگلی دنیا دونوں میں ممکن ہوسکتا تھا۔

لیکن آج ہم آپ کو دو ایسی دعاوں کے بارے میں بتائیں گے جو معاشرے میں عام اور ہر جگہ کثیر الاستعمال ہیں۔ ان دونوں کے بارے میں سننے والا فیصلہ نہیں کر پاتا کہ یہ دعا ہے یا بددعا۔ اور ان دونوں دعاوں یا بددعاوں کا تعلق پاکستان سے ہے اور خاص طور پر آج کل کے حالات سے بہت گہرا تعلق ہے یا پاکستان کو لگ چکی ہیں۔ ان میں ایک دعا یا بددعا تو ایسے وقت دی جاتی جب کسی پر کوئی بڑی مصیبت آ پڑی ہو۔ دردناک موت ہوئی ہو، گہرا صدمہ پہنچا ہو تو عذرخواہی کے لیے جانے والے دعائے مغفرت کے بعد اہل خانہ سے کہتا ہے کہ ''خدا تجھے کبھی یہ غم نہ بھلائے''، یعنی تم یہ غم کبھی نہ بھولو۔ یہ صوفی تبسم کے شعر سے ملتی جلتی دعا ہے۔

اللہ کرے دنیا کو میری یاد بھول جائے
اللہ کرے کہ تم کبھی ایسا نہ کرسکو

بات ہی عجیب ہے۔ لوگ تو غمزدوں کو غم بھولنے کے لیے کہتے ہیں اور وہ بھی بھولنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور یہاں حضرت کہہ رہے ہیں کہ خدا کرے تم یہ غم کبھی نہ بھولو۔ یہ زخم ہمیشہ ہرا رہے۔ یہ تو بددعا لگتی ہے لیکن اصل میں دعا ہے کہ تم پر اور کوئی ایسا غم نہ آئے جو اس سے بڑا ہو اور یہی غم آخری رہے کیونکہ ہمیشہ تازہ غم پرانے کو اور بڑا غم چھوٹے کو بھلا دیتا ہے۔ بڑی اچھی دعا ہے کہ اگر کسی نے ''قائد عوام'' اور مرد حق ضیاالحق کے صدمات پر پاکستانیوں کو یہ دعا دی ہوتی تو آج ہمیں ان سے بھی بڑے صدمے عرف ''بانی'' عرف تبدیلی سے دوچار نہ ہونا پڑتا۔ چلو! اگر اب ہی کوئی خدا کا نیک بندہ ہمیں یہ دعا دے ڈالے، تو کچھ زیادہ بگڑا نہیں ہے۔

دوسری دعا یا بددعا یہ ہے کہ ''خدا تیرے گھر زیادہ ''بڑے'' پیدا نہ کرے'' یہ کیا بات ہوئی، لوگ تو دعائیں مانگتے ہیں کہ ہمارے گھر کے لوگ بڑے آدمی بن جائیں۔ بچوں کو بھی دعا دیتے ہیں کہ خدا تمہیں بڑا آدمی بنائے، بچے بھی اکثر کہتے ہیں، پڑھ لکھ کر بڑا آدمی بنوں، میں بڑا ہو کر چیف منسٹر بنوں گا اور یہاں یہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ تمہارے گھر کبھی بڑے نہ بڑھیں۔ اور ہم سامنے دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں آج ہر طرف، ہر جگہ، ہر کوئی بڑا بن چکا ہے، چھوٹے تو جیسے پیدا ہونا بند ہوگئے ہوں۔ ہمیں لگتا ہے کہ کسی نے یا ہمارے خفیہ دشمن نے ہمیں چوری چھپے یہ بددعا دی ہوگی کہ اس گھر میں بڑے ہی بڑے پیدا ہوں اور وہ دعا قبول ہوئی ہوگی کہ ہر سیاسی قائد کے بعد اس کا بیٹا یا بیٹی سامنے آگئے کیونکہ اب یہی اس گھر کے بڑے ہیں۔

دعاؤں، بددعاؤں کے سلسلے میں ایک اور بات بھی اہم ہے۔ اگر کسی کی کھوپڑی خالی ہو تو اس کی دعا قبول ہو کر بددعا بن جاتی ہے۔ ایک مشہور حکایت ہے کہ ایک گھرانے میں تین لوگ تھے۔ ماں، باپ اور ان کی ایک بیٹی۔ انتہا کی غریب اور بری حالت میں تھے۔ بھیک مانگ کر ایک جھونپڑی میں پڑے رہتے تھے اور ہر وقت خدا سے اپنی حالت بہتر کرنے کی دعائیں کرتے تھے۔ آخر ان کی دعائیں کام کر گئیں۔ ایک فرشتہ ان کے سامنے حاضر ہو کر بولا، کہ تمہاری ایک ایک خواہش پوری ہونے کی منظوری ہوئی ہے، مانگو۔ جو کچھ مانگو گے قبول ہوگا لیکن صرف ایک فرد ایک سوال۔ اس پر بیٹی نے بے صبری ہو کر مانگا کہ میں دنیا کی حسین ترین لڑکی بن جاؤں۔

دعا قبول ہوئی اور لڑکی آفتاب چندمہتاب بن گئی، اتفاق سے اس وقت ایک شہزادہ راستے سے گزر رہا تھا۔ اس نے دیکھا تو اس پر لٹو ہو گیا اور اسے اپنے پیچھے گھوڑے پر بٹھا کر لے گیا۔ بیٹی نے ماں باپ کی طرف پلٹ کر دیکھا تک نہیں، چند روز گزرے تو ماں باپ نے بیٹی سے ملنا چاہا لیکن اس نے پہچاننے سے بھی انکار کر دیا اور ملازموں سے دھکے دلوا کر بھگایا۔ اس پر باپ کو غصہ آیا، اس نے اپنے حصے کی خواہش کی کہ کم ظرف لڑکی بندریا بن جائے اور وہ بن گئی۔ شہزادے نے اس کو محل سے بھگا دیا اور وہ ماں کے جھونپڑے میں روتے ہوئے لوٹ کر آگئی۔ ماں سے اس کا دکھ دیکھا نہ گیا۔

اس نے اپنے حصے کی دعا کی کہ اسے پہلے جیسی کر دے۔ یوں تینوں کارتوس چل گئے لیکن گھر کی حالت وہی رہی۔ اس طرح ایک اور نوجوان بھی دعائیں مانگتا تھا۔ اسے ایک صرف ایک دعا قبول ہونے کا مژدہ ملا۔ نوجوان پریشان ہو گیا، وہ انتہائی مفلس بھی تھا، شادی بھی کرنا چاہتا تھا اور اپنی قریب المرگ ماں کو صحت یاب بھی کرنا چاہتا تھا لیکن کھوپڑی خالی نہیں تھی۔ سوچ بچار کے بعد اس نے کہا، میں چاہتا ہوں کہ میری ماں اپنے پوتے کو سونے کے پیالے میں تین سونے کے چمچے سے کھلائے۔

کچھ دعائیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو بظاہر تو بددعائیں لگتی ہیں لیکن اصل میں دعائیں ہوتی ہیں یا بن جاتی ہیں۔ جب افغان مہاجر یہاں آئے تھے بلکہ تشریف لائے تھے اور پھر جب ان کی تعداد میں بہت زیادہ برکت ہوگئی تو ہم اکثر تنگ آ کر ان کو دعائیں دیتے تھے کہ خدا تم سب کو وہاں ''بادشاہ'' بنائے لیکن ہم غریبوں کی جان چھوڑ دو۔ ہمارے محلے میں ایک خالہ ''دعاجان'' رہتی تھی، نام تو اس کا بخت آور تھا لیکن اپنی مخصوص دعا کے باعث خالہ دعاجان مشہور ہوگئی تھی۔

وہ کسی بچے کو دیکھتی تھی تو کہتی، کتنا اچھا بچہ ہے، خدا اس کی عمر دراز کرے۔ میرے جیسے کسی حضرت اللہ، نعمت اللہ، رحمت اللہ اور برکت اللہ کے کسی بچے کی عیادت کو جاتی تو اس کی ماں سے کہتی خدا کچھ نہ کرے اسے۔ کوئی بچہ اس کا کچھ کام کر دیتا تو کہتی کہ خدا تجھے بڑا کرے، مطلب یہ کہ دعائیں طرح طرح کی ہوتی ہیں۔ ریڈیو پاکستان سے نشر ہونے والی آدھے گھنٹے کی وہ دعا تو آپ کو یاد ہوگی جو ہر روز کی جاتی تھی بلکہ شاید اب بھی نشر ہوتی ہو اور اس میں خدا سے ہر وہ کام کرانے کے لیے کہا جاتا تھا جو اس دنیا اور اگلی دنیا دونوں میں ممکن ہوسکتا تھا۔

لیکن آج ہم آپ کو دو ایسی دعاوں کے بارے میں بتائیں گے جو معاشرے میں عام اور ہر جگہ کثیر الاستعمال ہیں۔ ان دونوں کے بارے میں سننے والا فیصلہ نہیں کر پاتا کہ یہ دعا ہے یا بددعا۔ اور ان دونوں دعاوں یا بددعاوں کا تعلق پاکستان سے ہے اور خاص طور پر آج کل کے حالات سے بہت گہرا تعلق ہے یا پاکستان کو لگ چکی ہیں۔ ان میں ایک دعا یا بددعا تو ایسے وقت دی جاتی جب کسی پر کوئی بڑی مصیبت آ پڑی ہو۔ دردناک موت ہوئی ہو، گہرا صدمہ پہنچا ہو تو عذرخواہی کے لیے جانے والے دعائے مغفرت کے بعد اہل خانہ سے کہتا ہے کہ ''خدا تجھے کبھی یہ غم نہ بھلائے''، یعنی تم یہ غم کبھی نہ بھولو۔ یہ صوفی تبسم کے شعر سے ملتی جلتی دعا ہے۔

اللہ کرے دنیا کو میری یاد بھول جائے
اللہ کرے کہ تم کبھی ایسا نہ کرسکو

بات ہی عجیب ہے۔ لوگ تو غمزدوں کو غم بھولنے کے لیے کہتے ہیں اور وہ بھی بھولنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور یہاں حضرت کہہ رہے ہیں کہ خدا کرے تم یہ غم کبھی نہ بھولو۔ یہ زخم ہمیشہ ہرا رہے۔ یہ تو بددعا لگتی ہے لیکن اصل میں دعا ہے کہ تم پر اور کوئی ایسا غم نہ آئے جو اس سے بڑا ہو اور یہی غم آخری رہے کیونکہ ہمیشہ تازہ غم پرانے کو اور بڑا غم چھوٹے کو بھلا دیتا ہے۔ بڑی اچھی دعا ہے کہ اگر کسی نے ''قائد عوام'' اور مرد حق ضیاالحق کے صدمات پر پاکستانیوں کو یہ دعا دی ہوتی تو آج ہمیں ان سے بھی بڑے صدمے عرف ''بانی'' عرف تبدیلی سے دوچار نہ ہونا پڑتا۔ چلو! اگر اب ہی کوئی خدا کا نیک بندہ ہمیں یہ دعا دے ڈالے، تو کچھ زیادہ بگڑا نہیں ہے۔

دوسری دعا یا بددعا یہ ہے کہ ''خدا تیرے گھر زیادہ ''بڑے'' پیدا نہ کرے'' یہ کیا بات ہوئی، لوگ تو دعائیں مانگتے ہیں کہ ہمارے گھر کے لوگ بڑے آدمی بن جائیں۔ بچوں کو بھی دعا دیتے ہیں کہ خدا تمہیں بڑا آدمی بنائے، بچے بھی اکثر کہتے ہیں، پڑھ لکھ کر بڑا آدمی بنوں، میں بڑا ہو کر چیف منسٹر بنوں گا اور یہاں یہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ تمہارے گھر کبھی بڑے نہ بڑھیں۔ اور ہم سامنے دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں آج ہر طرف، ہر جگہ، ہر کوئی بڑا بن چکا ہے، چھوٹے تو جیسے پیدا ہونا بند ہوگئے ہوں۔ ہمیں لگتا ہے کہ کسی نے یا ہمارے خفیہ دشمن نے ہمیں چوری چھپے یہ بددعا دی ہوگی کہ اس گھر میں بڑے ہی بڑے پیدا ہوں اور وہ دعا قبول ہوئی ہوگی کہ ہر سیاسی قائد کے بعد اس کا بیٹا یا بیٹی سامنے آگئے کیونکہ اب یہی اس گھر کے بڑے ہیں۔

دعاؤں، بددعاؤں کے سلسلے میں ایک اور بات بھی اہم ہے۔ اگر کسی کی کھوپڑی خالی ہو تو اس کی دعا قبول ہو کر بددعا بن جاتی ہے۔ ایک مشہور حکایت ہے کہ ایک گھرانے میں تین لوگ تھے۔ ماں، باپ اور ان کی ایک بیٹی۔ انتہا کی غریب اور بری حالت میں تھے۔ بھیک مانگ کر ایک جھونپڑی میں پڑے رہتے تھے اور ہر وقت خدا سے اپنی حالت بہتر کرنے کی دعائیں کرتے تھے۔ آخر ان کی دعائیں کام کر گئیں۔ ایک فرشتہ ان کے سامنے حاضر ہو کر بولا، کہ تمہاری ایک ایک خواہش پوری ہونے کی منظوری ہوئی ہے، مانگو۔ جو کچھ مانگو گے قبول ہوگا لیکن صرف ایک فرد ایک سوال۔ اس پر بیٹی نے بے صبری ہو کر مانگا کہ میں دنیا کی حسین ترین لڑکی بن جاؤں۔

مہر تصدیق

ایم جے گوہر

یہ ایک طے شدہ امر ہے کہ جنگیں کبھی تنازعات کا حل نہیں ہوتیں بلکہ نت نئے مسائل کو جنم دینے کا سبب بنتی ہیں جن سے مزید بحران پیدا ہوتے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ تنازعات اور کشیدگی کے خاتمے اور مسائل کے قابل قبول حل کے لیے دوطرفہ مذاکرات کو ہمیشہ اہمیت اور فوقیت دی جاتی ہے۔ جنوبی ایشیا کے دو اہم ممالک پاکستان اور بھارت کے درمیان اول دن سے مسئلہ کشمیر کشیدگی اور جنگوں کی بنیاد بنا ہوا ہے۔

پاکستان کی طرف سے تنازعہ کشمیر کے پرامن حل کے حوالے سے ہر سطح پر مذاکرات کی خواہش اور پیشکش کے باوجود بھارت دو طرفہ بات چیت سے راہ فرار اختیار کرتا چلا آ رہا ہے۔ بھارت ازخود مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ میں لے کر گیا اور سلامتی کونسل میں قرارداد ریکارڈ پر موجود ہے کہ جموں و کشمیر کا علاقہ متنازعہ ہے اور وادی میں استصواب رائے کے ذریعے اس مسئلے کو حل کیا جائے، بھارت کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے اقوام متحدہ میں تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ وہ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام کشمیری استصواب رائے کرانے کے عہد پر کاربند رہیں گے اور اس پرامن بحال ہوتے ہی عمل درآمد کیا جائے گا لیکن افسوس! نہ صرف لال بہادر شاستری بلکہ بعد میں آنے والے کسی بھارتی وزیراعظم نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کو پرکاہ کے برابر بھی اہمیت نہ دی۔ نتیجتاً دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی بڑھتی رہی جو جنگوں پر منتج ہوئی۔ اسی باعث اب تک پاکستان اور بھارت کے درمیان پانچ جنگیں ہوچکی ہیں۔ پہلی جنگ 1948 میں لڑی گئی جو اقوام متحدہ کی مداخلت پر ختم ہوئی۔ دوسری جنگ 1965 میں لڑی گئی جو پاکستان کی برتری پر اختتام پذیر ہوئی۔ تیسری جنگ 1971 میں لڑی گئی جس کے نتیجے میں پاکستان کا مشرقی بازو ہم سے جدا ہو کر بنگلا دیش بن گیا۔ چوتھی جنگ کارگل کے محاذ پر لڑی گئی اور عالمی دباؤ پر دونوں فریق اپنی اپنی پہلی پوزیشن پر واپس آگئے۔

پانچویں جنگ جس کا پرچار آج پوری دنیا میں ہو رہا ہے وہ مئی 2025 کے پہلے عشرے میں چار دن تک لڑی گئی (7 مئی 2025 سے 10 مئی 2025 تک)۔ اس جنگ میں پاکستان نے واضح برتری کے ساتھ بھارت پر فتح حاصل کی۔ بھارت کی شکست اور پاکستان کی شان دار کامیابی کا سہرا پاک فوج کے سپہ سالار اعظم فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے سر جاتا ہے جنھوں نے اپنی پیشہ ورانہ جنگی مہارت اور تجربے سے بھارت کو ایسی عبرت ناک شکست سے دوچار کیا کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی عالمی برادری میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہے۔ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے بھارت کے سات رافیل طیارے گرا کر بھارت پر اپنی ایسی دھاک بٹھائی کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بار بار اس فتح کا اپنی تقریروں اور بیانات میں تذکرہ کرکے مودی کے زخموں پر نمک پاشی کرتے رہتے ہیں اور اب امریکی کانگریس نے بھی پاک بھارت جنگ میں بھارتی شکست پر مہر تصدیق ثبت کردی ہے۔

امریکا چین اقتصادی وسلامتی جائزہ مشن کی جانب سے کانگریس میں جو رپورٹ جمع کرائی گئی ہے اس کے مطابق پاکستان نے بھارت پر واضح فوجی برتری حاصل کی، اس جنگ میں پاکستان نے چینی ہتھیاروں کی مدد سے رافیل طیاروں کو نشانہ بنایا جو بجا طور پر چینی ہتھیاروں کی فروخت کا پیمانہ بن گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بجا طور پر کہا کہ چار روزہ جنگ کے بعد بھارتی فوج گھٹنوں پر آگئی۔ امریکی کانگریس کی حالیہ رپورٹ نے پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی طرف سے بھارت کو زناٹے دار تھپڑ رسید کرنے اور پاکستان کی فتح پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔

انھوں نے واضح طور پر کہا کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے عوام کو ان کا حق ملنے تک پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم پاکستان نے کی فتوحات کا دائرہ معاشی میدان تک بڑھانے کے عزم کا بھی اظہار کیا جو یقینا قابل ستائش ہے لیکن حال ہی میں آئی ایم ایف نے پاکستان کی معاشی صورت حال اور حکومتی کارکردگی کے حوالے سے 186 صفحات پر مشتمل جو رپورٹ جاری کی ہے اس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں حکومت کے ہر درجے پر بدعنوانی موجود ہے جس میں سب سے زیادہ نقصان دہ کرپشن ہے جو طاقتور اور مراعات یافتہ حلقے اہم معاشی شعبوں پر اثر انداز ہو کر کرتے ہیں۔

جن میں ریاستی ملکیتی یا ریاستی سرپرستی یافتہ ادارے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ میں قائد اعظم کے 1947 کے خطاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آج 70 برس بعد بھی بدعنوانی ملک کی معاشی وسماجی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے چشم کشا حقائق نے ہمارے سسٹم کا پول کھول دیا ہے اور سسٹم کی بدعنوانیوں اور کرپشن پر اپنی مہر تصدیق ثبت کر دی ہے جو حکمرانوں اور صاحب اختیار حلقوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔

ایک بار پھر رب کعبہ کے حضور

محمد سعید آرائیں

13 سال کے طویل عرصے کے بعد تیسری بار عمرے کی سعادت حاصل ہوئی تو مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ شہروں کو بہت تبدیل ہوا پایا۔ ٹریول ایجنٹس اس مقدس سفر کو بھی اپنے مالی مفاد کے لیے تو کمائی کا ذریعہ بناتے ہی رہے ہیں مگر ویزوں کی بندش کے باعث انھوں نے جس 15 روزہ پیکیج کا اعلان کیا وہ محض 13 روز کا تھا اور پورے دوروز سفر کے باعث عمرہ عازمین کو وہاں کے ہوٹلوں میں 13 روز ٹھہرا کر دوروز کا کرایہ بچالیا جاتا ہے۔

ویزوں کی بندش کے باعث عمرہ عازمین کا رش بے حد بڑھا ہوا تھا۔ دوپہر کی سخت گرمی اور رات کے بہتر موسم میں بھی رش کا وہی عالم تھا اور دنیا بھر سے طویل سفر کرکے مکہ مکرمہ پہنچنے والے موسم کو نظرانداز کرکے طواف اور بعد میں صفاومروی کی سعی میں مصروف تھے اور رش میں خواتین و مردوں، بزرگوں، معذوروں اور کم عمر بچے ہوں یا نوجوان سب عمرے کے فرائض کی ادائیگی میں مگن تھے اور رش بھی کسی پر اثر انداز نہیں تھا۔

مکہ و مدینہ میں عازمین کے تقریباً سب ہی کے ہاتھوں میں موبائل فونز تھے۔ اس معاملے میں دیگر کے ساتھ بزرگ خواتین و مرد بھی پیچھے نہیں تھے اور طواف وسعی کے چکروں میں موبائل فونز آن کرکے اپنے عزیزوں کو کنٹری کے ذریعے اونچی آواز سے حال احوال دیا جاتا رہا۔

موبائل فونز کا استعمال اس طرح ہوتا رہا کہ سامنے سے آنے والوں سے ٹکرایا جاتا رہا اور سب کچھ موبائل میں محفوظ ہوتا رہا۔ پہلے عمرے کی ادائیگی کے بعد پیکیج کے تحت دو بار مکہ شریف اور ایک بار مدینہ منورہ سے باہر تاریخی زیارتیں دیکھنے کا موقعہ ملا۔ زیارتوں کی تفصیلات بتانے والوں کا تقرر ٹریولز ایجنٹس اپنے مقررہ افراد کے ذریعے کرتے ہیں۔ ہمارے گروپ کے عازمین کو دو حصوں میں تقسیم کرکے زیارتیں کرائی گئیں اور ہمارے گروپ لیڈر قاری شبیر نے خود تاریخی مقامات اور مساجد میں جا کر عازمین کو تفصیلی معلومات فراہم کیں۔ طائف کے پہلی بار وزٹ میں ایک ساڑھے چار ہزار سال پرانی نہر پر لے جایا گیا۔ مکہ سے آتے ہوئے دونوں اطراف موجود پہاڑوں کی تفصیلات اور واپسی میں متعدد تاریخی مساجد میں ادائیگی نماز کا موقعہ ملا۔ طائف روانگی سے قبل بتا دیا گیا تھا کہ عازمین اپنے ساتھ احرام ضرور رکھیں کیونکہ طائف سے واپسی پر عمرہ لازمی ہوجاتا ہے، اسی طرح ایک عمرے کی سعادت حاصل ہوگئی۔

18 سال سے مکہ میں مقیم قاری شبیر بسوں میں لگے اسپیکر کے ذریعے زیارتوں پر روانگی سے قبل سفر کی دعائیں پڑھاتے تھے۔ قاری شبیر سب سے مختلف گائیڈ تھے جنھوں نے پہلی بار مکہ شہر سے باہر کے تاریخی مقامات ومساجد میں لے جا کر معلومات فراہم کیں۔ جبل نور سے قبل میدان عرفات میں حجاج کے لیے جو آرام دہ خیمے لگتے ہیں، وہ دکھائے جن سے حج کے بعد ترپال اتار کر محفوظ کر لیے جاتے ہیں۔ وہاں جنرل ضیاالحق شہید کے دور میں خصوصی طور پر لگوائے گئے ہزاروں درخت اب قدآور ہو چکے ہیں اور حجاج کو سایہ فراہم کر رہے ہیں۔ عازمین کو مسجد نمرہ دکھائی گئی جو حج کا خطبہ دینے کے لیے صرف ایک بار کھلتی ہے جس کی وجہ سے لوگ باہر ہی نفل ادا کر لیتے ہیں۔ مکہ کی بیرونی زیارتوں میں ہمیں تمام تاریخی مقامات اور مساجد دکھائی گئیں اور واپسی میں مسجد جن اور پہاڑوں کی تفصیلات سے بھی عازمین کو آگاہی فراہم کی گئی۔

15 روز مکہ میں قیام کے بعد 5 روز کے لیے مدینہ منورہ صبح 11 بجے روانگی ہوئی اور عصر کے بعد مدینہ پہنچے جہاں بھی ہوٹلوں میں مکہ کی طرح رش تھا مگر ہمیں ہمارا بک کردہ روم صفائی کے بعد مل گیا اور رات کو مسجد نبوی میں نماز عشا کی ادائیگی کی سعادت حاصل ہوئی۔

مکہ سے مدینہ آنے والے راستے کے دونوں طرف مختلف رنگوں کے پہاڑوں کی اپنی ہی خوبصورتی اور ہیبت ہے۔ مدینہ میں مسجد نبوی کے خوبصورت مینار پہلے دور سے نظر آجایا کرتے تھے مگر اب اونچی اونچی عمارتیں بن جانے سے وہ مینار اب قریب جا کر ہی نظر آتے ہیں اور مدینہ کی بات ہی الگ ہے جس کا ماحول مکہ سے مختلف ہے۔

مدینہ کی زیارتیں دکھانے کے لیے عازمین کو لے جایا گیا اور تاریخی مساجد کی زیارتیں کرائی گئیں اور نفل ادائیگی کا موقعہ ملا اور ہر جگہ ہی عازمین کا رش موجود تھا۔ وہ تاریخی مسجد قبلتین بھی دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی جہاں ہمارے نبی پاکؐ پہلے قبلہ اول کی طرف منہ کرکے نماز پڑھاتے تھے اور آپ جب نماز پڑھا رہے تھے تو حکم آیا اور حضور نے دوران نماز خانہ کعبہ کی طرف قبلہ تبدیل کر لیا جس پر صحابہ نے بھی حضورؐ کی تقلید کی تھی۔ اس مسجد میں نفل بھی ادا کیے جاتے ہیں۔

ایک تاریخی مسجد میں دو رکعت نماز نفل کی ادائیگی پر قبول عمرہ کا ثواب ملتا ہے۔ عازمین کو قاری شبیر نے بتایا کہ صرف دو نفل ادا کرنے پر یہ ثواب ملتا ہے، زیادہ نفل پڑھنے سے بھی وہی ثواب برقرار رہتا ہے۔ مدینہ کی زیارتیں پہلی بار دیکھنے کا موقعہ ملا اور مکہ روانگی سے قبل مدینہ کے ہوٹل سے ہی احرام پہننے کا مشورہ دیا گیا کیونکہ مقررہ مسجد میں رش میں احرام تبدیل کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔

مدینہ سے واپسی پر مکہ میں 3 روز قیام اور تیسرا عمرہ ادا کرنا تھا جو رات کو ادا کیا تو رش اور زیادہ ملا۔ اس بار نماز جمعہ کے لیے کئی گھنٹے قبل خانہ کعبہ پہنچنے پر حرم میں جمعہ نماز ادا کرنے کا موقعہ مل گیا، اس طرح پہلا جمعہ مکہ میں اور دوسرا مدینہ میں پڑھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

مسجد نبوی کے صحن میں عازمین میں مختلف اشیا کی تقسیم زیادہ ہوتی ہے جب کہ مکہ میں پانی کی بوتلوں اور کھجوروں کی تقسیم زیادہ تھی اور دونوں ہی جگہ مخیر حضرات دل کھول کر تبرک تقسیم کرتے ہیں۔ حیرت انگیز طور پر پی آئی اے کا جہاز جدہ میں وقت پر موجود تھا اور جدہ آتے ہی تمام ضروریات سے فراغت کے بعد جہاز میں پہنچا دیا گیا جس نے تھوڑی سی تاخیر کے بعد کراچی کے لیے اڑان بھری اور چار گھنٹے کے مقررہ وقت میں کراچی پہنچا دیا گیا مگر مکہ و مدینہ میں گزارے 13 روز اب بھی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہو رہے۔

13 سال کے طویل عرصے کے بعد تیسری بار عمرے کی سعادت حاصل ہوئی تو مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ شہروں کو بہت تبدیل ہوا پایا۔ ٹریول ایجنٹس اس مقدس سفر کو بھی اپنے مالی مفاد کے لیے تو کمائی کا ذریعہ بناتے ہی رہے ہیں مگر ویزوں کی بندش کے باعث انھوں نے جس 15 روزہ پیکیج کا اعلان کیا وہ محض 13 روز کا تھا اور پورے دوروز سفر کے باعث عمرہ عازمین کو وہاں کے ہوٹلوں میں 13 روز ٹھہرا کر دوروز کا کرایہ بچالیا جاتا ہے۔

ویزوں کی بندش کے باعث عمرہ عازمین کا رش بے حد بڑھا ہوا تھا۔ دوپہر کی سخت گرمی اور رات کے بہتر موسم میں بھی رش کا وہی عالم تھا اور دنیا بھر سے طویل سفر کرکے مکہ مکرمہ پہنچنے والے موسم کو نظرانداز کرکے طواف اور بعد میں صفاومروی کی سعی میں مصروف تھے اور رش میں خواتین و مردوں، بزرگوں، معذوروں اور کم عمر بچے ہوں یا نوجوان سب عمرے کے فرائض کی ادائیگی میں مگن تھے اور رش بھی کسی پر اثر انداز نہیں تھا۔

مکہ و مدینہ میں عازمین کے تقریباً سب ہی کے ہاتھوں میں موبائل فونز تھے۔ اس معاملے میں دیگر کے ساتھ بزرگ خواتین و مرد بھی پیچھے نہیں تھے اور طواف وسعی کے چکروں میں موبائل فونز آن کرکے اپنے عزیزوں کو کنٹری کے ذریعے اونچی آواز سے حال احوال دیا جاتا رہا۔

موبائل فونز کا استعمال اس طرح ہوتا رہا کہ سامنے سے آنے والوں سے ٹکرایا جاتا رہا اور سب کچھ موبائل میں محفوظ ہوتا رہا۔ پہلے عمرے کی ادائیگی کے بعد پیکیج کے تحت دو بار مکہ شریف اور ایک بار مدینہ منورہ سے باہر تاریخی زیارتیں دیکھنے کا موقعہ ملا۔ زیارتوں کی تفصیلات بتانے والوں کا تقرر ٹریولز ایجنٹس اپنے مقررہ افراد کے ذریعے کرتے ہیں۔ ہمارے گروپ کے عازمین کو دو حصوں میں تقسیم کرکے زیارتیں کرائی گئیں اور ہمارے گروپ لیڈر قاری شبیر نے خود تاریخی مقامات اور مساجد میں جا کر عازمین کو تفصیلی معلومات فراہم کیں۔ طائف کے پہلی بار وزٹ میں ایک ساڑھے چار ہزار سال پرانی نہر پر لے جایا گیا۔ مکہ سے آتے ہوئے دونوں اطراف موجود پہاڑوں کی تفصیلات اور واپسی میں متعدد تاریخی مساجد میں ادائیگی نماز کا موقعہ ملا۔ طائف روانگی سے قبل بتا دیا گیا تھا کہ عازمین اپنے ساتھ احرام ضرور رکھیں کیونکہ طائف سے واپسی پر عمرہ لازمی ہوجاتا ہے، اسی طرح ایک عمرے کی سعادت حاصل ہوگئی۔

18 سال سے مکہ میں مقیم قاری شبیر بسوں میں لگے اسپیکر کے ذریعے زیارتوں پر روانگی سے قبل سفر کی دعائیں پڑھاتے تھے۔ قاری شبیر سب سے مختلف گائیڈ تھے جنھوں نے پہلی بار مکہ شہر سے باہر کے تاریخی مقامات ومساجد میں لے جا کر معلومات فراہم کیں۔ جبل نور سے قبل میدان عرفات میں حجاج کے لیے جو آرام دہ خیمے لگتے ہیں، وہ دکھائے جن سے حج کے بعد ترپال اتار کر محفوظ کر لیے جاتے ہیں۔ وہاں جنرل ضیاالحق شہید کے دور میں خصوصی طور پر لگوائے گئے ہزاروں درخت اب قدآور ہو چکے ہیں اور حجاج کو سایہ فراہم کر رہے ہیں۔ عازمین کو مسجد نمرہ دکھائی گئی جو حج کا خطبہ دینے کے لیے صرف ایک بار کھلتی ہے جس کی وجہ سے لوگ باہر ہی نفل ادا کر لیتے ہیں۔ مکہ کی بیرونی زیارتوں میں ہمیں تمام تاریخی مقامات اور مساجد دکھائی گئیں اور واپسی میں مسجد جن اور پہاڑوں کی تفصیلات سے بھی عازمین کو آگاہی فراہم کی گئی۔

15 روز مکہ میں قیام کے بعد 5 روز کے لیے مدینہ منورہ صبح 11 بجے روانگی ہوئی اور عصر کے بعد مدینہ پہنچے جہاں بھی ہوٹلوں میں مکہ کی طرح رش تھا مگر ہمیں ہمارا بک کردہ روم صفائی کے بعد مل گیا اور رات کو مسجد نبوی میں نماز عشا کی ادائیگی کی سعادت حاصل ہوئی۔

مکہ سے مدینہ آنے والے راستے کے دونوں طرف مختلف رنگوں کے پہاڑوں کی اپنی ہی خوبصورتی اور ہیبت ہے۔ مدینہ میں مسجد نبوی کے خوبصورت مینار پہلے دور سے نظر آجایا کرتے تھے مگر اب اونچی اونچی عمارتیں بن جانے سے وہ مینار اب قریب جا کر ہی نظر آتے ہیں

لاہور نیوز

کوآرڈینیٹر وزارت صنعت وتجارت ندیم پہلوان کی جانب سے تقریب میں ڈاکٹر شوکت علی شیخ، یاسین جوئیہ، شفیق، پیر وجیہ الحسن، پیر زین العابدین ودیگر کا گروپ فوٹو

امن وامان قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرینگے: عرفان بلوچ

تاجر برادری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق

کراچی (سٹی رپورٹر) کراچی میں معاشی سرگرمیوں کو محفوظ بنانے کے لیے تاجر برادری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق ہوا ہے اس حوالے سے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے چیف پی سی ایل سی حفیظ عزیز اور ڈی آئی جی ویسٹ وسنٹرل عرفان بلوچ کے درمیان اہم ملاقات ہوئی جس میں شہر کے امن وامان اور کاروباری ماحول کو محفوظ بنانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ ڈی آئی جی عرفان بلوچ نے تاجر برادری کو ہر ممکن تحفظ فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

لاہور چیمبر اور روڈا نے صنعتی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ کمیٹی بنانے کا فیصلہ

لاہور (ایم ایل آئی) راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کے چیف آپریٹنگ آفیسر بریگیڈیئر منصور احمد جنجوعہ نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تعاون سے ایک مشترکہ کمیٹی قائم کی جائے گی جو روڈا کی حدود میں قائم انڈسٹری کے مسائل اور چیلنجز پر جامع رپورٹ تیار کرے گی۔

لاہور پولیس چوروں، ڈاکوؤں کو نکیل نہ ڈال سکی، شہری لٹتے رہے

24 گھنٹوں میں شہر سے 17 موٹر سائیکلیں، وہیکل، میں 2 گھروں سے لاکھوں کے زیورات، نقدی اور دیگر سامان غائب

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں وارداتوں پر وارداتوں نے پولیس کی ناقص حکمت عملی کا پول کھول دیا گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 228 وارداتیں رپورٹ، پولیس ریکارڈ کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 2 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر 13 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹے کی وارداتوں میں ڈاکو 3 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 17 موٹر سائیکلیں ایک دیگر وہیکل 3 موٹیشی چوری ہو گئے۔

گریڈ 16، 17 کے ٹریفک افسران کیلئے ترقی کا راستہ ہموار ہوگیا

ٹریفک وارڈنز اور سینئر وارڈنز مقابلے کے امتحان کے ذریعے پروموٹ ہوسکیں گے

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب کی جانب سے جاری کیے گئے نئے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 16 کے سینئر ٹریفک وارڈنز اور گریڈ 17 کے ٹریفک افسران کیلئے ترقی کا اہم راستہ ہموار ہوگیا ہے۔ اب افسران پی پی ایس سی کے مقابلے کے امتحان کے ذریعے ترقی حاصل کر سکیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 50 فیصد ترقیوں کیلئے ٹریفک وارڈنز اور سینئر وارڈنز مقابلے کے امتحان کے ذریعے پروموٹ ہوسکیں گے۔ اس کے علاوہ 50 سال اور 52 سال تک کے افسران ترقی کیلئے مقابلے کے امتحان دینے کے اہل ہوں گے۔ ترقی کیلئے امیدواروں کا محکمانہ کورس مکمل ہونا، بہتر سروس ریکارڈ اور بیچلر ڈگری سیکنڈ ڈویژن میں پاس ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے اس سلسلے میں رولز میں ترامیم کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔

جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف شکنجہ تیار

لاہور (کرائم رپورٹر) جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیوں کا فیصلہ، جعلی نمبر پلیٹس لگانے والوں کے خلاف تھانوں میں مقدمات درج ہوں گے۔ لاہور سیف سٹیز حکام کے مطابق اپنی گاڑی پر کسی دوسری گاڑی کا نمبر لگا کر چلانے والوں کے خلاف مانیٹرنگ شروع کر دی گئی۔ روزانہ شہر میں چلنے والی گاڑیوں کو ایکسائز کے ڈیٹا کے مطابق چیک کیا جا رہا ہے، جعلی نمبر پلیٹس کا استعمال کر کے گاڑیوں کو مختلف کرائمز میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک ماہ کے دوران کم از کم 1 ہزار گاڑی مالکان کو خلاف مقدمات درج کروائے جائیں گے، شہری اپنی گاڑی کو ایکسائز سے جاری شدہ نمبر پلیٹس استعمال کریں۔ جعلی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والی بیشتر گاڑیوں کو پوائنٹ کر لیا گیا ہے، قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی شہری کو معافی نہیں دی جائیگی۔

لاہور پولیس ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے: فیصل کامران

لاہور میں دو بڑے ایونٹس کا پُرامن اختتام، بہترین کارکردگی پر ڈی آئی جی آپریشنز کی شاباش

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں دو بڑے ایونٹس کا پُرامن اختتام، پولیس اہلکاروں کی بہترین کارکردگی پر ڈی آئی جی آپریشنز کی شاباش۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں منعقد ہونے والے دو بڑے ایونٹس — مینار پاکستان اجتماع عام اور این اے 129 کے انتخابی مراحل بغیر کسی ناخوشگوار واقعے کے پُرامن طور پر اختتام پذیر ہوگئے۔ اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے افسران و جوانوں کی بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی دونوں ایونٹس میں مجموعی طور پر 7,467 پولیس اہلکاروں نے فرائض انجام دیے۔ مینار پاکستان اجتماع میں 2,315 جبکہ این اے 129 کی انتخابی ڈیوٹی پر 5,152 اہلکار تعینات رہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے کہا کہ تمام زونز میں ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز نے ذمہ داری کے ساتھ سپرویژن فراہم کی، حساس مقامات پر جدید ٹیکٹیکل ٹیموں نے مثالی کارکردگی دکھائی، جبکہ پولنگ اسٹیشنز اور مینار پاکستان کے اطراف فاسٹ ریسپانس یونٹس مسلسل الرٹ رہے۔ سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، واک تھرو گیٹس اور چیک پوائنٹس کی مؤثر فعالیت کو بھی سراہا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں نے سیاسی اجتماع اور ضمنی انتخاب دونوں میں پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کیا، جس سے امن وامان برقرار رکھنے میں مدد ملی۔ پارکنگ ایریاز، شاہراہوں اور داخلی وخارجی راستوں پر ٹریفک پلان بھی مؤثر رہا۔ فیصل کامران کا کہنا تھا کہ لاہور پولیس نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ ایک پروفیشنل فورس ہے جو ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔

خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم سمیت دو زخمی حالت میں گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) نشتر کالونی کے علاقے میں سی سی ڈی کے مختلف چھاپوں کے دوران خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم سمیت دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے ترجمان کے مطابق نشتر کالونی کے علاقے میں سی سی ڈی کے چھاپے کے دوران گرفتاری سے بچنے کیلئے بھاگنے والے ملزم کے نیفے میں گولی چل گئی اس کی شناخت احمد کے نام سے ہوئی جسے زخمی حالت میں جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا ملزم خواتین کو ہراساں کرنے کے مقدمے میں مطلوب تھا۔ ایک اور کارروائی کے دوران نشتر کالونی کے علاقے میں سی سی ڈی کا چھاپہ مارا جہاں گرفتاری سے بچنے کی کوشش کرنے والا ملزم گٹر میں گر کر زخمی ہو گیا زخمی ملزم قیوم کو طبی امداد کیلئے جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم چوری اور ڈکیتی کے مقدمات میں مطلوب تھا۔

ایس پی ڈولفن کا والٹن ہیڈکوارٹرز میں فزیوتھراپی سنٹر کا دورہ

جوانوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی ڈولفن کا والٹن ہیڈکوارٹرز میں فزیوتھراپی سنٹر اور ڈسپنسری کا دورہ ترجمان کے مطابق ایس پی ڈولفن اختر نواز نے والٹن ہیڈکوارٹرز میں قائم فزیوتھراپی سنٹر اور ڈسپنسری کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے کوالیفائیڈ ڈسپنسر اور فزیوتھراپسٹ سے ملاقات کی اور جوانوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر ایس پی اختر نواز نے فزیوتھراپی سنٹر میں موجود آلات اور ڈسپنسری میں دستیاب ادویات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈسپنسری میں ابتدائی طبی امداد کے لیے بنیادی اور ضروری ادویات ہر وقت موجود ہونی چاہئیں۔ ایس پی ڈولفن نے کہا کہ فزیوتھراپی جسمانی و ذہنی سٹریس میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور فروزن شولڈر جیسی تکالیف سے نجات دلانے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیوٹی کے دوران اہلکاروں کو پیش آنے والی معمولی انجریز اور تھکاوٹ جیسے مسائل بھی فزیوتھراپی سے بہتر طور پر حل ہوسکیں گے۔ اختر نواز نے ڈسپنسری عملے کو ہدایت کی کہ ڈینگی سے بچاؤ اور سموگ کے اثرات سے متعلق آگاہی بھی جوانوں کو فراہم کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈولفن سکواڈ میں جوانوں کی ویلفیئر اور صحت کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

دو منشیات فروش سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

گلریز خان اور شہزاد سے 09 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمہ درج کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہربنس پورہ پولیس نے کارروائی کے دوران دو منشیات فروشوں کو منشیات کی سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق ہربنس پورہ پولیس نے دوران چیکنگ خفیہ اطلاع پر 02 منشیات فروش گلریز خان اور شہزاد کو منشیات کی سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے 09 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے علاقہ غیر سے بذریعہ آن لائن منشیات منگوا کر مختلف علاقوں میں منشیات بیچنے کا اعتراف کیا ہے

ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز کو ریکارڈ فوری جمع کروانے کا حکم

لاہور (کرائم رپورٹر) کرپشن کی شکایات کے بعد ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز کو تمام ریکارڈ فوری طور پر جمع کروانے کا حکم جاری کر دیا گیا ہے۔ حکم نامے کے مطابق تمام ڈرائیونگ سکولز کو آج ہی فریش لائسنس ریکارڈ فراہم کرنا ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ 8 ڈرائیونگ سکولز اپنا مکمل ریکارڈ ایکسٹرنل آڈٹ کے سلسلے میں آج شام تک آڈٹ برانچ مناواں میں جمع کروائیں۔ تمام انچارجز کو ہدایت کی گئی ہے کہ ہر فائل پرالس او پیز کے مطابق دستخط اور نمبر واضح طور پر موجود ہوں ریکارڈ جمع نہ کرانے والے انچارجز اور ڈیوٹی افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔

ڈولفن سکواڈ کا گرینڈ آپریشن، 100 ملزمان سرکاری مہمان بن گئے

پتنگ بازی، ون ویلنگ اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

کسی کو شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی: ایس پی اختر نواز

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کا سپیشل گرینڈ آپریشن، 100 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ اور پتنگ بازی کے خلاف سپیشل گرینڈ آپریشن کیا جس میں مجموعی طور پر 100 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں ڈیفنس، مال روڈ، کینال روڈ، جیل روڈ، بند روڈ، فیروزپور روڈ سمیت دیگر مقامات — سے 97 ون ویلرز کو حراست میں لیا گیا۔ فیکٹری ایریا، شیراکوٹ اور دیگر علاقوں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران پتنگ بازی میں ملوث 3 افراد گرفتار کیے گئے جبکہ ان کے قبضے سے بڑی تعداد میں پتنگیں اور ڈور بھی برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے فیکٹری ایریا، شیراکوٹ، ہربنس پورہ اور دیگر متعلقہ تھانوں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی ڈولفن اختر نواز کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی، ون ویلنگ اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

ہوائی فائرنگ کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن اسکواڈ نے گلشن راوی ہوائی فائرنگ کرنیوالے 02 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا ترجمان کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں ہوائی فائرنگ و ناجائز اسلحہ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں گزشتہ روز ڈولفن سکواڈ نے گلشن راوی کے علاقے میں دو افراد کو آن روڈ موٹر سائیکل پر ہوائی فائرنگ کرتے دیکھا جن کو تعاقب کے بعد مون مارکیٹ سے گرفتار کر کے ان سے 1 پستول، گولیاں و چلیدہ خول، میگزین برآمد کر کے ملزمان عبدالقادر، یوسف کارروائی کیلئے تھانہ گلشن راوی کے حوالے کر دیا گیا

شادباغ پولیس کا ون ویلروں کے خلاف گھیرا تنگ، 9 منچلے گرفتار

زیر استعمال موٹر سائیکل کو بھی پولیس نے تحویل میں لے لیا، مقدمات درج

لاہور (کرائم رپورٹر) شادباغ پولیس کا ون ویلروں کے خلاف کریک ڈاؤن رات کے اندھیرے میں سڑکوں پر ویلنگ کرنے والے 9 منچلے گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق شادباغ پولیس نے پابندی کے باوجود رات کے پچھلے پہر ون ویلنگ کرنے والے ملزمان دوران پیٹرولنگ اطلاع ملنے پر گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے اور ان کے زیر استعمال موٹر سائیکل کو بھی پولیس تحویل میں لے لیا گرفتار ملزمان میں حسن، محسن، محبوب، سعد، اسد، حنان، فیضان، ارسلان اور بسیر شامل ہیں۔

پنجاب بھر میں 1441 ٹریفک حادثات، 762 افراد شدید زخمی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1441 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 762 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 953 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (77 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے۔ اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔

سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید سے جاپانی وفد کی ملاقات، آبشار سنٹر کا دورہ

اراکین نے ٹریفک اقدامات، ڈرائیونگ لائسنس سنٹرز اور ڈرائیونگ سکولز کو سراہا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید سے جاپانی وفد کی ملاقات، ٹریفک کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ، وفد نے آبشار سنٹر میں ڈرائیونگ سکول کا وزٹ بھی کیا، وفد نے آبشار سنٹر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے خواتین ڈرائیورز کو دی جانے والی تربیت کا ملاحظہ بھی کیا جاپانی وفد کے اراکین نے ٹریفک اقدامات، ڈرائیونگ لائسنس سنٹرز اور ڈرائیونگ سکولز کو سراہا اور سی ٹی او لاہور کا بریفنگ پر شکریہ ادا کیا اس موقع پر سی ٹی او لاہور نے وفد کو خوش آمدید کیا اور ٹریفک پولیس کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی ان کا کہنا تھا کہ ٹریفک پولیس لاہور شہریوں کی خدمت کے لئے دن رات کوشاں ہے ٹریفک پولیس لاہور ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے جدید خطوط پر کام کر رہی ہے مہم نے شہر بھر کی سڑکوں سے بھکاری مافیا کا خاتمہ کیا تاکہ ٹریفک سگنلز پر شہری پریشان نہ ہوں ان کا مزید کہنا تھا کہ ٹریفک پولیس لاہور کے ڈرائیونگ سکولز مرد و خواتین کو جدید طرز پر ڈرائیونگ کی تربیت دے رہے ہیں اس حوالے سے پاکستان کی تاریخ کا پہلا ڈرائیونگ لائسنس کیاسک لاہور ائیرپورٹ پر قائم کیا گیا۔

72 گھنٹوں میں 9 منشیات فروش گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی صوبے اصل نے 72 گھنٹوں میں 9 منشیات فروشوں گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق چوکی صوبے اصل کا منشیات فروش مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران سرچ آپریشن، سنیپ چیکنگ اور دوران پٹرولنگ 9 ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے 2 کلو آئس 70 لٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔

مناواں: بوری بند تشدد زدہ لاش برآمد، تحقیقات کا آغاز

مقتول کی عمر 25 سے 30 سال، لاش ڈمپنگ سائٹ پر پھینکی گئی، شناخت کی کوشش

لاہور (کرائم رپورٹر) مناواں کے علاقے سے بوری بند تشدد زدہ لاش برآمد اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق مناواں کے علاقے میں ڈمپنگ سائیٹ سے بوری بند تشدد لاش ملی پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کی عمر 25 سے 30 سال کے قریب ہے جس کو قتل کر کے لاش ڈمپنگ سائٹ پر پھینکی گئی ہے لاش کو پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ مقتول کے فنگرز پرنٹس کی مدد سے اس کی شناخت کی کوشش کی جا رہی ہے۔

ندیم پہلوان کی طرف سے مہمانوں کے اعزاز میں شاندار برنچ کا اہتمام

مہمانوں کی روایتی دیسی کھانوں کے ساتھ پرتکلف تواضع، تقریب یادگار رہی

لاہور (پ ر) کوآرڈینیٹر وزارت صنعت وتجارت، ندیم پہلوان کی جانب سے معزز دوستوں اور مہمانوں کے اعزاز میں ایک پُروقار برنچ کا اہتمام کیا گیا۔ مہمانوں کو روایتی دیسی کھانوں کے ساتھ پرتکلف تواضع پیش کی گئی۔ یہ برنچ ریونیو سوسائٹی، لاہور میں منعقد ہوئی۔ تقریب کو منظم اور آرگنائز کرنے میں طارق بھٹو پہلوان نے نمایاں کردار ادا کیا، جبکہ دعوت کا اہتمام ندیم پہلوان کی طرف سے کیا گیا، جس کی بدولت تقریب نہایت شاندار اور یادگار رہی۔ مہمانوں میں ڈاکٹر شوکت علی شیخ (سیکرٹری جنرل، مسلم لیگ ق اوورسیز، یو کے)، یاسین جوئیہ (کونسلر جنرل، سری لنکا)، شفیق صدر (مسلم لیگ برطانیہ)، پیر وجیہ الحسن، پیر زین العابدین، افتخار علی اعوان، ندیم پکاں والا، ڈی ایس پی سید غضنفر مہدی نقوی، حافظ طارق، حافظ اکبر، دانیال، ملک یاسین اعوان، حسن عزیز، علی رضا، شہباز طاہر عزیز، شہادت، وقاص، ناصر گجر، شہباز (صدر جینارٹی، صدر ایم ایس ایف اسلام آباد) ودیگر معزز افراد نے شرکت کی۔

بچوں کو تعلیم سے دور رکھ کر منشیات کا عادی بنایا جا رہا ہے: رفیع احمد

دو کروڑ ساٹھ لاکھ سے زائد بچے ناقص پالیسی کی وجہ سے سکول جاتے ہی نہیں

کراچی (سٹی رپورٹر) وطن عزیز میں دو کروڑ ساٹھ لاکھ سے زائد بچے گورنمنٹ کی ناقص پالیسی کی وجہ سے اسکول جاتے ہی نہیں ہے اور ان میں چالیس فیصد بچوں نے تو اسکول کا منہ بھی نہیں دیکھا ہے، یہ بات گزشتہ روز تنظیم فانوس کے صدر رفیع احمد نے عالمی یوم اطفال کے موقع پر کہی، انہوں نے کہا کہ بچوں کو تعلیم سے دور رکھ کر منشیات کا عادی بنایا جا رہا ہے، ہمارے یہ معصوم بچے سگریٹ، چرس، ہیروئن اور کرسٹل آئس کا نشہ کر کے اپنی زندگیوں کو تباہ کر رہے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اس سلسلے میں جنگی بنیادوں پر کام کرے۔

پاکستان ہمارا ملک، چاہتے ہیں ترقی کرے: پرویز اقبال لوسر

پنڈی گھیب میں شاہد محمود ٹیلیجیم والے کی صاحبزادی کی شادی میں شرکت کی

لاہور (پ ر) چیئرمین ای یو۔پاک فرینڈشپ فیڈریشن چوہدری پرویز اقبال لوسر پاکستان کے خصوصی دورے پر پہنچ گئے۔ انہوں نے ضلع اٹک کے شہر پنڈی گھیب میں شاہد محمود (ٹیلیجیم والے) کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر چوہدری پرویز اقبال لوسر کا شاندار استقبال کیا گیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ چوہدری پرویز اقبال لوسر نے شاہد محمود کی صاحبزادی کو نیک تمناؤں کیساتھ رخصت کیا اور نو بیاہتا جوڑے کو زندگی کے نئے سفر کے آغاز پر دعا دی۔ چوہدری پرویز اقبال نے کہا پاکستان ہمارا ملک ہے، چاہتے ہیں پاکستان ترقی کرے، پاکستان کو پھلتا پھولتا دیکھ کر ہمیں دلی مسرت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے پر حکومت پاکستان کے شکرگزار ہیں۔ حکومت کی جانب سے دی جانے والی سہولیات پر اوورسیز پاکستانی خوش ہیں۔

ورلڈ بینک کی سینئر اربن سپیشلسٹ رومانہ حق کا پنجاب میونسپل فنڈ کمپنی کا دورہ

واٹر سپلائی نیٹ ورکس اور جدید سٹارم واٹر ڈرینج انفراسٹرکچر کی تعمیر اور اپ گریڈیشن شامل

لاہور (پ ر) ورلڈ بینک کی سینئر اربن اسپیشلسٹ رومانہ حق نے آج پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہیں ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز نے اپنی ٹیم کے ہمراہ پنجاب سٹیز پروگرام (PCP) کی کامیاب تکمیل، اس کی نمایاں کامیابیوں، نتائج اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سید زاہد عزیز نے بتایا کہ پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت صوبے کے 16 شہروں میں بلدیاتی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے 30 ارب روپے سے زائد مالیت کے منصوبے مکمل کیے گئے۔ ان منصوبوں میں جامع سیوریج سسٹمز، واٹر سپلائی نیٹ ورکس اور جدید سٹارم واٹر ڈرینج انفراسٹرکچر کی تعمیر اور اپ گریڈیشن شامل ہے، جس سے شہری سہولیات میں واضح بہتری آئی ہے۔ ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی نے مزید بتایا کہ PCP کے تحت مکمل کیے گئے سب پریکٹیسز کی بنیاد پر پنجاب انکلوسیو سٹیز پروگرام (PICP) کے تحت مزید 16 شہروں میں خصوصی 'واٹر یونٹس' کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ واٹر سروسز کے لیے میونسپل افسران کی تعیناتی کے بعد مقامی حکومتوں کی سروس ڈیلیوری، فیلڈ رسپانس اور شہری سہولیات کی نگرانی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ سید زاہد عزیز نے بتایا کہ پروگرام کے دوران ٹیکنالوجی بیسڈ سلوشنز متعارف کرائے گئے، جن کے ذریعے 16 میونسپل کمیٹیوں کی بجٹ مینجمنٹ، ریونیو اور سروس ڈیلیوری کی استعداد کار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ ان میں جی آئی ایس میپنگ، بلدیہ شکایات ایپ، ای۔گورننس، اور دیگر آئی ٹی ٹولز شامل ہیں، جن کے ذریعے میونسپل گورننس مزید مضبوط ہوئی۔ ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پروگرام کے تمام انفراسٹرکچر منصوبوں میں ماحولیاتی اور سماجی تحفظ کے معیار کو اولین ترجیح دی گئی۔

سید زاہد عزیز، ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی رومانہ حق سینئر اربن سپیشلسٹ ورلڈ بینک کو پنجاب سٹیز پروگرام کی تکمیل اور نتائج سے آگاہ کرتے ہوئے

جامع سرمایہ کاری، کاروباری تحفظ پالیسی کا متعارف کرایا جانا ناگزیر: مدثر چودھری

بین الاقوامی کمپنیوں کا انخلاء روکا جائے، مقامی سرمایہ کاری پر بھی منفی اثرات مرتب ہونگے

لاہور (پ ر) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے سینئر وائس چیئرمین و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چودھری نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں جامع سرمایہ کاری اور کاروباری تحفظ پالیسی کا متعارف کرایا جانا ناگزیر ہے، بین الاقوامی کمپنیوں کا پاکستان سے انخلاء روکا جائے کیونکہ اس کے مقامی سرمایہ کاری پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کمپنیوں کو پاکستان میں طویل المدتی سرمایہ کاری کی ترغیب دی جائے، ایسے مواقع پیدا کیے جائیں جس سے پاکستان کا نجی شعبہ غیر ملکی کمپنیوں کے ساتھ جوائنٹ وینچر کے قابل ہو سکے، خطے کے دیگر ممالک میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے بڑھتے رجحان کے برعکس پاکستان میں کمی ہونا تشویش کا باعث ہے۔ مدثر مسعود چوہدری نے کہا کہ امتیازی ٹیکس پالیسیاں، بلند کارپوریٹ ٹیکس، منافع کی عدم واپسی، پیچیدہ ریگولیٹری نظام اور غیر یقینی پالیسیاں غیر ملکی کمپنیوں کے انخلاء کی بڑی وجوہات ہیں۔

کراچی: خفیہ اطلاع پر کسٹمز والوں کا گودام پر چھاپہ، اسمگل شدہ مونوسوڈیم گلوٹامیٹ برآمد

اسٹرک ایسڈ کی 800 بوریوں میں 20 ہزار کلوگرام سوڈیم گلوٹامیٹ چھپایا گیا تھا، ترجمان اپا کستان کسٹمز

کراچی (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت کاروائی کے دوران گودام سے اسٹرک ایسڈ کی آڑ میں اسمگل شدہ مونو سوڈیم گلوٹامیٹ برآمد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق موصولہ خفیہ اطلاع پر یونائیٹڈ ٹریڈرز کے ولیکا چورنگی اے ون گودام پر چھاپہ مار کاروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران گودام میں رکھے گئے اسٹرک ایسڈ کی آڑ میں اسمگل شدہ مونو سوڈیم گلوٹامیٹ برآمد کیا گیا۔ اسٹرک ایسڈ کی 800 بوریوں میں 20 ہزار کلوگرام سوڈیم گلوٹامیٹ چھپایا گیا تھا۔ برآمد ہونے والے ممنوعہ سوڈیم گلوٹامیٹ کی مالیت 2 کروڑ 5 لاکھ روپے ہے۔ گودام سے صرف اسٹرک ایسڈ کی ہی 100 بوریاں برآمد ہوئیں۔ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے مونوسوڈیم گلوٹامیٹ تحویل میں لیکر کسٹمز گودام منتقل کر دیا گیا ہے۔

ایس پی سکیورٹی لاہور ہائیکورٹ محمد خان بھٹی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

محمد خان بھٹی نے جی پی او گیٹ، مسجد گیٹ اور دیگر داخلی وخارجی گیٹس پر سکیورٹی کا جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) نئے تعینات ہونے والے ایس پی سکیورٹی لاہور ہائیکورٹ محمد خان بھٹی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے کے بعد انہوں نے عدالت عالیہ کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایس پی محمد خان بھٹی کے دورے کے موقع پر ڈی ایس سکیورٹی لاہور ہائی کورٹ محمد طاہر بشیر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دونوں افسران نے ہائیکورٹ کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور مجموعی سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ لی۔ محمد خان بھٹی نے جی پی او گیٹ، مسجد گیٹ اور دیگر داخلی وخارجی گیٹس کا معائنہ کیا جہاں انہوں نے پولیس اہلکاروں کی تعیناتی، داخلی وخارجی نظام اور فزیکل سکیورٹی کے اقدامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایس پی محمد خان بھٹی نے ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ الرٹ رہ کر اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں۔

نمازوں کے اوقات

طلوع آفتاب	6:39
غروب آفتاب	5:00
فجر	5:50
ظہر	1:30
عصر	4:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو/ایمبولینس/فائر بریگیڈ	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

کرنسی مارکیٹ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	281.5	281.65
کینیڈین ڈالر	199	204
برطانوی پاؤنڈ	368	372.5
یورو	324.5	328
جاپانی ین	1.8771	1.9771
سعودی ریال	75.05	75.05
اماراتی درہم	76.75	77.5
آسٹریلین ڈالر	180.5	185.5
چائنہ ین	39.2	39.6

27 منافع خور اور ذخیرہ اندوز گرفتار

16 لاکھ 62 ہزار جرمانہ، 2 دکانیں سیل

لاہور (سپیشل رپورٹر) جہان پرائس کنٹرول کموڈیٹیز مینجمنٹ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئی ہیں اور گزشتہ روز پنجاب کے تمام اضلاع میں 25 ہزار 300 سے زائد مقامات کی چیکنگ کی گئی جس کے نتیجے میں اوور چارجنگ کے مرتکب 16 سو 58 منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی گئی 3 مقدمات درج کر کے 27 گراں فروشوں کو گرفتار کر لیا گیا اور 16 لاکھ 62 ہزار جرمانہ وصول کیا گیا۔

عوام کی خدمت کر کے ہمارا مقابلہ کرنا سیکھیں: بلال اکبر خان

لاہور (پ ر) وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے ضمنی انتخابات میں تاریخی کامیابی پر پنجاب کے عوام اور ن لیگ کے شیروں کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ ضمنی انتخابات میں ووٹ پنجاب حکومت کی کارکردگی اور بھروسے کو ملا اور آج ایک بار پھر عوام نے یہ ثابت کر دیا کہ ن لیگ پر ان کا اعتماد پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکا ہے۔ بلال اکبر خان کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن، ان کی محنت اور بے لوث خدمت عوام کے دل جیت چکی ہے۔ اس لیے واویلا کرنے والوں کو پتہ ہونا چاہئے کہ کھوکھلے نعروں سے عوام متاثر نہیں ہوگی۔

کشمور میں پی پی کا یوم تاسیس جوش وجذبے سے منایا جائے گا: رضا مراد چاچڑ

کشمور (پ ر) چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے حکم پر پاکستان پیپلز پارٹی ملک بھر کی طرح ضلع کشمور میں بھی اپنا 58 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو جوش وجذبے سے منائے گی۔ اس سلسلے میں مختلف تقریبات، ریلیوں اور عوامی اجتماعات کا انعقاد کیا جائے گا جن میں کارکنان اور عوام بھرپور شرکت کریں گے۔ پیپلز پارٹی ضلع کشمور کے سیکریٹری اطلاعات رضا مراد چاچڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت، عوامی حقوق اور وفاق کی مضبوطی کی علامت ہے۔ پارٹی نے ہمیشہ ثابت قدمی کے ساتھ عوامی خدمت اور آئینی جدوجہد کا راستہ اپنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی واضح ہدایات اور وژنری قیادت کے تحت پارٹی نئی توانائی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کو مکمل ختم کیا جائے: میاں محمد اجمل قادری

لاہور (پ ر) امیر مرکزی جمعیت علماء اسلام پاکستان میاں محمد اجمل قادری و چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کو مکمل ختم کیا جائے۔ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کے دفاع اور بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔ ملک کے محب وطن اور دینی حلقوں کی دعائیں ان کے ساتھ ہیں۔ دہشت گردی کے ناسور سے وطن عزیز کو پاک کرنا اور امن وامان کو یقینی بنانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

موج میلہ میں پیام فاؤنڈیشن کے سٹال پر چیئرمین سید ذوہیب ایڈووکیٹ، سی ای او راشد احمد، ڈاکٹر مدیحہ بتول کا گروپ فوٹو

اجتماع عام نظام کی تبدیلی کے عزم کی مضبوط علامت ہے، ڈاکٹر حمیرا طارق

اجتماع میں آنے والی خواتین کا جذبہ معاشرے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کریگا: ثمینہ سعید

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی کے اجتماع عام میں شریک خواتین نے بھرپور نظم وضبط، یکجہتی اور دینی جذبے کا مظاہرہ کیا۔ یہ بات حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمیرا طارق نے اجتماع عام میں ملک بھر سے آنے والی خواتین سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے مزید کہا کہ اجتماع میں خواتین کی بھرپور شرکت بیداری اور نظام کی تبدیلی اور جدوجہد کا اظہار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین نے تربیتی، انٹرنیشنل اور یوتھ سیشنز سمیت ہر پروگرام اور سرگرمی میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اور اہل خانہ سمیت خواتین کی شرکت اجتماع کی کامیابی کا بنیادی عنصر ہے۔

حافظ نعیم الرحمٰن کا نعرہ بدل دو نظام قوم کی اجتماعی آواز بن چکا: میاں اعجاز حسین

اجتماع کی کامیابی پر جماعت اسلامی کی قیادت، کارکنان، عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

لاہور (پ ر) میاں اعجاز حسین مرکزی سیکرٹری جنرل پاسبان رکشہ ٹیکسی ڈرائیورز یونین پنجاب نے کہا ہے کہ مینار پاکستان میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ہونے والا تاریخی اجتماع عام "بدل دو نظام" لاکھوں افراد کی شرکت نے فیصلہ دے دیا ہے کہ اب پاکستان یورپ کے ماننے والوں کے لئے کوئی جگہ نہیں۔ انہوں نے اجتماع کی کامیابی پر جماعت اسلامی کی قیادت، کارکنان اور شریک عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حافظ نعیم الرحمٰن کا نعرہ بدل دو نظام قوم کی اجتماعی آواز بن چکا ہے۔ ملک میں فرسودہ نظام کے خاتمے اور اسلامی، شفاف نظام کے قیام کی امید پہلے سے زیادہ مضبوط ہو گئی ہے۔ اجتماع میں مثالی نظم وضبط برقرار رہا۔ نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے مرکزی صدر شمس الرحمٰن سواتی، صوبائی صدر امین منہاس ایڈووکیٹ اور مرکزی سیکرٹری جنرل حبیب الرحمٰن ایڈووکیٹ کی نگرانی میں کارکنان نے پارکنگ اور ٹریفک مینجمنٹ کے فرائض بہترین انداز میں سرانجام دیے، جس کے باعث ہزاروں گاڑیوں کے باوجود کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہوئی۔

کوئٹہ: کلی لانگو آباد میں گیس کی عدم فراہمی پر عوام کا شکوہ، میر بہادر لانگو سے ملاقات

بچے اور بزرگ شدید سردی اور دھوئیں کی وجہ سے بیمار، شکایات کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہوا

سریاب (پ ر) کلی لانگو آباد میں گیس کی شدید قلت اور عوامی مشکلات کے حوالے سے شائستہ خان لانگو، حاجی عبدالوہاب، غلام سرور اور محمد قاسم نے میر بہادر خان لانگو سے ملاقات کی اور اپنے علاقے کے مسائل سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران شائستہ خان لانگو نے بتایا کہ علاقے میں گیس کی عدم فراہمی کے باعث ہر گھر متاثر ہے، جبکہ بچے اور بزرگ شدید سردی اور دھوئیں کی وجہ سے بیمار رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارہا شکایات کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہوا، جس کے باعث عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ میر بہادر خان لانگو نے مسائل سننے کے بعد یقین دہانی کروائی کہ وہ عوام کی آواز کو اعلیٰ حکام تک پہنچائیں گے اور جلد عملی اقدامات کے لیے کوشش کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بہت جلد کلی لانگو آباد میں ایک خصوصی پروگرام منعقد کیا جائے گا، جس میں بچوں کے لیے مفت علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی ہے کہ حکام فوری توجہ دیں گے تاکہ گیس کی فراہمی یقینی ہو سکے اور عوام کو ریلیف مل سکے۔

موسیقار و گلوکار ساحر علی بگا نے اپنے نئے گیت "مستانی" کا ٹیزر جاری کر دیا

مقبول اداکارہ صائمہ نور طویل وقفے کے بعد ایک بار پھر سکرین پر جلوہ گر ہو رہی ہیں

لاہور (کلچرل رپورٹر) معروف موسیقار و گلوکار ساحر علی بگا نے اپنے نئے گیت "مستانی" کا ٹیزر جاری کر دیا ہے، جس میں فلم انڈسٹری کی مقبول اداکارہ صائمہ نور طویل وقفے کے بعد ایک بار پھر اسکرین پر جلوہ گر ہو رہی ہیں۔ ٹیزر کے ریلیز ہوتے ہی سوشل میڈیا پر مداحوں کی جانب سے زبردست ردعمل سامنے آیا ہے اور شائقین مکمل گانا سننے کے منتظر ہیں۔ "مستانی" صائمہ نور کی واپسی کے حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ ویڈیو میں ان کا مرکزی کردار دیکھ کر ان کے چاہنے والوں میں واضح خوشی دیکھی جا رہی ہے۔ گانے میں ساحر علی بگا نے اپنی آواز کا جادو جگایا ہے، جبکہ افشاں فواد کی آواز میں ریکارڈ کیے گئے فی میل ورژن نے اسے ایک خوبصورت اور جذباتی رنگ دیا ہے۔

چودھری عبدالستار کے چہلم کے سلسلہ میں گجرپورہ میں محفل میلاد کی تقریب

تلاوت کلام پاک، نعت خواں حضرات نے رسول مقبول کے حضور گلہائے عقیدت نچھاور کئے

لاہور (پ ر) پرانا راوی پل کے تاجر رہنما چودھری آصف ستار کے والد مسلم لیگ (ن) کے رہنما چودھری عبدالستار باگی شادی ہال والے کے ایصال ثواب کے لئے چہلم کی محفل باگی شادی ہال گجرپورہ جامعہ سکیم بی بلاک نمبر۔1 لاہور میں منعقد ہوئی۔ محفل پاک میں تلاوت کلام پاک، نعت خواں حضرات نے رسول مقبول کے حضور گلہائے عقیدت نچھاور کئے۔ سوگواران میں چودھری آصف ستار، چوہدری کاشف ستار، چوہدری راشد ستار، چوہدری عمر دین، چوہدری ابوبکر، چوہدری ارحم، عبدالغنی، پانچ بیٹیاں، سات بیٹے شامل ہیں۔ محفل میں ایم پی اے چودھری شہباز، عطاالرحمٰن چیئرمین انجمن تاجران، چودھری ذوالفقار لبا، چودھری نثار، چودھری ابرار، چودھری عبدالغفار نائب صدر مصری شاہ، شہزاد فیصل ٹین والے، عنصر، ناصر ودیگر اہل علاقہ نے شرکت کی۔

آج دن کیسا رہے گا

حمل 21 مارچ تا 21 اپریل
اپنے معاملات کو دور اندیشی سے حل کریں گے تو رزلٹ بھی اچھا ہی نکلے گا لہٰذا خود کو جلد بازی میں مبتلا کر کے اپنے بنے بنائے کام التوا کا شکار نہ کریں۔

میزان 24 ستمبر تا 23 اکتوبر
شریک حیات کے ساتھ ہلکی پھلکی نوک جھوک ہوسکتی ہے بہتر ہے آج کہیں گھومنے کا پروگرام ترتیب دے لیں تو کافی حد تک پریشانی سے بچ سکیں گے۔

ثور 22 اپریل تا 20 مئی
طبیعت بوجھل پن کا شکار رہے گی آپ ہر ایک سے لڑتے جھگڑتے نظر آئیں گے لہٰذا آج کا دن گھر پر ہی رکے رہیں تاکہ بروقت گزر جائے۔

عقرب 24 اکتوبر تا 22 نومبر
اپنے رشتے داروں سے ہوشیار رہیں آپ کے خلاف کوئی پروپیگنڈہ ترتیب دے سکتے ہیں البتہ نزدیکی سفر فائدہ مند ہے۔

جوزا 21 مئی تا 21 جون
اپنے اردگرد کے معاملات پر کڑی نظر رکھیں اپنے ماتحت لوگوں پر بھی نظر رکھیں نقصان دے سکتے ہیں نزدیکی سفر کے نتائج خاطر خواہ برآمد ہوں گے۔

قوس 23 نومبر تا 22 دسمبر
اپنے آپ کو سوچوں سے آزاد رکھیں خود ساختہ سوچیں آپ کو غلط راستے پر ڈال سکتی ہیں، لہٰذا احتیاط ہی کریں تو بہتر ہے۔

سرطان 22 جون تا 23 جولائی
اپنے آپ کو خود پسندی کے خول سے باہر نکالیں باہر ایک نئی دنیا آپ کی منتظر ہے کنویں کے مینڈک بننے سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

جدی 23 دسمبر تا 20 جنوری
سسرالی رشتہ دار آپ کی ازدواجی زندگی کو متاثر کر سکتے ہیں جتنا ہو سکے ان سے کنارہ کشی ہی آج کے دن اختیار کر لیں تو بہتر ہے۔

اسد 24 جولائی تا 23 اگست
مستقبل کے اندیشوں سے نجات مل سکتی ہے ہو سکتا ہے کوئی کاروباری معاملات بخیر و خوبی حل ہو جائیں۔

دلو 21 جنوری تا 19 فروری
آپ کے دوست آپ سے کوئی مفاد حاصل کر سکتے ہیں کامیاب ہو جائیں گے راہ چلتے یا گاڑی چلاتے احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر
رکے ہوئے کام حل ہوتے ہوئے نظر آ رہے ہیں کپڑوں اور ملبوسات کی خرید وفروخت کرنے والے حضرات اپنی منشاء کے مطابق کاروبار کو وسعت دے سکیں گے۔

حوت 20 فروری تا 20 مارچ
حالات کا بغور جائزہ لے کر آگے بڑھیں اندھا دھند بڑھنے سے نقصان کا خطرہ ہے اپنے شریک سفر کی بات کو اہمیت دیں۔

Sports

کھیل کھلاڑی

تین افغان کرکٹرز کی ہلاکت کا آئی سی سی کا دعویٰ مسترد، بیانات ایک منظم مہم کا حصہ ہیں، وزیر اطلاعات

آئی سی سی کی موجودہ قیادت میں غیر جانب داری پر سنگین سوالات اٹھ رہے ہیں، غیر جانب داری اور شفافیت فوری بحال کرے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے 3 افغان کرکٹرز کی ہلاکت سے متعلق بیان کو متعصبانہ قرار دیتے ہوئے یکسر مسترد کر دیا اور پاکستان کا مؤقف واضح کیا کہ آئی سی سی، جے شاہ اور افغان بورڈ کے بیانات ایک منظم مہم کا حصہ ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں کہا کہ یہ متنازع دعویٰ ایک طے شدہ حقیقت کے طور پر پیش کیا گیا ہے کہ تین 'افغان کرکٹرز' ایک فضائی حملے میں ہلاک ہوئے ہیں اور آئی سی سی نے ان دعووں کی تصدیق کے لیے کوئی آزاد اور قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کیا۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اس بیان کے الفاظ اور مفہوم دونوں کی سختی سے تردید کرتا ہے اور فوری تصحیح کا مطالبہ کرتا ہے اور ہم اس پریشان کن رجحان کی بھی نشان دہی کرتے ہیں، جس میں بغیر کسی شواہد کے محض تکرار کے ذریعے بیانیہ تشکیل دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی سی کے بیان کے چند گھنٹوں کے اندر ہی، اس کے چیئرمین جے شاہ نے اسی دعوے کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دہرا دیا اور اس کے بعد افغانستان کرکٹ بورڈ نے بھی اسی طرز پر ایک بیان جاری کیا جو آئی سی سی کے مؤقف کو بنیاد بناتا تو وفاقی وزیر نے کہا کہ بجائے اس کے کہ کوئی آزادانہ شواہد یا تفصیلات فراہم کی جائیں یہ ترتیب واضح طور پر ایک مصنوعی تاثر پیدا کرنے کی دانستہ کوشش ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ آئی سی سی کی موجودہ قیادت کے ذریعے سامنے آنے والے ان متنازع واقعات کی ایک اور کڑی ہے جو بظاہر پاکستان کرکٹ کو غیر مناسب طور پر متاثر کرنے کے لیے ابھرے، جن میں حالیہ ہاتھ نہ ملانے کا تنازع بھی شامل انہوں نے کہا کہ اس وجہ سے پاکستان کے ایشیا کپ میچ کے انعقاد میں تاخیر ہوئی، ایسے واقعات نے آئی سی سی کی غیر جانب داری پر اعتماد کو ٹھیس پہنچائی ہے اور ایک عالمی ریگولیٹری ادارے کو کسی جانب دار بیانیے کو فروغ دینے یا میچ مینجمنٹ کے تنازعات کو بار بار جنم دینے کا تاثر نہیں دینا عطااللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ یہ مؤقف رکھتا آیا ہے کہ سیاست کو کھیل بالخصوص کرکٹ سے دور رکھا جائے اور پاکستان آئی سی سی پر زور دیتا ہے کہ وہ اپنی آزادی اور کھیل کی روح کو برقرار رکھے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان فٹبال میچ 1-1 سے برابر

موصولہ اطلاعات کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان سرحدوں پر پیدا شدہ صورتحال کے باعث کویت میں ہونے والا میچ اہمیت اختیار کر گیا تھا،

لاہور(سپورٹس ڈیسک)اے ایف سی ایشین کپ فٹبال ٹورنامنٹ 2026 کے کوالیفائر میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان میچ 1-1 سے برابر رہا۔ دونوں ٹیموں نے 1،1 پوائنٹ حاصل کرلیا۔ گروپ کے چار میچز کے بعد پاکستان کے مجموعی پوائنٹس کی تعداد دو ہوگئی۔ قبل ازیں اسلام آباد میں منعقدہ ہوم میچ میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان مقابلہ کسی گول کے بغیر برابر رہا تھا۔ کویت میں منگل کی شب کھیلے جانے والے اپنے اوے میچ میں پاکستان نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ فائنل راونڈ میں رسائی کے لیے پاکستان کو اپنے اگلے دونوں میچز جیتنا ضروری ہوگے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان سرحدوں پر پیدا شدہ صورتحال کے باعث کویت میں ہونے والا میچ اہمیت اختیار کر گیا تھا، کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے مقامی انتظامیہ کی جانب سے سیکیورٹی کے بھرپور انتظامات کیے تھے۔ گرما گرم ماحول میں ہونے والے میچ میں کھیل کے 5 ویں منٹ ہی میں محبوب حنفی نے گول کر کے افغانستان کو برتری دلوادی۔ جارحانہ کھیل کی حکمت عملی اپنانے والی قومی فٹبال ٹیم کے اعتزاز حسین نے پہلے ہاف کے 29 ویں منٹ میں گول داغ کر مقابلہ 1-1 کر دیا۔ دوسرے ہاف میں کوئی بھی ٹیم گول نہ کرسکی۔ مقررہ وقت تک مقابلہ برابر رہنے کے بعد دونوں ٹیموں کو 1،1 پوائنٹ مل گیا۔ قبل ازیں اسلام آباد میں گزشتہ جمعرات کو منعقدہ ہوم میچ میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان مقابلہ کسی گول کے بغیر برابر رہا اس سے پہلے شام نے پاکستان کو دو اور میانمار نے ایک گول سے شکست دی تھی۔ پاکستان اب اپنے اوے میچز میں شام اور میانمار سے مقابلہ کرے گا۔ پاکستان اور افغانستان اب تک فٹبال میں 8 مرتبہ ایک دوسرے کے خلاف مدمقابل آچکے ہیں۔

سلطان آف جوہر ہاکی ٹورنامنٹ: فائنل میں آسٹریلیا کے ہاتھوں بھارت کو شکست

آسٹریلیا نے بھارت کو 1-2 سے مات دے کر تیسری بار ٹائٹل نام کیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا نے بھارت کو 1-2 سے مات دے کر 10 واں سلطان آف جوہر انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا۔ فاتح ٹیم نے تیسری مرتبہ یہ ٹائٹل اپنے نام کیا، دفاع میں ناکام برطانیہ نے پاکستان کو 2-3 سے شکست دے کر تیسری پوزیشن حاصل کرلی، 5 ویں پوزیشن کے لیے ہونے والے میچ میں میزبان ملائشیا نے نیوزی لینڈ کو 3-5 سے ہرادیا، پاکستان کے سفیان خان 9 گول کر کے ایونٹ کے ٹاپ اسکورر رہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق ملائیشیا کے شہر جوہر بارو کے تمان دیا ہاکی اسٹیڈیم میں 6 ٹیموں کے درمیان منعقدہ 10 ویں سلطان آف جوہر انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ کے فائنل میں آسٹریلیا نے دلچسپ مقابلے کے بعد جیت کو گلے لگایا۔ کھیل کے 13 ویں منٹ میں آسٹریلیا کے گروبیلار این نے گول کر کے اپنی ٹیم کو 0-1 کی سبقت دلوائی۔ 17 ویں منٹ بھارت کے ایکا انمول نے گول کر کے مقابلہ 1-1 کر دیا۔ بعدازاں دونوں ٹیموں نے ایک دوسرے کے خلاف تابڑتوڑ حملے کیے، کھیل کے 59 ویں منٹ میں گروبیلار این نے اپنا دوسرا گول داغ کر آسٹریلیا کو 1-2 کی برتری دلوادی جو حتمی ثابت ہوئی۔ تیسری پوزیشن کے مقابلے میں برطانیہ سے 3-2 سے ہارنے والی پاکستان ٹیم کے سفیان خان 9 نے گول کر کے بہترین اسکورر کا ایوارڈ حاصل کیا۔ قومی کپتان حنان شاہد 5 گول کر کے دوسرے بہترین اسکورر رہے، ٹورنامنٹ میں پاکستان نے اپنے پہلے راونڈ میچ میں ملائشیا کو 2-7 سے شکست دی تھی۔

پہلا ون ڈے: بنگلادیش نے ویسٹ انڈیز کو 74 رنز سے شکست دیدی

ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 133 رنز پر ڈھیر ہوگئی

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ایک روزہ سیریز کے پہلے میچ میں بنگلادیش نے ویسٹ انڈیز کو 74 رنز سے شکست دے دی۔ ڈھاکا میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بنگلادیش کی ٹیم 50 ویں اوور میں 207 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ میزبان ٹیم کی جانب سے توحید ہردوئے 51 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ماہیدالاسلام آنکون 46، نجم الحسین شانتو 32، رشاد حسین 26، کپتان مہدی حسن میراز 17، نورالحسن 9، سومیا سرکار 4، سیف حسن 3، مستفیض الرحمان 1 اور تسکین احمد 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ تنویر اسلام 9 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ پویلین ویسٹ انڈیز کی جانب سے جیڈن سیلز 3 وکٹیں حاصل کیں۔ روسٹن چیز اور جسٹن گریوز نے 2،2 جبکہ کھیری پیئری اور روماریو شیفرڈ نے 1،1 کھلاڑی کو آؤ کیا۔ ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 133 رنز پر ڈھیر برینڈن کنگ 44 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ایلک ایتھاناز 27، کپتان شائے ہوپ 15، جسٹن گریوز 12، کیسی کارتی 9، روسٹن چیز 6، جیڈن سیلز 3، گداکیش موتی 3، روماریو شیفرڈ 1 ورشرفین ردرفورڈ 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ کھیری پیئری 7 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ بنگلادیش کی جانب سے رشاد حسین نے 6 وکٹیں حاصل کیں۔ مستفیض الرحمان نے 2 جبکہ مہدی حسن میراز اور تنویر اسلام نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز: کرکٹ زمبابوے نے پی سی بی کی دعوت قبول کرلی

لاہور(سپورٹس ڈیسک)سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے کرکٹ زمبابوے نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی دعوت قبول کرلی۔ ذرائع کے مطابق افغانستان نے سہ ملکی سیریز میں حصہ لینے سے انکار کر دیا تھا جس کے بعد پی سی بی نے مختلف بورڈز سے رابطہ شروع کر دیا تھا۔ پاکستان، زمبابوے اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز نومبر میں ہوگی۔ تین ملکی سیریز 17 سے 29 نومبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلی جائے گی۔ پاکستان اور زمبابوے کا افتتاحی میچ 17 نومبر کو راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ سری لنکا اور زمبابوے کا میچ 19 نومبر کو راولپنڈی میں شیڈول۔

افغانستان کی سہ ملکی سیریز سے دستبرداری پر پی سی بی کا ردعمل سامنے آگیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)افغانستان کے سہ ملکی سیریز میں شرکت سے انکار پر پی سی بی کا ردعمل بھی سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز اپنے شیڈول کے مطابق ہو پی سی بی دستبردار افغانستان کی جگہ کسی اور ٹیم کو شامل کر کے سیریز سیریز شیڈول کے مطابق کروائے ذرائع کا کہنا ہے کہ تیسری ٹیم کے لیے مختلف ممالک کے نام زیر غور ہیں اور اس حوالے سے بہت جلد فیصلہ کرلیا جائے خیال رہے کہ پاکستان میں سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ 17 سے 29 نومبر تک شیڈولڈ سہ ملکی سیریز میں میزبان پاکستان، سری لنکا کے علاوہ شرکت سے انکار کرنے والی افغانستان کی ٹیم شامل تھی۔

پاکستان کا جنوبی افریقا کو وائٹ واش کرنے کا مشن، تیاریاں جاری

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستان ٹیم ٹیسٹ چیمپئن جنوبی افریقا کو دو ٹیسٹ میچز میں وائٹ واش کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ تفصیلات کے مطابق پہلے ٹیسٹ میچ میں 93 رنز سے فتح کے بعد پاکستان ٹیم کا مورال بلند ہے اور کھلاڑی دوسرے میچ میں بھی فتح کے لیے پرامید ہیں۔ قومی اسکواڈ نے راولپنڈی اسٹیڈیم میں فیلڈنگ، بولنگ اور بیٹنگ کی جم کر پریکٹس کی۔ کوچز کے زیرنگرانی کھلاڑیوں نے نیٹ پریکٹس سے پہلے فزیکل ڈرلز میں بھی حصہ لیا۔ پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ 20 اکتوبر سے شروع ہوگا۔

لاہور ٹیسٹ: دوسرے روز کا کھیل ختم، جنوبی افریقا نے 6 وکٹ کے نقصان پر 216 رنز بنالیے

پاکستان کی ٹیم پہلی اننگز میں 378 رنز پر آل آؤٹ ہوئی تھیلا ہور سیاحت گائیڈ

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ میں دوسرے روز کا کھیل ختم ہوگیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جارہے پہلے ٹیسٹ کے دوسرے روز کے اختتام پر جنوبی افریقا نے پاکستان کیخلاف اپنی پہلی اننگز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 216 رنز بنالیے ہیں۔ ٹونی ڈی زورزی 81 اور سینوران متھوسامی 6 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ پاکستان کی طرف سے نعمان علی نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، قبل ازیں پاکستان کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 378 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ جنوبی افریقا کی پہلی وکٹ 45 رنز پر گری جب ایڈن مارکرم 20 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے، 80 کے مجموعی اسکور پر ویان ملڈر بھی 17 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے۔ 174 کے مجموعی اسکور پر ریان ریکلٹن 71 رنز بنا کر آغا سلمان کی گیند پر پویلین لوٹ گئے، ٹرسٹن اسٹبس 8 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے جبکہ ڈیوالڈ بریوس صفر پر ساجد خان کی بال پر شان مسعود کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہوئے۔ 200 کے مجموعی اسکور پر کائل ویرین 2 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوئے۔ قبل ازیں پاکستان نے آج صبح 313 رنز 5 وکٹوں کے نقصان کے ساتھ دوسرے روز کے کھیل کی شروعات کی تھی۔ محمد رضوان 62 اور سلمان آغا 52 رنز کے ساتھ بیٹنگ کیلئے آئے۔ جنوبی افریقا کے بولر سینوران متھوسامی کی تباہ کن بولنگ کے سامنے پاکستانی بلے باز ریت کی دیوار ثابت ہوئے اور پاکستان ٹیم 378 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔

کوہلی اور روہت کا پاکستانی مداح کو آٹوگراف، تصاویر بھی بنوائیں

کوہلی اپنا بیگ بس میں رکھ کر سیدھا پاکستانی مداح کے پاس چلے گئے

لاہور(سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹرز ویرات کوہلی اور روہت شرما نے پاکستانی مداح کو آٹوگراف دیا اور تصاویر بھی بنوائیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ویرات کوہلی پرتھ میں جیسے ہی ہوٹل سے باہر نکلے تو ایک پاکستانی مداح نے ان سے آٹوگراف دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ کوہلی اپنا بیگ بس میں رکھ کر سیدھا پاکستانی مداح کے پاس چلے گئے، انہوں نے اسے آٹوگراف دیا اور تصویر بھی بنوائی۔ ویڈیو میں مزید دیکھا جاسکتا ہے کہ سابق بھارتی کپتان روہت شرما جو بس میں بیٹھ چکے تھے، مداح کے اشارے سے بلانے پر بس سے نیچے اتر آئے اور آٹوگراف دے کر تصویر بھی بنوائی۔ وائرل ویڈیو میں کوہلی اور روہت سے آٹوگراف حاصل کرنے والے مداح نے بتایا کہ ان کا تعلق پاکستان کے شہر کراچی سے ہے اور وہ اس سے قبل بھی ان سے ایک بار مل چکے ہیں۔

Showbiz

رونق میلہ

ابھی تو گھر کے ڈھیروں کام پڑے ہیں؛ نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ کا انتقال کی افواہوں پر ردعمل

عشرت فاطمہ نے 80 کی دہائی میں شہرت کی بلندیوں کو چھوا جو تاحال برقرار ہے

لاہور(شوبز رپورٹر)پی ٹی وی کے سنہری دور کی نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ الحمد اللہ خیریت سے ہیں اور روزمرہ کے امور کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔ عالمی شہرت یافتہ، پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) کی معروف سابق نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ کے انتقال کی جھوٹی خبریں سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل گئیں۔ ان افواہوں نے نہ صرف دنیا بھر میں موجود ان کے مداحوں بلکہ قریبی رشتہ داروں کو بھی تشویش میں مبتلا کر دیا تھا۔ خود عشرت فاطمہ بھی سوشل پر جنگل کی آگ کی طرح پھیلنے والی ان افواہوں پر حیرت زدہ رہ گئیں اور ایک ویڈیو پیغام ریکارڈ کروانا پڑا۔

کپل شرما کے کیفے پر ایک مرتبہ پھر فائرنگ

لاہور(شوبز رپورٹر)کینیڈا میں بھارتی کامیڈین کپل شرما کے 'کیپس کیفے' پر ایک بار پھر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس بار بھی بدنام زمانہ بشنوئی گینگ نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کرلی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ رات نامعلوم حملہ آوروں نے کیفے کی عمارت پر گولیاں چلائیں، جس سے کھڑکیاں چکنا چور ہوگئیں تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ فائرنگ کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی ہے جس میں ایک کار سے حملہ آوروں کو فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ گزشتہ چار ماہ میں تیسرا واقعہ ہے۔ مبینہ طور پر لارنس بشنوئی گینگ سے تعلق رکھنے والے کولویر سدھو اور گولڈی ڈھیلون نے سوشل میڈیا پر اس حملے کی ذمہ داری بھی قبول کرلی ہے۔

بگ باس میں حصہ لینے والی انفلوئنسر تانیا متل کا بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا

تانیا نے اپنے مبینہ بوائے فرینڈ بلراج سمیت کئی افراد کو دھوکا دیا

لاہور(شوبز رپورٹر)مشہور ریئلٹی شو "بگ باس" کے 19 ویں سیزن کی امیدوار اور سوشل میڈیا انفلوئنسر تانیا متل ایک نئے اسکینڈل کی زد میں آگئی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق تانیا پر الزام ہے کہ انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنی پرتعیش زندگی کے بارے میں جھوٹے اور گمراہ کن دعوے کیے۔ ممبئی کے انفلوئنسر فیضان انصاری نے تانیا کے خلاف گوالیار ایس ایس پی آفس میں باقاعدہ شکایت درج کرائی ہے۔ فیضان نے مؤقف اختیار کیا کہ تانیا متل نے خود کو ایک ایسی عمارت یا گھر کی مالکن ظاہر کیا جو "فائیو اسٹار ہوٹل سے زیادہ شاندار" ہے، اور یہ بھی دعویٰ کیا کہ وہ صرف "بکلاوا، دال اور کافی" کے لیے بذریعہ جہاز بیرون ملک سفر کرتی ہیں۔ شکایت میں مؤقف اپنایا گیا کہ تانیا کے یہ بیانات سوشل میڈیا پر نوجوانوں کے لیے غلط مثال قائم کر رہے ہیں، کیونکہ وہ ایک غیر حقیقی اور جھوٹی طرزِ زندگی کو کامیابی کی علامت بنا کر پیش کر رہی ہیں۔ فیضان کے مطابق تانیا کی یہ حرکات سوشل میڈیا پر جھوٹ، دھوکے اور خودنمائی کے کلچر کو فروغ دے رہی ہیں۔ انفلوئنسر پر مزید یہ بھی الزام عائد کیا گیا ہے کہ تانیا نے اپنے مبینہ بوائے فرینڈ بلراج سمیت کئی افراد کو دھوکا دیا، جس کے باعث ان کے درمیان تنازع پیدا ہوا اور بلراج کو جیل جانا فیضان انصاری کا کہنا ہے کہ وہ ذاتی طور پر ممبئی سے گوالیار گئے تاکہ تانیا کے خلاف شکایت کے لیے تمام ضروری شواہد جمع کروا سکیں۔

اسلام کی خاطر شوبز چھوڑنے والی بھارتی اداکارہ زائرہ وسیم کا نکاح؛ تصاویر وائرل

زائرہ وسیم نے عامر خان کے ساتھ دو بلاک بسٹر فلموں میں کام کیا اور عین عروج میں شوبز کو خیر باد کہا تھا

لاہور(شوبز رپورٹر) مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کے ساتھ فلموں 'دنگل' اور 'سیکریٹ سپر اسٹار' سے شہرت پانے والی سابق اداکارہ زائرہ وسیم نے بالآخر اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس غیر متوقع اور خاموشی سے کیے گئے نکاح کی اطلاع خود اپنے انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے دی۔ انھوں نے اپنی پوسٹ پر صرف تین الفاظ لکھے؛ قبول ہے، قبول ہے، قبول ہے۔ ان کے مداحوں کو اس بات پر بھی خوشی ہے کہ زائرہ نے ظاہری چمک دمک اور دکھاوے کے بجائے سادگی کو فوقیت دی۔ انھوں نے جو تصاویر شیئر کی ہیں ان میں ان کے ہاتھ حنا کی خوشبو سے مہک رہے ہیں اور وہ نکاح نامے پر دستخط کر رہی اور ایک تصویر میں زائرہ وسیم اپنے شوہر کے ساتھ چاند کو تک رہی ہیں، جیسے نئی زندگی کا پہلا خواب آسمان پر لکھ رہی ہوں۔ زائرہ وسیم نے اس پوسٹ میں نہ تو شوہر کا چہرہ دکھایا اور نہ ہی ان کے بارے میں کوئی تفصیل بتائی ہے۔ اپنی پرائیویسی کو برقرار رکھتے ہوئے زائرہ وسیم نے بس اتنا ہی بتایا کہ وہ اب "مسز" بن چکی یاد رہے کہ زائرہ وسیم نے 2019 میں یہ کہہ کر شوبز دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرلی تھی کہ فلمی دنیا ان کے ایمان سے متصادم ہے۔

معروف ٹک ٹاکر رومیسا سعید ٹریفک حادثے کے بعد انتقال کرگئیں

رومیسا چند روز قبل فیصل آباد کے قریب ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوگئی تھیں

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستانی فیشن انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی ماڈل اور معروف ٹک ٹاکر رومیسا سعید ایک روڈ حادثے میں زخمی ہونے کے بعد دورانِ علاج انتقال کرگئیں۔ رومیسا سعید کا شمار ان ماڈلز میں ہوتا تھا جو فیشن اور سوشل میڈیا دونوں میدانوں میں تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہی تھیں۔ وہ نہ صرف فیشن شوز میں اپنی دلکش شخصیت کے باعث نمایاں رہیں بلکہ ٹک ٹاک اور انسٹاگرام پر بھی ہزاروں مداحوں کی توجہ کا مرکز تھیں۔ رپورٹس کے مطابق رومیسا چند روز قبل فیصل آباد کے قریب ایک ٹریفک حادثے کا شکار ہوئیں۔

آج کل کی لڑکیاں شادی کے بجائے کیریئر اور آزادی کو ترجیح دیتی ہیں؛ غزالہ جاوید

لاہور(شوبز رپورٹر)سینئر اداکارہ غزالہ جاوید نے اپنے دورے سے موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ آج کل کی لڑکیاں جلدی شادی کے حق میں نہیں اور اس کی کئی وجوہات ہیں۔ اپنے حالیہ انٹرویو میں غزالہ جاوید کا کہنا تھا کہ اب لڑکیاں کیریئر، خودمختاری اور آزادی کو پہلی ترجیح دیتی ہیں اسی لیے وہ جلدی شادی کے بندھن میں بندھنے سے گریز کرتی ہیں۔ غزالہ جاوید نے کہا کہ آج کی لڑکی سمجھتی ہیں کہ شادی کے بعد اس کی آزادی محدود ہوجائے گی لیکن ماضی میں ایسا نہیں تھا۔ ماضی شادی پہلی ترجیح تھی۔ اداکارہ غزالہ جاوید نے انکشاف کیا کہ میری شادی صرف 16 سال کی عمر میں ہوئی تھی اور 18 سال کی عمر تک وہ ماں بھی بن گئی تھیں۔

حرامانی کی ہمشکل کہلائی جانے والی خاتون اداکاری کے میدان میں قدم رکھنے کو تیار ہیں؟

لاہور(شوبز رپورٹر) زیادہ دن پرانی بات نہیں کہ اداکارہ حرامانی کی ایک ہمشکل خاتون ڈاکٹر اقدس طارق نے سوشل میڈیا پر کافی پذیرائی حاصل کی تھی اور صارفین ان کی اداکارہ سے مماثلت پر حیران رہ گئے تھے۔ یہ پاکستانی نژاد خاتون ڈاکٹر ہیں اور برطانیہ میں مقیم ہیں۔ وہ انسٹاگرام ویڈیو پر بچوں کی تربیت، دیکھ بھال اور ذہنی صحت سے متعلق مثبت مشورے بھی دیتی ہیں۔ ایسی ہی ایک وائرل ویڈیو نے انھیں بطور حرامانی کی ہم شکل کافی شہرت دلوائی تھی۔ ان کی آواز اور انداز گفتگو بھی حرامانی سے کافی ملتا ہے۔

شادی کینسل؛ ٹام کروز اور کیوبن اداکارہ کے درمیان تعلقات 9 ماہ بعد ہی ختم

لاہور(شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام کروز اور کیوبن نژاد اداکارہ آنا دے آرمس کے درمیان نو ماہ سے جاری رومانوی تعلق کا اختتام ہوگیا ہے۔ 63 سالہ ٹام کروز اور 37 سالہ آنا دے آرمس نے کبھی بھی اپنے تعلقات کی باقاعدہ طور پر تصدیق نہیں کی تھی، لیکن انہیں اس سال کے اوائل میں سابق فٹبالر ڈیوڈ بیکھم کی پچاسویں سالگرہ کی تقریب میں ایک ساتھ دیکھا گیا تھا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق دونوں کے درمیان تعلقات میں ٹھنڈک پڑگئی ہے اور وہ اب ڈیٹنگ کا سلسلہ ختم کرچکے ہیں، تاہم دونوں دوست بن کر رہیں گے۔ ذرائع کے مطابق ٹام کروز اور آنا نے ایک ساتھ اچھا وقت گزارا لیکن اب ان کے راستے الگ ہوگئے ہیں۔ یہ جوڑا ورمونٹ میں آنا دے آرمس کے سات ملین ڈالر کے گھر پر اکثر دیکھا جاتا تھا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ آنا کو ٹام کروز کی آنے والی فلم میں کاسٹ کیا گیا ہے۔

ایاز خان کی جانی لیور سے ملاقات، اجرک بطور تحفہ پیش کردی

ویڈیو میں دونوں فنکاروں کو سندھی زبان میں مکالمہ کرتے دیکھا گیا گفٹ باسکیٹس

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے سینئر اداکار ایاز خان نے دبئی میں بھارتی کامیڈین و اداکار جانی لیور سے ملاقات کی، جس کی ویڈیو انہوں نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایاز خان نے جانی لیور کو روایتی سندھی اجرک بطور تحفہ پیش کی، جس کو بھارتی فنکار نے خوش اسلوبی سے قبول کیا۔ دونوں فنکار ملاقات کے دوران خوشگوار موڈ میں نظر آئے۔ ایاز خان نے اس ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ انہوں نے دبئی میں جانی لیور کے ساتھ پوڈکاسٹ ریکارڈ کیا، جہاں ہلکے پھلکے انداز میں بات چیت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ کامیڈی سرحدوں کی قید نہیں ہوتی اور ہنسی انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ویڈیو میں دونوں فنکاروں کو سندھی زبان میں مکالمہ کرتے دیکھا گیا، جس کو سوشل میڈیا صارفین نے بے حد سراہا۔

بالی ووڈ کے تینوں خانز نے سعودی عرب میں دھوم مچادی

عامر خان نے مداحوں کے پُرزور اصرار پر گانا بھی گایا

لاہور(شوبز رپورٹر)سعودی دارالحکومت ریاض میں جوئے فورم کے اسٹیج پر اس وقت فلمی دیوانوں کا جوش آسمان کو چھونے لگا جب بالی ووڈ کے تینوں بادشاہ شاہ رخ، سلمان اور عامر خان ایک ساتھ جلوہ گر ہوئے۔ یہ وہ منظر ہے جس کے لیے مداح برسوں آس لگائے ہوتے ہیں اور شاذونادر ہی ایسا ہو پاتا ہے جب تینوں خانز ایک ساتھ کسی اسٹیج پر نظر آئے ہوں اور جب ایسا ہو تو مداحوں کا دیوانہ پن دیکھنے لائق ہوتا ہے۔ ریاض کے ایک ایسے ہی اسٹیج پر جب مداحوں کے پُرزور اصرار پر عامر خان نے اپنی فلم کا مقبول گانا گنگنایا تو مداح خوشی سے جھوم اُٹھے۔ اسٹیج پر عامر خان کے عقب میں شاہ رخ اور سلمان خان نے بیک اپ بوائز کا کردار خوب نبھایا۔ دونوں نہ صرف تالیوں سے عامر کا ساتھ دے رہے تھے بلکہ ساتھی اداکار کو خوب داد سے بھی نواز رہے تھے۔ تینوں سپر اسٹارز نے اپنی فلموں، کرداروں اور ماضی کی یادوں کا تڑکا لگایا۔ شوٹنگ کے دوران پیش آنے والے دلچسپ واقعات سنائے اور حیران کر دینے والی شرارتوں سے پردہ اُٹھاتو ہال قہقہوں سے گونج اٹھا۔ تینوں خانز نے سعودی عرب میں اس پذیرائی پر منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور مداحوں سے وعدہ کیا کہ آئندہ بھی ایسے پروگراموں میں شرکت کے لیے آتے رہے ہیں۔

شوہر کے لیے سب کچھ کیا لیکن شادی کے 10 ماہ بعد ہی طلاق ہوگئی، زینب قیوم

''میں تو سوچتی تھی کہ شوہر کے گھر سے ہی میری میت اٹھے گی''؛ اداکارہ

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سابق ماڈل اور اداکارہ زینب قیوم نے ایک ویب شو میں اپنی ازدواجی زندگی کے بارے میں دلچسپ انکشافات کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی شادی کے محض دس ماہ بعد ہی ان کے شوہر نے انہیں طلاق دے دی تھی۔ زینب قیوم نے بتایا کہ انہوں نے 2010 میں شادی کی تھی اور اس کے بعد دبئی اور پھر لندن منتقل ہوگئی تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ''میں تو سوچتی تھی کہ شوہر کے گھر سے ہی میری میت اٹھے گی اور میرے ساتھ ہوئی زیادتیوں کا بدلہ میرے بچے لیں گے، لیکن اس کے باوجود میرے شوہر نے مجھے طلاق دے دی۔'' زینب نے اعتراف کیا کہ طلاق کے بعد وہ دلبرداشتہ ہوگئی تھیں اور سوچتی تھیں کہ ایک کامیاب کیریئر کے باوجود وہ شادی جیسے رشتے کو نبھانے میں کیسے ناکام ہوگئیں۔ انہوں نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ''میرے سابق شوہر کو لگتا تھا کہ ہمارے درمیان مطابقت نہیں ہے۔

بقیہ 1

بلند مقام دیا ہے، رسول اکرم ﷺ نے حجتہ الوداع پر اچھا سلوک کرنے ہدایت فرمائی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ ہر خاتون ہر حیثیت میں قابل احترام ہے، تشدد یا ہراسانی ہرگز برداشت نہیں۔ پنجاب خواتین کے لئے محفوظ ہے، محفوظ ترین بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواتین کے لیے تشدد سے پاک، محفوظ معاشرہ تہذیب و ترقی کی ضمانت ہے۔خواتین پر تشدد کرنے والے بزدل اور مجرم ہیں، آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ورچوئل وویمن پولیس اسٹیشن، پینک بٹن اور ہیلپ لائن خواتین کے تحفظ کی طرف پہلا قدم ہے۔خواتین کو ہراساں کرنے والوں کے خلاف سی سی ڈی بھی پوری طرح متحرک ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواتین پر تشدد اور ہراسانی کے واقعات کے مستقل سدباب کے لئے معاشرے کے ہر طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔خواتین پر تشدد اور ہراسانی روکنے کے لئے معاشرے میں عوامی شعور بے حد ضروری ہے۔خوف سے پاک اور محفوظ ماحول میں ہی بیٹی پڑھے گی اور آگے بڑھے گی۔سوشل میڈیا پر ہراسانی اور نفرت انگیز مواد سے خواتین کو بچانے کے لیے بھی ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 2

آئینی عدالت کے بائیکاٹ پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔وفاقی آئینی عدالت کے باہر صحافی نے سلمان اکرم راجہ سے سوال کیا کہ کیا پی ٹی آئی نے آئینی عدالت کا بائیکاٹ نہیں کیا؟ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ پارٹی میں مشاورت کریں گے، عدالت اب قائم کردی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی قید تنہائی کے حوالے سے درخواست بھی لگنی ہے، فیصلہ کریں گے ایک عدالت کو ہم نہیں مانتے تو اس میں پیش ہونا ہے یا نہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل نے کہا کہ آئینی عدالت سے متعلق ہم نے فیصلہ کرنا ہے لیکن تاحال فیصلہ نہیں ہوا۔

بقیہ 3

جانے کی اجازت ملے گی۔لاہور ہائی کورٹ پنڈی بینچ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے میرے کیس میں انٹرا کورٹ اپیل دائر کی ہے۔شیخ رشید نے کہا کہ حکومت نے عدالت سے حکم امتناع حاصل کیا ہے، ہمارا کیس آئندہ منگل تک چلا گیا ہے۔اس سے قبل ایف آئی اے اور پاسپورٹ امیگریشن حکام کے خلاف شیخ رشید احمد کی رٹ پٹیشن پر سماعت جسٹس صداقت علی خان نے کی۔شیخ رشید اپنے وکیل سردار عبدالرزاق خان کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ ایف آئی اے اور پاسپورٹ امیگریشن حکام نے سنگل بینچ فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کی ہے، جسٹس رضا قریشی اور جسٹس جواد حسن پر مشتمل ڈویژن بینچ نے سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر کے حکم امتناع جاری کیا۔عدالت نے کیس کی مزید سماعت 2 دسمبر تک ملتوی کر دی۔واضح رہے کہ عدالت نے شیخ رشید کو عمرے پر جانے دینے کے احکامات دے دیے تھے۔شیخ رشید نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر روکے جانے کے خلاف رٹ پٹیشن دائر کی ہے۔

بقیہ 4

نے وزیراعظم کو اپنی وزارت سے متعلقہ امور پر بریف کیا۔وزیراعظم نے بیرون ملک پاکستانیوں کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے وزارت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 5

حلقہ 189 راجن پور سے رکن قومی اسمبلی شمشیر علی مزاری نے ملاقات کی۔منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق رکن قومی اسمبلی شمشیر علی مزاری نے وزیراعظم کو حلقہ سے متعلقہ امور اور مسائل سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار بھی موجود تھے۔

بقیہ 6

فتنہ الخوارج کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے موثر انداز میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔شدید فائرنگ میں 22 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں مزید بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ الخوارج کی تلاش کیلئے کلیئرنس آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک دشمن نیٹ ورکس کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور پاکستان کی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیاں قومی ایکشن پلان کی وفاقی ایپکس کمیٹی سے منظور شدہ وژن عزم استحکام کے تحت اپنی بے رحم انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رکھیں گی، تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے ناسور کو مکمل طور پر ختم کیا جا سکے۔دوسری جانب صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 22 حملہ آوروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے بروقت اور موثر ردعمل کو سراہتے ہوئے کہا کہ عزم استحکام کے تحت جاری کاؤنٹر ٹیررازم مہم میں پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا عزم قابل ستائش ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارتی پشت پناہی میں سرگرم خوارج کا قلع قمع ریاست کی اولین ترجیح ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ شہدا اور غازی قوم کا فخر ہیں۔انہوں نے آپریشن کے دوران جرات دکھانے والے جوانوں کو سلام پیش کیا۔وزیراعظم نے اپنے بیان میں کہا کہ 22 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے سیکیورٹی فورسز نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے بنوں میں آپریشن سراہتے ہوئے کہا ہے کہ عزم استحکام کے وژن کے تحت سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بڑی کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پاکستان کی افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 7

پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ریاست پاکستان بیدار ہے، آہنی دیوار ہے، ہر دشمن سے بلاخوف مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ پاکستان کی طرف بڑھنے والا ہر ناپاک و قبیح قدم کی منزل تباہی اور جہنم ہے۔

بقیہ 8

اہم قدم ہوگا۔لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں گفتگو کرتے ہوئے ہائی کمشنر نے بتایا کہ ویزا حاصل کرنے کا طریقہ مزید آسان بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب لاہور چیمبر اور بنگلا دیش کے اعزازی قونصل خانے کی مشترکہ سفارش پر ویزے تین سے چار دن میں جاری کر دیے جائیں گے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان سفر مزید آسان ہوجائے گا۔صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل نے ہائی کمشنر کا استقبال کیا۔اس موقع پر سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، ایگزیکٹو کمیٹی ممبر شعبان اختر، سابق ای سی ممبر نعیم حنیف اور بنگلا دیش ہائی کمیشن کے سفارتکار محفوظ الحسن بھی موجود تھے۔لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمن سہگل نے کہا کہ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان تاریخی اور ثقافتی تعلقات ہیں اور دونوں کا ورثہ ایک جیسا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بنگلا دیش کو چاول کی برآمدات بڑھا سکتا ہے اور گارمنٹس کے شعبے میں بنگلا دیش سے سیکھ سکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ آئی ٹی، آٹوموبائل اور دیگر شعبوں میں بھی تعاون کیا جا سکتا ہے۔اس وقت دونوں ملکوں کی باہمی تجارت تقریباً 700 ملین ڈالر کے قریب ہے، جس کو آئندہ چند برسوں میں 3 ارب ڈالر تک بڑھایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ براہِ راست پروازیں تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط کریں گی اور لاہور چیمبر اس سلسلے میں بنگلا دیش ہائی کمیشن کے ساتھ مکمل تعاون کرے گا۔ہائی کمشنر نے لاہور چیمبر کے صدر کو بنگلا دیش کا دورہ کرنے کی دعوت دی، جس پر صدر فہیم سہگل نے مثبت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ جلد ایک تجارتی وفد بنگلا دیش کا دورہ کرے گا۔اقبال حسین خان نے کہا کہ پاکستان بنگلا دیش کو چاول برآمد کر سکتا ہے جبکہ بنگلا دیش پاکستان کو تازہ انناس فراہم کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل اور ریڈی میڈ گارمنٹس کے شعبے میں بھی بہت مواقع موجود ہیں۔انہوں نے بتایا کہ دونوں ملکوں کے درمیان براہِ راست کارگو شپنگ سروس بھی جلد شروع ہوجائے گی۔اگرچہ پچھلے سال دسمبر سے ایک کارگو سروس چل رہی ہے لیکن بڑھتی ہوئی تجارتی ضرورت کے باعث اب ایک خصوصی براہِ راست کارگو روٹ کی ضرورت ہے۔تعلیم کے شعبے میں بھی تعاون کی بات کی گئی۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی ہائر ایجوکیشن کمیشن جلد بنگلا دیش بھی ایک وفد بھیجے گی، جس میں 12 یونیورسٹیوں کے نمائندے شامل ہوں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ بنگلا دیشی طلبہ پاکستان میں تعلیم حاصل کر سکیں۔ہائی کمشنر نے پاکستان کی سیاحت کے شعبے میں موجود مواقع کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کی ثقافت، تاریخ اور اقدار ایک جیسی ہیں اور دونوں قومیں ایک خاندان کی طرح جڑی ہوئی ہیں۔

بقیہ 9

عاصم افتخار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے باوجود خلاف ورزیاں جاری ہیں، جنگ بندی کے بعد اسرائیلی حملوں میں 300 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے، غزہ میں 2 سال سے جاری جنگ میں 70 ہزار کے قریب فلسطینی شہید ہوئے، پاکستانی مستقل مندوب نے کہا کہ لوگ دہشت میں زندگی گزار رہے ہیں غزہ امن عمل میں اس لئے شامل ہوئے کیونکہ یہ فلسطینی ریاست کے قیام کا واضح راستہ ہے، پاکستان فلسطینی عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتا ہے، پاکستان آزاد ریاست کے قیام کی جدوجہد میں فلسطین کے ساتھ کھڑا ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور بلاتعطل انسانی امداد تک رسائی کی ضمانت دی جائے۔عاصم افتخار نے کہا کہ غزہ کی بحالی اور تعمیر نو کا عمل بغیر کسی تاخیر کے شروع ہونا چاہیے، کسی بھی حالت میں نہ الحاق کیا جائے اور نہ ہی غزہ سے جبراً بے دخلی ہو۔

بقیہ 10

معاشی خود مختاری کے ذریعے بااختیار بنانا تشدد کو ختم کرنے کی بنیادی شرط ہے، اس سال کا موضوع ”خواتین اور لڑکیوں کے خلاف ڈیجیٹل تشدد کے خاتمے کے لیے اتحاد“ ہمیں پیشگی حکمت عملیوں، متاثرہ خواتین کی معاونت اور نظام میں اصلاحات پر سرمایہ کاری بڑھانے کی ترغیب دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں، سول سوسائٹی اور برادریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کیلئے اپنی مشترکہ کوششوں کو مزید تیز کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ قوانین نہ صرف منظور ہوں بلکہ پوری طرح نافذ بھی کئے جائیں۔آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ آیئے ہم عہد کریں کہ ایک ایسا مستقبل تعمیر کریں گے جہاں ہر عورت اور ہر لڑکی خوف اور تشدد سے آزاد زندگی گزار سکے اور اپنی پوری صلاحیتیں بروئے کار لا سکے۔وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے خواتین پر تشدد اور انہیں ہراساں کئے جانے کے واقعات کے مکمل انسداد کیلئے کثیر الجہتی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں با اختیار بنانے کیلئے پیکیج سمیت متعدد اہم اقدامات کر رہی ہے، خواتین پر تشدد کے خلاف سب کو متحد ہونا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ آج خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان تمام دنیا کے ساتھ اس اہم مقصد کو اجاگر کرنے کیلئے اپنی آواز کو بلند کر رہا ہے، اس سال یہ دن ”خواتین کے خلاف ڈیجیٹل تشدد کے خاتمے کے لیے متحد“ ہونے کے عنوان کے تحت منایا جارہا ہے، یہ عنوان جدید دور میں خواتین کو مختلف سطحوں اور پلیٹ فارمز پر تشدد اور ہراساں کئے جانے کی طرف توجہ دلاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اس بات کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم سوچیں اور اس عہد کی تجدید کرتے ہوئے متحد ہو کر اس کے خلاف جدوجہد کریں، خواتین پر تشدد اور ہراساں کئے جانے کے واقعات کے مکمل انسداد کیلئے ہمیں کثیر الجہتی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، جامع حکمت عملی میں نہ صرف اس طرح کے واقعات کا سدباب کے اقدامات شامل ہونا چاہئے بلکہ متاثرہ خواتین سے ہمدردی اور معاشرے کے استحصالی نظام کی اصلاح شامل ہے۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ خواتین کے خلاف تشدد نہ صرف انسانیت، بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ معاشرے کے امن وسکون اور ترقی وخوشحالی میں بہت بڑی رکاوٹ ہے، آئین پاکستان بڑے واضح الفاظ میں خواتین کی عزت وتکریم کی ضمانت دیتا ہے، معاشرے میں خواتین کو بہت سی صورتحال میں امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ حکومت پاکستان عالمی سطح پر خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی معاہدہ کو تسلیم کرتا ہے، حکومتی سطح پر خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے پالیسی، قانون سازی، انتظامی، ادارہ جاتی اور دیگر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، حکومت پاکستان خواتین کے قانونی تحفظ، انکی انصاف تک رسائی کیلئے بھی کوشاں ہے۔

بقیہ 11

جواب داخل کریں گے، میرے امیدواروں نے شکایت کی ہے کہ آر او آفس کے اندر سیکیورٹی وفاقی اداروں کی تھی۔الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے کہا کہ اگر الیکشن میں دھاندلی کی تو قانونی کارروائی ہوگی۔سہیل آفریدی نے کہا کہ آر او وفاقی حکومت کے تھے، میں نے سلمان اکرم راجہ کی ذمے داری لگائی کہ اس کی تحقیقات کر کے تفصیلات ہمیں بتائیں۔وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ پریذائیڈنگ افسر کے پی حکومت کے تھے انہوں نے فارم 45 دیا، الیکشن کمیشن یا کوئی اور ادارہ ہو ہم اس کا احترام کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری انگنز آئین اور قانون کے مطابق ہے جارحانہ نہیں، آپ نے کہا پنجاب کی وزیراعلیٰ ترقی کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا میں ترقی ہو رہی ہے اس لیے کے پی کے لوگ پی ٹی آئی کو ووٹ دے رہے۔انہوں نے کہا کہ ہم کہتے ہیں وفاق ہمارے صوبے کے پیسے دے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی ہماری تحریک بھی چل رہی ہے وہ آپ کو نظر آئے گی۔

بقیہ 12

سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج پاکستان کے دشمن اور ان کا خاتمہ ناگزیر ہے۔اپنے بیان میں شازیہ مری نے بنوں میں بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن میں 22 دہشتگردوں کا جہنم واصل ہونا سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔شازیہ مری نے کہا کہ آپریشن میں بہادری دکھانے والے جوانوں کو سلام پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ الخوارج پاکستان کے دشمن اور ان کا خاتمہ ناگزیر ہے۔شازیہ مری نے کہا کہ مسلح افواج کے جوان امن کے لیے اپنی جانوں کی قربانیاں دے رہے ہیں، بھارت دنیا کے امن کے لیے سب سے بڑا خطرہ بن چکا ہے۔شازیہ مری نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا عزم قابلِ تحسین ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارتی پشت پناہی میں سرگرم خوارج کا خاتمہ ریاست کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 13

اسمبلی میں جمع کرا دی گئی۔پنجاب اسمبلی میں قرارداد چیئر پرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے جمع کرائی۔قرارداد کے متن میں کہا گیا کہ یہ ایوان خواتین اور بچیوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ خواتین کا وقار اور سلامتی ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، یہ ایوان تسلیم کرتا ہے کہ جسمانی، نفسیاتی، معاشی اور ڈیجیٹل تشدد کا خاتمہ فوری تقاضا ہے۔متن میں کہا گیا کہ یہ ایوان سمجھتا ہے کہ تشدد کے خاتمے کیلئے اداروں اور معاشرے کو مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگی، یہ ایوان اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی بطور پہلی خاتون وزیراعلیٰ حیثیت خواتین کے تحفظ کی مضبوط علامت ہے، یہ ایوان واضح کرتا ہے کہ خواتین کے خلاف جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل ہوگا۔قرارداد میں کہا گیا کہ یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ متاثرہ خواتین کو قانونی، نفسیاتی اور حفاظتی معاونت تک فوری رسائی دی جائے، یہ ایوان تسلیم کرتا ہے کہ انصاف کی فراہمی کو مؤثر، تیز اور قابلِ اعتماد بنانا ناگزیر ہے، یہ ایوان اعتراف کرتا ہے کہ پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔متن کے مطابق یہ ایوان اس بات پر زور دیتا ہے کہ خواتین کی معاونت کیلئے پالیسی اور سروس ڈیلیوری سسٹم کو مزید مضبوط کیا جائے، یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ تمام متعلقہ محکمے ایک متحد قوت بن کر روابط بہتر بنائیں، پالیسی ہم آہنگی کے بغیر تشدد کے خاتمے کے اہداف حاصل نہیں ہوسکتے۔قرارداد میں مزید کہا گیا کہ یہ ایوان تسلیم کرتا ہے کہ محفوظ، بااعتماد اور خوف سے پاک معاشرہ تشکیل دینا وقت کی ضرورت ہے، یہ ایوان سمجھتا ہے کہ خواتین کی بااختیاری ہی ترقی یافتہ پنجاب کی بنیاد ہے، یہ ایوان اعلان کرتا ہے کہ خواتین کے تحفظ کیلئے صوبائی سطح پر تمام اقدامات مزید مؤثر کئے جائیں گے، یہ ایوان عزم کرتا ہے کہ صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 14

ہے تو اعلانیہ کرتا ہے، کبھی سویلین پر حملہ نہیں کرتا، پاکستانی عوام اور فوج دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں، جب کہ دہشت گردی کیخلاف مربوط جنگ کے لیے گھر کو ٹھیک کرنا ہوگا۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران واضح کیا کہ پاکستان نے افغانستان میں گزشتہ شب کوئی کارروائی نہیں کی اور جب بھی کوئی کارروائی کی باقاعدہ اعلان کر کے کی۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان کبھی سویلینز پر حملہ نہیں کرتا، افغان طالبان دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس کارروائی کرے، ہمارا مسئلہ افغان عبوری حکومت سے ہے، افغان عوام سے نہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستانی عوام اور فوج دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں، دہشت گردی کیخلاف مربوط جنگ کے لیے گھر کو ٹھیک کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ 4 نومبر کے بعد سے اب تک 206 دہشتگرد مارے گئے ہیں، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں 4 ہزار 910 آپریشن کیے گئے جب کہ ملک میں خودکش حملے کرنے والے سب افغانی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ہماری نظر میں کوئی گڈ اور بیڈ طالبان نہیں ہیں، دہشت گردوں میں کوئی تفریق نہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان جب بھی حملہ کرتا ہے تو اعلانیہ کرتا ہے اور کبھی سویلین پر حملہ نہیں کرتا، ہم ریاست ہیں، ریاست کے طور پر ہی ردعمل دیتے ہیں، خون اور تجارت ایک ساتھ نہیں چل سکتے، یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم پر حملے بھی ہوں اور ہم تجارت بھی کریں، ہم افغان عوام کے نہیں بلکہ دہشتگردی کے خلاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبان حکومت ریاست کی طرح فیصلہ کرے، طالبان حکومت نان اسٹیٹ ایکٹرز کی طرح فیصلہ نہ کرے، طالبان حکومت کب تک عبوری رہے گی؟ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مطالبہ کیا کہ دہشتگردی کے بہت سے واقعات میں نان کسٹم پیڈ گاڑیاں استعمال ہوئیں لہٰذا نان کسٹم پیڈ گاڑیوں پر فوری پابندی عائد کی جائے۔ایک سوال کے جواب میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کے خلاف کورٹ مارشل کی کارروائی جاری ہے، فیض حمید کا کورٹ مارشل قانونی اور عدالتی عمل ہے، کورٹ مارشل کے معاملے پر قیاس آرائیاں نہ کی جائیں، جب یہ معاملہ حتمی نتیجے پر پہنچے گا فوری طور پر اعلان کردیا جائے گا۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاک افغان سرحد پر اسمگلنگ اور سیاسی جرائم کا گٹھ جوڑ توڑنا ضروری ہے کیوں کہ سرحد پار سے دہشت گردی کی معاونت سب سے بڑا مسئلہ ہے، انہوں نے کہا کہ بیرون ممالک سے سوشل میڈیا پر اکاؤنٹس ریاست کے خلاف بیانیہ بنا رہے ہیں۔

بقیہ 15

زیادہ عرصہ ہوگیا ہے، میری دعا ہے اور آپ بھی دعا کریں کہ وہ جلد باہر آ جائیں، ان کو کوئی گھبراہٹ نہیں ہے آپ کو بھی نہیں ہونی چاہئے، ہر جگہ مجھ پر کیسز ہیں، بار کونسلز کا الیکشن ہو رہا ہے وہاں بھی میری مصروفیت ہے۔قبل ازیں ایف آئی اے سینٹرل کورٹ لاہور میں چودھری پرویز الٰہی اور دیگر کے خلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت ہوئی۔ چودھری پرویز الٰہی نے عدالت پیش ہو کر اپنی حاضری مکمل کروائی۔ایف آئی اے کورٹ کے جج عارف خان نیازی نے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ 16

نے بیرسٹر گوہر کی جانب سے دائر اپیل پر سماعت کی، وکیل سمیر کھوسہ نے مؤقف اختیار کیا کہ اس معاملے پر سپریم کورٹ کے 7 رکنی بینچ نے ابتدائی فیصلہ دیا تھا، اس کے علاوہ آئینی عدالت نے سپریم کورٹ کے رولز بھی اپنا لیے ہیں، جن کے مطابق 5 رکنی بینچ اس نوعیت کی اپیل نہیں سن سکتا۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مؤقف اپنایا چوں کہ یہ عدالت الگ حیثیت رکھتی ہے، اس لیے ججز کی تعداد زیادہ یا کم ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، آئینی عدالت خود طے کرے گی کہ کتنے ججز اپیل سنیں گے۔وکیل سمیر کھوسہ نے کہا کہ موجودہ اپیل پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے تحت دائر کی گئی ہے، اور اسی قانون کے تحت لارجر بینچ ہی اپیل سننے کا اختیار رکھتا ہے۔جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ کم از کم نوٹس جاری کرنے کی حد تک کوئی قانونی مسئلہ نظر نہیں آ رہا۔عدالت نے دلائل سننے کے بعد پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس کے خلاف دائر اپیل پر حکومت کو نوٹس جاری کر دیا۔

بقیہ 17

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں الیکشن کمیشن کے 5 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، سہیل آفریدی کے وکیل علی بخاری بھی الیکشن کمیشن میں موجود تھے۔الیکشن کمیشن میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے وکیل علی بخاری نے وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف درخواست جمع کرادی جس میں کہا گیا ہے کہ این اے 18 سے ملحقہ حسن ابدال میں ترقیاتی منصوبوں کے اعلان پر وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف کارروائی کی جائے۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ درخواست جمع کروا دیں، اسے الگ دیکھیں گے۔اسپیشل سیکرٹری نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی آگے بڑھائی جائے۔وکیل علی بخاری نے کہا کہ الیکشن کمیشن ہمیں وقت نہیں دے رہا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے خلاف کیس نہیں چلتا۔وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے وکیل نے کہا کہ اسی کیس میں ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسر کے سامنے پیش ہوا، آج اسی کیس میں الیکشن کمیشن نے بلایا ہے، الیکشن کمیشن ہمیں وقت نہیں دے رہا۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ کو پورا وقت ملے گا، جس پر وکیل نے کہا کہ ہماری درخواستیں نہیں سنی گئیں، پنجاب کے وزیراعلیٰ کے خلاف کیس نہیں چلتا، حسن ابدال میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا لیکن کوئی ایکشن نہیں ہوا، بار بار نواز اور ہمارا کیس کلب نہیں ہوسکتا، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسر کیس دیکھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم تو ہری پور گئے ہی نہیں، ہری پور کے ریٹرننگ افسر نے نوٹس میں لکھا گیا آپ نے حویلیاں میں تقریر کی۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ وزیراعظم نے الیکشن سے پہلے تقریر کی ہے۔وکیل علی بخاری نے کہا کہ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پر جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔الیکشن کمیشن نے کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔قبل ازیں وکیل علی بخاری نے کہا کہ ہمارے پاس باقی درخواستوں کا ریکارڈ نہیں، ہمارے خلاف چاروں درخواستیں یکجا کر دیں۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ اس کے لیے ایک درخواست دیں، الیکشن کمیشن کے حکام نے کہا کہ سہیل آفریدی خلاف الگ الگ درخواستیں آئی ہیں۔ڈائریکٹر جنرل لا کمیشن نے کہا کہ جسٹس منیب اختر کا فیصلہ ہے کہ انتخابات کے انعقاد کے لیے کمیشن کوئی بھی فیصلہ کر سکتا ہے، جسٹس منیب اختر نے فیصلے میں توہین کمیشن کیس کی کارروائی کرنے کا بھی کہا، وزیراعلیٰ کے خلاف عوام اور ڈی آر او نے شکایات کی ہیں۔الیکشن کمیشن کی سماعت میں وکیل علی بخاری نے شکوہ کیا کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکلا کو آنے نہیں دیا گیا، ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا اور مجھے بھی شناخت کے باوجود روکا گیا۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ شہر میں افسران نئے آئے ہیں، اس لیے روکا ہوگا۔یاد رہے کہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن نے نوٹس جاری کر کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا، وزیراعلیٰ کے خلاف گزشتہ روز عبوری حکم نامہ بھی جاری کیا گیا تھا۔سہیل آفریدی نے 19 نومبر کو حویلیاں، ایبٹ آباد میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا تھا، الیکشن کمیشن نے گزشتہ سماعت پر سہیل آفریدی کو استثنیٰ دیا تھا۔

بقیہ 18

قائم کر دی گئی ہیں۔اسی طرح رحیم یار خان، اوکاڑہ، خوشاب اور خانیوال میں بھی ہارٹیکلچر ایجنسیاں فعال کی جائیں گی، جبکہ گجرات میں قائم ہارٹیکلچر ایجنسی کو جلد مکمل طور پر فعال بنا دیا جائے گا۔ترجمان کے مطابق منتخب اضلاع میں ڈسٹرکٹ ٹرانزیشن ٹیمیں قائم کی جائیں گی جو ایجنسیوں کی تشکیل کے عمل کو مرحلہ وار مکمل کریں گی۔وزیراعلیٰ پنجاب نے متعلقہ عملہ اور وسائل نئی پی ایچ ایز کو منتقل کرنے کی بھی منظوری دے دی ہے۔ترجمان کے مطابق نئی ہارٹیکلچر ایجنسیوں کے ایم ڈی، ڈپٹی ایم ڈی اور دیگر انتظامی افسران جلد تعینات کیے جائیں گے۔افسران کی تعیناتی تک متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ادارے کا عارضی چارج سنبھالیں گے۔ پی ایچ اے کا دائرہ کار صوبائی سطح تک بڑھانے سے شہروں میں سبزہ، باغات اور ہریالی میں اضافہ ہوگا جس سے شہری ماحول مزید خوشگوار ہوگا۔ نئے باغات کے قیام کے لیے جگہ مختص کر دی گئی ہے جبکہ موجودہ باغات کی حالت بہتر بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق پنجاب میں گرین ایریاز بڑھانے سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 19

نے کارکنوں کو داہگل اور گورکھ پور ناکے پر روک لیا، پولیس نے بانی کی بہنوں کو گورکھ پور سے آگے جانے کی اجازت دینے سے انکار کردیا جس پر مزید کارکنان وہاں جمع ہوگئے۔علیمہ خان کارکنوں کے ہمراہ گورکھ پور سے اڈیالہ جیل کی جانب روانہ ہوئی، کارکنوں نے نعرے بازی کی۔علیمہ خان دیگر بہنوں کے ہمراہ گاڑی میں موجود تھیں جب کہ کارکنوں کا جلوس پیدل گاڑی کے ساتھ روانہ ہوا۔راولپنڈی فیکٹری ناکے پر کارکن اور پولیس آمنے سامنے آگئے۔پولیس نے مظاہرین کو سڑک کے بائیں جانب پلاٹ میں جانب جانے کی ہدایت کردی۔ کارکنوں نے شدید نعرے لگائے۔بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات نہ ہونے پر ان کی بہنوں نے اڈیالہ روڈ پر دھرنا دے دیا۔فیکٹری ناکے سے اڈیالہ روڈ مکمل بند ہوگیا، سکولز کالجز سے گھر جانے والے طالب علموں کی بڑی تعدا رش میں پھنس گئی، سڑک بند ہونے سے مسافر بھی پریشان ہوگئے۔دریں اثنا راولپنڈی اڈیالہ جیل میں ملاقات کا وقت ہوگیا مگر عمران خان کی بہنوں سمیت کسی بھی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہ ملی۔ بیرسٹر گوہر علی خان کو بھی ملاقات کی اجازت نہ ملی۔علیمہ خان، ڈاکٹر عظمیٰ اور نورین خان کا دھرنا فیکٹری ناکے پر جاری رہا۔اس دوران راولپنڈی پولیس نے اڈیالہ روڈ پر دھرنے کی دوسری طرف سے ٹریفک کی روانی بحال کردی جس پر شہریوں نے پریشانی ختم ہوگئی۔

بقیہ 20

سیکیورٹی ایجنسیاں، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پاک فوج پوری طرح الرٹ ہیں، تمام حقائق ہم نے قوم کے سامنے رکھے ہیں، یہ ایک بڑی کامیابی ہے، اس سے دہشت گردی کے خاتمے میں بہت مدد ملے گی، شہریوں کی حفاظت کے لیے ہم تمام تر اقدامات کریں گے۔منگل کو یہاں پریس کانفرنس کے دوران عطا تارڑ نے 4 سہولت کاروں کی کالعدم ٹی ٹی پی کمانڈرز کے ساتھ افغانستان میں ہونے والی رابطہ کاری کی تفصیلات بیان کیں۔تصاویر دکھاتے ہوئے انہوں نے ان کی شناخت خودکش حملہ آور کے ہینڈلر ساجد اللہ عرف شینا، کامران خان، محمد زالی اور شاہ منیر کے طور پر کی۔وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور انٹیلی جنس بیورو نے مشترکہ کارروائی میں واقعے کے 48 گھنٹوں کے اندران چاروں کو گرفتار کرلیا تھا۔انہوں نے کہا کہ نور ولی محسود نے اپنے کمانڈر داد اللہ کے ذریعے اس حملے کی منصوبہ بندی کی، جن سے ساجد اللہ کی 2023، 2024 اور پھر اگست 2025 میں ملاقات ہوئی جب کہ داد اللہ اور ساجد اللہ ایک ایپ کے ذریعے رابطے میں رہے۔انہوں نے کہا کہ داد اللہ کی شناخت خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے رہائشی کے طور پر کی، اور بتایا کہ وہ اس وقت افغانستان میں موجود ہے۔انہوں نے ساجد اللہ کا ویڈیو بیان بھی چلایا جس میں اس کا کہنا تھا کہ اس نے خودکش جیکٹ کا بندوبست کیا اور حملہ آور عثمان شنواری کو دھماکے کے مقام تک پہنچایا۔عطا تارڑ نے کہا کہ وہ نور ولی محسود کے کمانڈر داد اللہ کے ساتھ مل کر اس کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہا تھا، ان کا ہدف راولپنڈی یا اسلام آباد میں ایسی کارروائی کرنا تھا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ساجد اللہ نے 2015 میں کالعدم ٹی ٹی پی میں شمولیت اختیار کی اور افغانستان میں مختلف ٹی ٹی پی تربیتی کیمپوں میں ٹریننگ حاصل کی جب کہ 2024 میں پڑوسی ملک کے شہر جلال آباد کا بھی دورہ کیا، 2024 کے دورے کے دوران، ساجد اللہ نے داد اللہ سے اس خودکش حملے کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے ملاقات کی اور واپسی پر دو مزید افراد کو بھرتی کیا، جو زالی اور خان تھے۔عطا تارڑ نے کہا کہ اگست 2025 میں ساجد اللہ اور زالی دونوں ایک ساتھ افغانستان گئے، انہوں نے پہلے شگال ضلع میں کالعدم ٹی ٹی پی کے شدت پسند عبداللہ جان عرف ابوحمزہ سے ملاقات کی، جہاں وہ رات بھر ٹھہرے، پھر کابل کے ارزان قیمت محلے میں داد اللہ سے ملاقات کی۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ داد اللہ نے انہیں نور ولی محسود کے احکامات پہنچائے کہ انہیں راولپنڈی یا اسلام آباد کے علاقوں میں خودکش حملہ کرنا ہے، پاکستان واپس آنے کے بعد، ساجد اللہ کی ملاقات شنواری سے ہوئی، جو افغانستان کے صوبے ننگرہار کا رہائشی ہے۔عطا تارڑ نے کہا کہ ہماری سیکیورٹی ایجنسیاں، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پاک فوج پوری طرح الرٹ ہیں۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ تمام حقائق ہم نے قوم کے سامنے رکھے ہیں، یہ ایک بڑی کامیابی ہے، اس سے دہشت گردی کے خاتمے میں بہت مدد ملے گی، شہریوں کی حفاظت کے لیے ہم تمام تر اقدامات کریں گے۔

بقیہ 21

جاری ہونے والے تمام طلبی نوٹسز صرف الیکٹرانک سسٹم کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے اور ہر نوٹس پر ایک منفرد اور قابلِ تصدیق کیو آر کوڈ درج ہوگا۔ اگر کسی شہری کو دستی، مینول یا کسی بھی ایسی شکل میں نوٹس موصول ہو جس پر کیو آر کوڈ موجود نہ ہو تو اسے مشکوک تصور کیا جائے۔ایف آئی اے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ایسے مشکوک نوٹسز کی فوری اطلاع complaints@fia.gov.pk پر ای میل یا ہیلپ لائن 1991 پر دیں۔ادارے نے کہا کہ یہ اقدام شفافیت اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔

بقیہ 22

اشتہاری قرار دیا گیا جبکہ سابق وزیر قانون راجہ بشارت و دیگر عدالت میں پیش ہوئے۔پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی جانب سے سردار محمد مصروف خان اور زاہد بشیر ڈار ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے پیش ہونے والے ملزمان کی حاضری کے بعد سماعت ملتوی کر دی۔واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف تھانہ رمنا میں 2 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 23

منتقل کردیا گیا۔جسٹس راجہ انعام امین منہاس کو دوران سماعت سانس میں مسئلہ ہوا، جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس انعام امین منہاس کیسز کی سماعت کررہے تھے۔

بقیہ 24

ایک کرولا فیلڈر اور ایک پراڈو جیپ شامل ہیں۔کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت تمام گاڑیوں کو مزید قانونی کارروائی کیلئے تحویل میں لے لیا گیا۔کسٹمز انفورسمنٹ نے ایک اور کارروائی کرتے ہوئے 13 کروڑ 66 لاکھ روپے مالیت کی کرسٹل آئس ضبط کرلیں۔ایف بی آر ترجمان کے مطابق یہ کارروائی منشیات کی سمگلنگ کے خلاف جاری مہم میں ایک اہم سنگ میل ہے۔مصدقہ خفیہ اطلاع پر ایک مسافر گاڑی کو روک کر ایک بیگ کے اندر چھپائی گئی 2 کلوگرام کرسٹل/آئس برآمد کر لی گئی۔کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت ملزم کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ایف بی آر انسداد سمگلنگ اور پاکستان میں قانونی تجارت کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 25

گھر سے 8 تولے سونا اور 3 لاکھ روپے مالیت کے انعامی بانڈز چوری کر کے فرار ہوگئے۔پولیس نے خاتون ملزمہ کو ککڑ گاؤں سے گرفتار کر لیا اور اس کی نشاندہی پر اس کے دو ساتھیوں عثمان اور شاہد کو کاہنہ سے گرفتار کیا گیا، ملزمان کے قبضے سے 8 تولے سونا، 3 لاکھ روپے مالیت کے انعامی بانڈز، 2 چوری شدہ موٹر سائیکلیں اور 2 پستول برآمد کئے گئے۔پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور تفتیش کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، ملزمان کے خلاف مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں تاکہ واردات میں ملوث دیگر افراد کا بھی پتا چلایا جاسکے۔

بقیہ 26

دے کر ڈائریکٹر جنرل پنجاب اوقاف آرگنائزیشن، گریڈ 20 کے افسر سرفراز احمد باجوہ کو ڈیپوٹیشن پر ممبر پنجاب ریونیو اتھارٹی تعینات، ممبر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ محسن عباس شاکر کو ممبر وزیر اعلی انسپکشن ٹیم تعینات، تقرری کے منتظر نوید شہزاد مرزا کو مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن تعینات، ایڈیشنل سیکرٹری ٹورازم صدف ظفر کو تبدیل کر کے ڈی جی پلاک تعینات، عبدالرزاق خادم کو سپیشل سیکرٹری ہیلتھ اینڈ پاپولیشن پنجاب تعینات کر دیا گیا۔ اس کے ساتھ گریڈ 20 کے سپیشل سیکرٹری جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز محمد سلیم افضل کو ڈائریکٹر جنرل (فشریز) پنجاب جبکہ گریڈ 19 کے افسر ڈائریکٹر لاہور میوزیم کیپٹن (ر) طاہر ظفر عباسی کو سپیشل سیکرٹری جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 27

محنتی طالب علم کو ٹیکنالوجی سے جوڑنے کے لئے پرائیویٹ یونیورسٹی اور کالجز کا لیپ ٹاپ کوٹہ مقرر کرنے کے لئے تجاویز طلب کر لیں، جلد نجی یونیورسٹیوں کے طلباء بھی لیپ ٹاپ سکیم سے مستفید ہوں گے۔وزیر تعلیم نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی یونیورسٹیز کے لیے 18 ارب روپے کی تاریخ ساز معاونت اور اسکول ایجوکیشن کے لیے 140 ارب روپے کا غیر مثالی بجٹ وہ سرمایہ کاری ہے جو تعلیمی نظام کو حقیقی معنوں میں مستقبل سے ہم آہنگ کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایجوکیشن آن وہیل کا پائلٹ پراجیکٹ جلد لانچ کرنے جا رہے ہیں۔ یہ پراجیکٹ فروغ تعلیم میں معاون ثابت ہوگا۔رانا سکندر حیات نے کہا کہ درخواست گزاروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس ٹی آئیز کیلئے اپلائی کرنے کی تاریخ میں ایک دن کا اضافہ کردیا گیا ہے۔

بقیہ 28

تھا، اس وقت بھی پارٹیوں کا موقف مختلف تھا، مساوات کے نعرے لگانا اور اس کے برعکس قانون پاس کرنا جمہوری معاشرے کے شایان شان نہیں، اسلامی جمہوریہ پاکستان میں قرآن و سنت کو آئین سازی کا اساس قرار دیا گیا ہے، خلفائے راشدین کو کٹہرے میں کھڑا کیا جاتا رہا ہے تو کیا یہ ان سے بھی بڑے ہیں؟، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، یہ قائداعظم کے اصولوں کی بھی نفی ہے، قرارداد مقاصد کے مطابق ملک میں قرآن کے منافی کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا۔منگل کو پارٹی کی مجلس شوریٰ کے اجلاس کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن نے بتایا کہ اجلاس میں ستائیسویں آئینی ترمیم اور بعض ایسے قوانین جو پارلیمنٹ سے پاس کیے گئے، پر غور کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی نے ستائیسویں آئینی ترمیم کو کلیتاً مسترد کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں ہمارے اراکین نے اس ترمیم کی مخالفت کی، مجلس شوریٰ نے اپنی جماعت کے پارلیمنٹیرینز کے اس فیصلے کی توثیق کردی۔مولانا فضل الرحمن نے بتایا کہ 26 ویں ترمیم کے حوالے سے ہم پی ٹی آئی کو ہر پیشرفت سے آگاہ کرتے رہے، پی ٹی آئی کی تجاویز پر ہم حکومت کو مجبور بھی کرتے رہے، وہ ترمیم باہمی مشاورت کے عمل سے گزری تھی۔کہا جاسکتا ہے کہ وہ ترمیم پارلیمنٹ میں قدرے متفقہ طور پر منظور ہوئی۔انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم کے دوران ان کا فرض تھا کہ وہ اپوزیشن سے مشاورت کرتے، کم ازکم جے یو آئی سے مشاورت کرتے، انہوں نے ایک فریق کو نظر انداز کیا، یہ دوتہائی اکثریت جبری اور جعلی تھی، یہ سب کچھ پارلیمنٹ اور جمہوریت کے منافی ہوا۔جو قوتیں اس ترمیم کو لانے پر مصر تھیں ان کی عزت میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔عوام میں حکومت کی مقبولیت بڑی تیزی سے گری۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ 26 ویں ترمیم میں حکومت جن چیزوں سے دستبردار ہوئی، آج پارلیمنٹیرینز کا ہاتھ مروڑ کر انہیں پاس کیا۔ترمیم لا کر ایسی پیچیدگیاں پیدا کی گئیں کہ خود عدالت کو بھی سمجھ نہیں آرہا، اصولی طور پر جے یو آئی آئینی عدالت کے حق میں تھی، جب آئین بن رہا تھا، اس وقت بھی پارٹیوں کا موقف مختلف تھا۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے دوتہائی اکثریت ہونے کے باوجود سب سے مشاورت کی، چھوٹے صوبوں کو اعتماد میں لیا گیا، آج پیپلز پارٹی کس طرح ذوالفقار علی بھٹو کے نظریے کے خلاف گئی؟۔ پیپلز پارٹی نے جمہوریت کی نفی میں کردار ادا کیا۔ پیپلز پارٹی نے غیر جمہوری عمل میں حکومت کا ساتھ دیا۔سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ بعض اہل منصب کو تاحیات استثنا دیا گیا، فوجی حکومت میں زرداری صاحب الزامات پر 8 سال جیل میں رہے، آج اسی کو کہا جا رہا ہے تاحیات آپ کے خلاف کوئی مقدمہ نہیں ہوسکے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا قانون ان کو 8 سال تک عدالت میں پیش نہیں کرتا رہا؟۔ صدارت کے منصب کے بعد ایسا کیوں؟ کیوں معصوم شخصیت کا روپ دیدیا گیا۔انہوں نے کہا کہ تینوں مسلح افواج کے سربراہان کی بھارت کے مقابلے میں بہادری کی سب سے پہلے ہم نے تعریف کی، لیکن اس کی پاداش میں ان کو تاحیات جو مراعات دی گئی ہیں، وہ جمہوری معاشرے میں متحمل نہیں۔ مسلح افواج کے سربراہان اس ترمیم کے تحت ملنے والی مراعات سے خود سے انکار کردیں۔ اس طرح تو ملک میں طبقاتی نظام پیدا ہوگا۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ مساوات کے نعرے لگانا اور اس کے برعکس قانون پاس کرنا جمہوری معاشرے کے شایان شان نہیں، اسلامی جمہوریہ پاکستان میں قرآن وسنت کو آئین سازی کا اساس قرار دیا گیا ہے، خلفائے راشدین کو کٹہرے میں کھڑا کیا جاتا رہا ہے تو کیا یہ ان سے بھی بڑے ہیں؟، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، یہ قائداعظم کے اصولوں کی بھی نفی ہے۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ آئینی عدالت کے معاملے میں چیف جسٹس کون کہلائے گا، ابھی ابہام باقی ہے۔آئینی عدالت کے قیام کی صورت میں شریعت کورٹ کا فیصلہ ہوا تو آئینی عدالت کہے گی ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں۔وفاقی شرعی عدالت کے فیصلوں کا مستقبل کیا ہوگا؟ یہ سوچا ہی نہیں گیا، ہمارا مطالبہ ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ اور سپریم کورٹ اپیلٹ بینچ کو فعال بنایا جائے۔شریعت کورٹ کے 2 ججز کی تاحال نامزدگی نہیں کی جارہی۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی نظر میں ستائیسویں ترمیم سے نہ تو آئین میں کوئی بہتری آئے گی اور نہ اس سے عوامی مفاد حاصل ہوگا، ہم مکمل طور پر ستائیسویں ترمیم کو مسترد کرتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ حکومت عدالتوں کو ہر حال میں اپنے پنجے میں رکھنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ 18 سال سے کم عمر بچوں کے نکاح کے بارے میں قانون سازی، ٹرانسجینڈر اور گھریلو تشدد کے حوالے سے قانون سازیاں ہوئی ہیں، 18 سال سے کم عمر کے بچے کو نابالغ کہنا یہ کس شریعت میں ہے؟ اور 18 سال سے کم عمری میں نکاح کو زنا بالجبر کی سزا دینے کی بات ہوئی ہے، اس ملک میں زنا کے مرتکب کو سہولت دینے کا قانون پاس ہوا اور پیپلز پارٹی نے اس میں بھی ساتھ دیا۔آج جائز نکاح میں رکاوٹیں پیدا کی جارہی ہیں، 18 سال سے کم عمری کے نکاح کو ناجائز قرار دیا گیا ہے لیکن اس میں سے ہونے والی اولاد کو جائز قرار دیا گیا ہے۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ آئین میں اسلام کو ملک کا دین قرار دیا گیا ہے، قرارداد مقاصد کے مطابق ملک میں قرآن کے منافی کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا، کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے کہنے پر قانون سازی کی گئی ہے، اسی کو غلامی کہا جاتا ہے۔ ہم نے 300 سال تک غلامی کیخلاف جنگ لڑی ہے۔کسی صورت میں ایسی قانون سازی کو جائز قرار نہیں دیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ، شہباز شریف سے ہمیں یہ توقع نہیں تھی، مسلم لیگ کے اندر آج بھی غلامی کے جراثیم زندہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس کی رجسٹریشن کے معاملے پر جو قانون سازی ہوئی اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا، یہ اپنی ہوئی قانون سازی کے ساتھ بھی منافقت کر رہے ہیں، ہم اتحاد مدارس اور تمام مکاتب فکر سے رابطے کر رہے ہیں، اس سلسلے میں ملک بھر میں سیمینارز منعقد کیے جائیں گے۔ احتجاجی سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حافظ صاحب کی بہادری کی ہم تعریف کرتے ہیں لیکن جس چیز کو ایک خاص شخص کے لیے مراعات کہا جائے اس سے ملک کو محفوظ رکھا جائے۔

بقیہ 29

اہم پلیٹ فارم ہے، پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ ہم ایک نئی فکری اور اخلاقی بیداری کی بنیاد رکھ رہے ہیں، آج کی تقریب میں پاکستان کے تمام خطوں کی نمائندگی اس بات کا ثبوت ہے کہ نوجوان ایک روشن مستقبل کی تشکیل میں بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی نظر 2047 کے پاکستان پر ہونی چاہیے کیونکہ پاکستان اور اس کے ہمسایہ ممالک آزادی کے 100 سالہ جشن کی تیاری کر رہے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ جس طرح قوم نے ماضی میں معرکہ حق میں دشمن کو شکست دی اسی طرح معرکہ ترقی میں بھی کامیابی حاصل کی جائے گی۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ کامیاب قومیں امن، استحکام، پالیسی کا تسلسل اور مسلسل اصلاحات کے ذریعے ترقی کرتی ہیں، ہم نوجوانوں کو وہ علم فراہم کر رہے ہیں جو ان میں تخلیقی صلاحیتیں پیدا کرے اور انہیں نئی ٹیکنالوجیز کے دور کے تقاضوں کے تحت نالج لیڈر بنائے، نوجوانوں کو علم اور تخلیق کی پرواز سے ستاروں تک پہنچانا ہمارا مقصد ہے۔وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ اڑان پاکستان دراصل اس ادھورے خواب کا تسلسل ہے جو وژن 2025 کے تحت دیکھا گیا تھا۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی سٹاک ایکسچینج، آئی ٹی سیکٹر، برآمدات اور بیرونی ترسیلات سمیت ہر شعبے میں ریکارڈ ترقی ہوئی ہے، پاکستان اب تاریخ کی ”چوتھی اڑان“ بھرنے کے لیے تیار ہے، اس اڑان کو پائیدار، فیصلہ کن اور بلند بنانے کے لیے تمام طبقات کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ نوجوان پاکستان کی تعمیر نو کے سب سے بڑے شراکت دار ہیں، انہیں قومی ترقی کے عمل میں شریک کرنے کے لیے مختلف پروگرام شروع کیے جاچکے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ معاشرے سے نفرت اور انتشار کی آوازوں کو ختم کرنا اور نوجوانوں کو امن، یکجہتی اور یگانگت کا سفیر بنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اڑان پاکستان درحقیقت جوان پاکستان ہے، ملک چھوڑ کر بھاگنے کے بجائے اپنی مادر وطن کے معمار بنیں، پاکستان میں ہر خواب کی تعبیر محنت اور لگن سے ملتی ہے۔

بقیہ 30

203 ریکارڈ کیا گیا۔بیدیاں روڈ 201، سول سیکرٹریٹ میں آلودگی کی شرح 199، جوہر ٹاؤن 195، کینٹ میں فضائی آلودگی کی شرح 191 ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 31

اطلاعات وثقافت پنجاب طاہر رضا ہمدانی نے کہا کہ معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں پنجاب کے 6 بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، کاروباری سہولت مراکز کے قیام سے سرمایہ کاری میں حائل رکاوٹیں دور ہوئی ہیں۔طاہر رضا ہمدانی نے کہا کہ 5 وفاقی اور 28 صوبائی محکمے ایک ہی چھت تلے سرمایہ کاروں کو ضروری سہولیات دے رہے ہیں۔مختلف کاروباری سرگرمیوں کے لئے سرمایہ کاروں کو تیز رفتاری سے این او سی جاری ہو رہے ہیں، اب تک کاروباری سرگرمیوں کیلئے 63559 این او سی کا اجراء خوش آئند امر ہے۔سیکرٹری اطلاعات وثقافت اور ڈی جی پی آر نے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے کاؤنٹرز پر موجود مختلف محکموں کے نمائندوں سے ان کی ورکنگ بارے دریافت کیا۔صوبائی سیکرٹری اور ڈی جی پی آر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ این او سی کے حصول کیلئے اب تک 70016 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز میں 23615 افراد کو مشاورت فراہم کی گئی ہے، اب تک 94096 افراد ان 6 بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز کا دورہ کر چکے ہیں۔

بقیہ 32

تھے۔تمام ضبط شدہ سگریٹس کو ایف بی آر دفتر میں جمع کروایا جارہا ہے۔اس حوالے سے ای ٹی او عزیر جھٹول کا کہنا تھا کہ امپورٹڈ سگریٹس زیادہ تر سمگلنگ کے ذریعے مقامی مارکیٹوں تک پہنچتے ہیں، جس سے نہ صرف حکومتی ریونیو کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ عوام بھی مضرِ صحت اور غیر معیاری تمباکو نوشی کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایف بی آر کی خصوصی اسکیننگ ایپ کے ذریعے سگریٹس کی تصدیق کی جارہی ہے اور جو پیکٹس اسکیننگ میں فیل ہو رہے ہیں انہیں بھی ضبط کیا جارہا ہے۔مزید برآں، ای ٹی او دانیال لنگڑیال نے شادمان کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے سات دکانوں سے ایک ہزار سے زائد غیر قانونی سگریٹس کے پیکٹس ضبط کرلیے۔

بقیہ 33

مریم نواز کے ترقیاتی منصوبوں کا خوف لاحق ہے اور نون لیگ کی ضمنی جیت کے بعد یہ خوف مزید بڑھ گیا ہے، بزدار کے لٹے پٹے پنجاب کو مریم نواز نے دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کیا ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ جس دن بھی عوام کے لیے کوئی اچھی خبر آتی ہے وہ دن مخالفین کے لیے یوم سیاہ ہوتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے تیرہ حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات میں عوام نے ایک مرتبہ پھر گالم گلوچ، نفرت، فساد اور انتشار کی سیاست کو واضح طور پر مسترد کرتے ہوئے خدمت اور کارکردگی کو ووٹ دیا۔وزیراعلیٰ پنجاب کے شفاف گورننس ماڈل، خود پر مقرر کردہ پرفارمنس انڈیکیٹرز اور نوے سے زائد جاری ترقیاتی منصوبوں نے ثابت کیا کہ موجودہ حکومت صرف وعدوں پر نہیں بلکہ عملی کام پر یقین رکھتی ہے۔عوام نے فری ہسپتال، کسان کارڈ، ہمت کارڈ، دھی رانی پروگرام، واسا اصلاحات، لاہور اور گجرات ڈویلپمنٹ پروگرام سمیت ہر اس منصوبے کو پذیرائی دی جس کا براہِ راست فائدہ لوگوں تک پہنچا۔سہیل آفریدی سمیت وہ تمام افراد جو انتشار اور پروپیگنڈہ کی سیاست کرتے رہے، آج اپنے بوئے ہوئے کو کاٹ رہے ہیں۔بانی پی ٹی آئی سے اب تک 420 پارٹی رہنما اور وکلاء جبکہ 190 سے زائد فیملی میمبرز مل چکے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب کا جیل یا کسی بھی انتظامی معاملے سے کوئی لینا دینا نہیں، جیل انتظامیہ مکمل بااختیار ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اس بار عوام نے گالم گلوچ، فتنہ اور فساد کی سیاست کو نہیں بلکہ خدمت کی سیاست کو ووٹ دیا ہے۔عوام نے ستھرے پنجاب، کسان کار، ہمت کارڈ، لیپ ٹاپس، الیکٹرک بسوں، الیکٹرک بائیکس، مفت ادویات، کلینک آن ویلز کے ساتھ کھڑا ہونے جیسے اقدامات کو انتخابی مینڈیٹ دیا ہے۔ہری پور میں پی ٹی آئی کی اپنی حکومت کے باوجود عوام نے انہیں ووٹ نہیں دیا کیونکہ کے پی کے لوگ سمجھ چکے ہیں کہ ووٹ صرف خدمت کو ملنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد صرف وفاق اور لاہور پر حملے کرنا ہے، ان کی سیاست لڑائی اور مارکٹائی کے گرد گھومتی ہے، جس کی وجہ سے کے پی کے عوام نے انہیں مکمل طور پر مسترد کر دیا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام صوبوں میں ترقی کا صحت مند مقابلہ ہو۔ اگر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز صرف ڈیڑھ سال میں 90 سے زائد منصوبے مکمل کر سکتی ہیں، تو باقی صوبے ایسا کیوں نہیں کر پاتے؟ مریم نواز نہ صرف منصوبے شروع کرتی ہیں بلکہ ہر تین ماہ بعد ان کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ بھی لیا جاتا ہے۔ ان کی ڈکشنری میں ”کریں گے“ کا لفظ موجود نہیں ہے، وہ صرف کام کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز ڈیڑھ سال میں اتنا کچھ کر سکتی ہیں تو وہ لوگ، جنہوں نے 10 سے 15 سال حکومت کی، یہ کام کیوں نہ کر سکے؟ وزیراعلیٰ پنجاب روزانہ کئی گھنٹے خود منصوبوں کی نگرانی کرتی ہیں۔ سرگودھا میں نواز شریف کارڈیک سینٹر 31 دسمبر تک فعال ہوجائے گا، اور اب تک اس کی او پی ڈی میں 50 ہزار سے زائد مریض اپنا چیک اپ کروا چکے ہیں۔ پنجاب کے ہسپتالوں میں دیگر صوبوں کے لوگ بھی علاج کروانے آتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں حماد اظہر کے بھانجے نے بھی الیکشن لڑا جبکہ ہری پور میں بھی پی ٹی آئی ہی کا امیدوار تھا۔تمام حلقوں میں پی ٹی آئی کے امیدوار موجود تھے اور کیمپین میں انہیں کہیں بھی کوئی رکاوٹ نہیں تھی، انہوں نے بھرپور کیمپین بھی کی، مگر عوام نے انہیں ووٹ نہیں دیا۔ پنجاب کے لوگوں نے انہیں واضح پیغام دیا کہ انہیں ترقی چاہیے، فساد نہیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی اب یہ بہانہ بنا رہی ہے کہ انہیں کمپین نہیں کرنے دی گئی، حالانکہ وہ خود گھروں میں بیٹھے رہے۔ حکومت نے انہیں نہیں روکا۔عوام نے انہیں صاف طور پر مسترد کر دیا ہے۔انکا کہنا تھا کہ پنجاب میں بہتر ایئر کوالٹی، سموگ کنٹرول اور اینٹی سموگ گنز جیسی جدید حکمتِ عملیوں نے دیگر ممالک تک کی توجہ حاصل کی ہے۔ فلپائن کے سفیر نے بھی پنجاب کے ماحولیاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے ان سے سیکھنے کی خواہش ظاہر کی۔ اینٹی سموگ گن پر پروپیگنڈہ کرنے والے بھی اس وقت خاموش ہوگئے جب کاہنہ میں 660 اے کیو آئی کو اینٹی سموگ گن کے ذریعے فوری بہتر کیا گیا۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے عوام نے ثابت کر دیا کہ وہ لیپ ٹاپ، اسکالرشپس، صحت، تعلیم اور ترقی چاہتے ہیں، غلیلیں، کینچیاں اور نفرت نہیں۔ عوام نے اس ضمنی الیکشن میں جو فیصلہ دیا ہے، وہ ترقی، امن اور خدمت کی جیت ہے۔

بقیہ 34

نے کام شروع کر دیا ہے۔ذوالفقار حمید نے کہا کہ دہشت گردوں کے زیر استعمال موٹر سائیکل کو تحویل میں لے لیا گیا ہے، موٹر سائیکل سے فنگر پرنٹس حاصل کر لیے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لگ رہا ہے کہ تینوں دہشتگرد افغان شہری ہیں، پتا لگا رہے ہیں کہ دہشت گرد کس راستے سے پشاور میں داخل ہوئے۔ دہشتگردوں نے جہاں رات گزاری اس کی شناخت کر لی گئی ہے۔آئی جی خیبر پختونخوا نے کہا کہ ابھی تک کسی سہولت کار کو حراست میں نہیں لیا، رواں سال حملوں میں اضافہ ہوا مگر ان کو پسپا کیا گیا۔

بقیہ 35

لیاقت آباد میں غیر قانونی بس اڈوں کیخلاف درخواست نمٹادی۔ منگل کو سندھ ہائیکورٹ میں الکرم اسکوائر لیاقت آباد میں غیر قانونی بس اڈوں کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔سندھ حکومت کے وکیل نے موقف دیا کہ عدالتی احکامات کے مطابق الکرم اسکوائر سے بس اڈے ختم کرادیئے ہیں۔ٹریفک پولیس کی جانب سے رپورٹ بھی عدالت میں جمع کرادی تھی۔درخواست کا مقصد پورا ہوچکا ہے لہٰذا درخواست نمٹادیں۔تمام بس ٹرمینل شہر سے باہر منتقل کردیئے گئے ہیں۔عدالت نے محکمہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ٹریفک پولیس کی رپورٹ کے بعد درخواست نمٹادی۔درخواست میں موقف اپنایا گیا تھا کہ سپریم کورٹ نے شہر بھر سے بس اڈوں کے خاتمے کا حکم دیا تھا۔3 بس اڈے شہر سے ختم کردیئے ہیں، الکرم اسکوائر اڈا ابھی چلایا جارہا ہے۔

بقیہ 36

والے زیادہ شور مچاتے ہیں تو ہم لاہور کا مقامی حکومتوں کا نظام کراچی میں لانے کو تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام کے لئے پنجاب کی مثال دی جارہی ہے جہاں ابھی تک بلدیاتی انتخابات ہی نہیں ہوئے ہیں۔ کراچی سندھ کا دل اور ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مجموعی طور پر اربوں روپے کا سرمایہ شہری انفرااسٹرکچر اور بنیادی سہولیات میں لگایا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کراچی میں شہری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر بھرپور کام کر رہی ہے، رکاوٹ ڈالنے کی کوششیں ناکام رہیں گی۔ کراچی جیسے کثیر الثقافتی شہر میں ہم آہنگی اور سماجی ترقی کو ایم کیو ایم کے سیاسی رویے نے نقصان پہنچایا۔شرجیل میمن نے کہا کہ شہری سہولتیں، بنیادی انفرااسٹرکچر، تعلیم، صحت اور پانی و نکاسی کے نظام کی بہتری پر ایم کیو ایم اگر توجہ دیتی تو آج ہم پر انگلیاں نہیں اٹھائی جاتیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارا کام بولتا ہے، کراچی میں اربوں روپے کے منصوبے جاری ہیں، ایم کیو ایم ان میں رکاوٹ ڈالنے کے لئے سرگرم ہے۔

ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد کی وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ملاقات، مختلف امور پر تفصیلی گفتگو

ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ تحسین فواد نے گزشتہ روز وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ملاقات کی

راولپنڈی (اسٹاف رپورٹر) ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ تحسین فواد نے گزشتہ روز وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ملاقات کی، جس میں راولپنڈی کے سیاسی امور، جاری ترقیاتی منصوبوں اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کو مقامی سطح پر مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران پنجاب اور کے پی کے میں ضمنی انتخابات میں کامیابی پر وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے تحسین فواد کو مبارکباد پیش کی۔ واضح رہے کہ ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد کی وزیر اعلیٰ پنجاب نے ضمنی انتخابات کے دوران میانوالی میں الیکشن ڈیوٹی لگائی تھی جسے انہوں نے بخوبی انداز میں ادا کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ تحسین فواد پاکستان مسلم لیگ (ن) کی دیرینہ اور فعال کارکن ہیں، جنہوں نے ہمیشہ راولپنڈی کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی مضبوطی اور عوامی خدمت کے لیے باہمی رابطوں اور مشترکہ حکمتِ عملی کو مزید مؤثر بنایا جا رہا

ہے۔ دونوں رہنماؤں نے راولپنڈی میں ترقیاتی منصوبوں کو مزید تیز کرنے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

علاقے کی پولیس خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگی

شادی بیاہ پر سوتر بم اور پٹاخوں کا آزادانہ استعمال لمحہ فکریہ ہے

دل کے مریض بیمار اور طالب علم پٹاخوں کی گونج گرج سے عاجز آگئے

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) شادی بیاہ پر سوتر بم اور پٹاخوں کا آزادانہ استعمال لمحہ فکریہ ہے۔ دل کے مریض بیمار اور طالب علم پٹاخوں کی گونج گرج سے عاجز آگئے۔ علاقے کی پولیس خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگی۔ تفصیلات کے مطابق منور کالونی ہل ویو۔ علی ٹاؤن۔ مبارک لین۔ جنجوعہ ٹاؤن اور دیگر علاقوں میں جب شادی بیاہ ہوتی ہے تو سوتر بم اور پٹاخوں کا آزادانہ استعمال کیا جاتا ہے۔ جس سے دل کے مریض بچے۔ بوڑھے اور خواتین شدید اذیت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ مگر کیا مجال ہے کہ ان کی دادرسی کرنے والا کوئی ہو۔ اگر پولیس گشت کا موثر نظام ہوتا تو کیا مجال ہے کہ کسی جگہ بھی شہریوں کو پریشان کرنے کے لیے یہ پٹاخے چلانے کی کسی کو جرات ہوتی۔ پولیس اگر چاہے تو یہ بے ہودگی ختم ہو سکتی ہے لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ پولیس اس طرف توجہ نہیں دیتی شہریوں کی اکثریت نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا پہلے پہل پولیس شادی بیاہ پر پٹاخے چلانے والوں کو گرفتار کر لیتی تھی مگر آج کل نہ جانے کس مصلحت کے تحت ان کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہے شہریوں نے پولیس سے درخواست کی ہے کہ شادی بیاہ پر پٹاخے چلانے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے

سیکریٹری لائیوسٹاک فشریز وکوآپریٹیو خیبر پختونخوا محمد طاہر اورکزئی نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے صنعتی ترقی (یو این آئی ڈی او) کے تعاون سے محکمہ لائیوسٹاک میں قائم میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر کا دورہ کیا

جدید معیار کے مطابق قائم یہ میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر نہ صرف عوام کو معیاری اور محفوظ گوشت کی فراہمی میں مددگار ثابت ہوگا

پشاور (اشتیاق خان سے) سیکریٹری لائیوسٹاک فیشریز وکوآپریٹیو خیبر پختونخوا محمد طاہر اورکزئی نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے صنعتی ترقی (یو این آئی ڈی او) کے تعاون سے محکمہ لائیوسٹاک میں قائم میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہیں میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر میں دستیاب سہولیات، جدید آلات اور ٹریننگ کے نظام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ جدید معیار کے مطابق قائم یہ میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر نہ صرف عوام کو معیاری اور محفوظ گوشت کی فراہمی میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ گوشت سے وابستہ شعبے کے افراد کی تربیت میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر سیکریٹری لائیوسٹاک نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت نجی شعبے کے تعاون سے فعال

بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں، تاکہ اس کے انتظام و انصرام میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ سیکریٹری لائیوسٹاک محمد طاہر اورکزئی نے کہا کہ عوام کو معیاری، صاف اور صحت بخش گوشت کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جدید مذبح خانہ اس سلسلے میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ میٹ پروسسنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر کی مکمل فعالی سے نہ صرف صارفین کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ گوشت کی کوالٹی میں بہتری سے مجموعی صحت کے شعبے پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک ڈاکٹر آصل خان بھی موجود تھے، جنہوں نے مختلف تکنیکی پہلوؤں پر سیکریٹری لائیوسٹاک کو آگاہ کیا۔

کنٹرولر امتحانات کے اچانک دورے، بوٹی مافیا کی کوششیں ناکام، امتحانی شفافیت یقینی

امتحانی ایس او پیز، سیکیورٹی اور سی سی ٹی وی سسٹم کا تفصیلی جائزہ، امیدواروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی

راولپنڈی (پریس ریلیز) امتحان انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول 2025 پارٹ ون کے سلسلے میں کنٹرولر امتحانات تعلیمی بورڈ راولپنڈی، تنویر اصغر اعوان نے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج ایف بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی، گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار بوائز سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی، گورنمنٹ کالج آف کامرس، مری کے امتحانی مراکز کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے امتحانی ایس او پیز، سیکیورٹی کے انتظامات اور سی سی ٹی وی کیمروں کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ کنٹرولر امتحانات نے بتایا کہ بورڈ کی مؤثر حکمتِ عملی کے باعث بوٹی مافیا کو سر اٹھانے کا موقع نہیں ملا اور وہ اپنے مذموم مقاصد میں مکمل طور پر ناکام رہے۔ انہوں نے کہا کہ امتحانات میں میرٹ اور شفافیت پر سختی سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ مزید برآں، حکومتِ پنجاب کی زیرو ٹالرنس پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے امیدواروں کو بہترین امتحانی سہولیات فراہم کی گئیں۔ تمام امتحانی عملے نے اپنی ڈیوٹی قومی فریضہ سمجھ کر دیانت داری اور محنت سے

سرانجام دی، جو کہ قابلِ تحسین ہے۔ کنٹرولر امتحانات نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

سی پی او سید خالد ہمدانی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، سی پی او سید خالد ہمدانی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا، پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھانے والے افسران حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی گئی، سی پی او سید خالد ہمدانی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا، بہترین کارکردگی پر سرٹیفکیٹ و نقد انعام حاصل کرنے والے افسران میں ایس ایچ او چونترہ انسپکٹر ثاقب عباسی، انچارج آر ایم یو انسپکٹر اظہر محمود، ایس ایچ او مورگاہ انسپکٹر گل ناز، ایس ایچ او کینٹ انسپکٹر نورالعین، انچارج ورچوئل وویمن انسپکٹر بشریٰ بتول، ایس ایچ او چکری انسپکٹر مسعود احمد، ایس ایچ او صدر بیرونی سب انسپکٹر اعزاز عظیم، ایس ایچ او وویمن سب انسپکٹر مفرح بخاری، انچارج چوکی اڈیالہ سب انسپکٹر عمران خان اور سب انسپکٹر یونس تھانہ دھمیال شامل ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھانے والے افسران حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں۔

راولپنڈی پولیس کے کانسٹیبل کا اعزاز، لوئر کلاس کورس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام

کانسٹیبل شاہ رخ نے لاہور میں ہونے والے لوئر کلاس کورس میں تمام مقابلوں میں آل راؤنڈ سیکنڈ پوزیشن حاصل کی

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) راولپنڈی پولیس کے کانسٹیبل کا اعزاز، لوئر کلاس کورس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام، کانسٹیبل شاہ رخ نے لاہور میں ہونے والے لوئر کلاس کورس میں تمام مقابلوں میں آل راؤنڈ سیکنڈ پوزیشن حاصل کی، کانسٹیبل شاہ رخ نے ویپن ہینڈلنگ اور فائرنگ میں اول پوزیشن حاصل کی اور پریڈ کے امتحان میں بھی اول پوزیشن حاصل کی، لوئر کلاس کورس میں راولپنڈی پولیس کے اہلکار کی نمایاں کارکردگی باعث فخر و اعزاز ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے کانسٹیبل کا اعزاز، لوئر کلاس کورس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا گیا، کانسٹیبل شاہ رخ نے لاہور میں ہونے والے لوئر کلاس کورس میں تمام مقابلوں میں آل راؤنڈ سیکنڈ پوزیشن حاصل کی، کانسٹیبل شاہ رخ نے ویپن ہینڈلنگ اور فائرنگ میں اول پوزیشن حاصل کی اور پریڈ کے امتحان میں بھی اول پوزیشن حاصل کی، سی پی او

سید خالد ہمدانی نے کانسٹیبل شاہ رخ کو نمایاں کارکردگی پر شاباش دی اور حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ لوئر کلاس کورس میں راولپنڈی پولیس کے اہلکار کی نمایاں کارکردگی باعث فخر و اعزاز ہے۔

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مجرم کو سزا سنا دی

مجرم کو مجموعی طور پر سزائے موت، 11 سال قید، 5 لاکھ روپے ہرجانے، 2 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانے اور 20 ہزار روپے ضمان کی سزائیں سنائی گئیں

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مجرم کو سزا سنا دی، مجرم کو مجموعی طور پر سزائے موت، 11 سال قید، 5 لاکھ روپے ہرجانے، 2 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانے اور 20 ہزار روپے ضمان کی سزائیں سنائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مجرم کو سزا سنا دی، مجرم کو مجموعی طور پر سزائے موت، 11 سال قید، 5 لاکھ روپے ہرجانے، 2 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانے اور 20 ہزار روپے ضمان کی سزائیں سنائی گئیں، مجرم محمد اشفاق کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، مجرم کو دفعہ 449 ت پ میں 10 سال قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم کو دفعہ 354 ت پ میں 1 سال قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم کو ضرر کے جرم میں 20 ہزار روپے ضمان کی سزا سنائی گئی، مجرم نے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے خاتون کو قتل جبکہ دوسری خاتون کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ اپریل 2023 تھانہ کلر سیداں میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزائیں سنائیں، مجرم کو قرار واقعی سزائیں ملنے پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دی۔

تھانہ چکلالہ کے علاقے سکیم تھری میں زوہیب نامی شخص بیرون ملک ویزوں کا جھانسہ دیکر سادہ لوح معصوم شہریوں سے کروڑوں روپے ہتھیا کر فرار ہو گیا

شہریوں نے آئی جی پنجاب سے مذکورہ نوسر باز کے خلاف فوری ایکشن لینے اور اسے گرفتار کرنے اور لوگوں کی لوٹی ہوئی رقم واپس کروانے کا مطالبہ کیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) تھانہ چکلالہ کے علاقے سکیم تھری میں زوہیب نامی شخص بیرون ملک ویزوں کا جھانسہ دیکر سادہ لوح معصوم شہریوں سے کروڑوں روپے ہتھیا کر فرار ہو گیا تفصیلات کے مطابق زوہیب نامی شخص کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ اس نے شہریوں کو بیرون ملک بھیجنے اور ویزوں کا جھانسہ دیکر کروڑوں روپے ہتھیائے بعد ازاں وہ لوٹی گئی تمام رقم لیکر دفاتر کی تالہ بندی کرتے ہوئے رفو چکر ہو گیا جس کے خلاف تھانے میں متعدد ایف آئی آرز بھی موجود ہیں لیکن تاحال ادارے اسے گرفتار کرنے میں ناکام ہیں شہریوں نے آئی جی پنجاب سے مذکورہ نوسر باز کے خلاف فوری ایکشن لینے اور اسے گرفتار کرنے اور لوگوں کی لوٹی ہوئی رقم واپس کروانے کا مطالبہ کیا ہے

گریڈ 16، 17 کے ٹریفک افسران کیلئے ترقی کا راستہ ہموار ہو گیا

ٹریفک وارڈنز اور سینئر وارڈنز مقابلے کے امتحان کے ذریعے پرموٹ ہو سکیں گے

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب کی جانب سے جاری کیے گئے نئے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 16 کے سینئر ٹریفک وارڈنز اور گریڈ 17 کے ٹریفک افسران کیلئے ترقی کا اہم راستہ ہموار ہو گیا ہے۔ اب افسران پی پی ایس سی کے مقابلے کے امتحان کے ذریعے ترقی حاصل کر سکیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 50 فیصد ترقیوں کیلئے ٹریفک وارڈنز اور سینئر وارڈنز مقابلے کے امتحان کے ذریعے پرموٹ ہو سکیں گے۔ اس کے علاوہ 50 سال اور 52 سال تک کے افسران ترقی کیلئے مقابلے کے امتحان دینے کے اہل ہوں گے۔ ترقی کیلئے امیدواروں کا محکمانہ کورس مکمل ہونا، بہتر سروس ریکارڈ اور بیچلر ڈگری سیکنڈ ڈویژن میں پاس ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے اس سلسلے میں رولز میں ترامیم کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔

لاہور پولیس ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے: فیصل کامران

لاہور میں دو بڑے ایونٹس کا پُر امن انعقاد، بہترین کارکردگی پر ڈی آئی جی آپریشنز کی شاباش

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں دو بڑے ایونٹس کا پُر امن انعقاد، پولیس اہلکاروں کی بہترین کارکردگی پر ڈی آئی جی آپریشنز کی شاباش۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں منعقد ہونے والے دو بڑے ایونٹس — مینار پاکستان اجتماع عام اور این اے 129 کے انتخابی مراحل بغیر کسی ناخوشگوار واقعے کے پُر امن طور پر اختتام پذیر ہو گئے۔ اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے افسران و جوانوں کی بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی دونوں ایونٹس میں مجموعی طور پر 7,467 پولیس اہلکاروں نے فرائض انجام دیے۔ مینار پاکستان اجتماع میں 2,315 جبکہ این اے 129 کی انتخابی ڈیوٹی پر 5,152 اہلکار تعینات رہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے کہا کہ تمام زونز میں ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز نے ذمہ داری کے ساتھ سپرویژن فراہم کی و حساس مقامات پر جدید ٹیکٹیکل ٹیموں نے مثالی کارکردگی دکھائی، جبکہ پولنگ اسٹیشنز اور مینار پاکستان کے اطراف فاسٹ ریسپانس یونٹس مسلسل الرٹ رہے۔ سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، واک تھرو گیٹس اور چیک پوائنٹس کی مؤثر فعالیت کو بھی سراہا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں نے سیاسی اجتماع اور ضمنی انتخاب دونوں میں پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کیا، جس سے امن و امان برقرار رکھنے میں مدد ملی۔ پارکنگ ایریاز، شاہراہوں اور داخلی و خارجی راستوں پر کیمرٹس بھی مؤثر رہی۔ فیصل کامران کا کہنا تھا کہ لاہور پولیس نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ ایک پروفیشنل فورس ہے جو ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔

ایس پی ڈولفن کا والٹن ہیڈ کوارٹرز میں فزیوتھراپی سنٹر کا دورہ

جوانوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی ڈولفن کا والٹن ہیڈ کوارٹرز میں فزیوتھراپی سنٹر اور ڈسپنسری کا دورہ ترجمان کے مطابق ایس پی ڈولفن اختر نواز نے والٹن ہیڈ کوارٹرز میں قائم فزیوتھراپی سنٹر اور ڈسپنسری کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے کوالیفائیڈ ڈسپنسر اور فزیو تھراپسٹ سے ملاقات کی اور جوانوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر ایس پی اختر نواز نے فزیوتھراپی سنٹر میں موجود آلات اور ڈسپنسری میں دستیاب ادویات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈسپنسری میں ابتدائی طبی امداد کے لیے بنیادی اور ضروری ادویات ہر وقت موجود ہونی چاہئیں۔ ایس پی ڈولفن نے کہا کہ فزیوتھراپی جسمانی و ذہنی سٹریس میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور فروزن شولڈر جیسی تکالیف سے نجات دلانے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیوٹی کے دوران اہلکاروں کو پیش آنے والی معمولی انجریز اور تھکاوٹ جیسے مسائل بھی فزیوتھراپی سے بہتر طور پر حل ہو سکیں گے۔ اختر نواز نے ڈسپنسری عملے کو ہدایت کی کہ ڈینگی سے بچاؤ اور سموگ کے اثرات سے متعلق آگاہی بھی جوانوں کو فراہم کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈولفن سکواڈ میں جوانوں کی ویلفیئر اور صحت کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

دو منشیات فروش سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

گلریز خان اور شہزاد سے 09 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمہ درج کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہربنس پورہ پولیس نے کارروائی کے دوران دو منشیات فروشوں کو منشیات کی سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق ہربنس پورہ پولیس نے دوران چیکنگ خفیہ اطلاع پر 02 منشیات فروش گلریز خان اور شہزاد کو منشیات کی سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے 09 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے علاقہ غیر سے بذریعہ آن لائن منشیات منگوا کر مختلف علاقوں میں منشیات بیچنے کا اعتراف کیا ہے

ڈولفن سکواڈ کا گرینڈ آپریشن، 100 ملزمان سرکاری مہمان بن گئے

پتنگ بازی، ون ویلنگ اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

کسی کو شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی: ایس پی اختر نواز

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کا سپیشل گرینڈ آپریشن، 100 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ اور پتنگ بازی کے خلاف سپیشل گرینڈ آپریشن کیا جس میں مجموعی طور پر 100 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں ڈیفنس، مال روڈ، کینال روڈ، جیل روڈ، بند روڈ، فیروزپور روڈ سمیت دیگر مقامات — سے 97 ون ویلرز کو حراست میں لیا گیا۔ فیکٹری ایریا، شیرا کوٹ اور دیگر علاقوں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران پتنگ بازی میں ملوث 3 افراد گرفتار کیے گئے جبکہ ان کے قبضے سے بڑی تعداد میں پتنگیں اور ڈور بھی برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے فیکٹری ایریا، شیرا کوٹ، ہربنس پورہ اور دیگر متعلقہ تھانوں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی ڈولفن اختر نواز کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی، ون ویلنگ اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

شادباغ پولیس کا ون ویلروں کے خلاف گھیرا تنگ، 9 منچلے گرفتار

زیر استعمال موٹر سائیکل کو بھی پولیس نے تحویل میں لے لیا، مقدمات درج

لاہور (کرائم رپورٹر) شادباغ پولیس کا ون ویلروں کے خلاف کریک ڈاؤن رات کے اندھیرے میں سڑکوں پر ویلنگ کرنے والے 9 منچلے گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق شادباغ پولیس نے پابندی کے باوجود رات کے پچھلے پہر ون ویلنگ کرنے والے ملزمان دوران پیٹرولنگ اطلاع ملنے پر گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے اور ان کے زیر استعمال موٹر سائیکل کو بھی پولیس تحویل میں لے لیا گرفتار ملزمان میں حسن، محسن، مجیب، سعد، اسد، حنان، فیضان، ارسلان اور بصیر شامل ہیں۔

ایم این اے ہنگو اورکزئی یوسف خان کا آج اچانک ہنگو نادرہ آفس کا دورہ

عوام کے مسائل سن لئے گئے اور برقت حل بھی کر لئے گئے

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے) ایم این اے ہنگو اورکزئی یوسف خان کا آج اچانک ہنگو نادرہ آفس کا دورہ وہاں پر عوام کے مسائل سن لئے گئے اور برقت حل بھی کر لئے گئے۔ ایم این اے یوسف خان نے نادرہ کے ریجنل ڈائریکٹر نثار خان اور مینجر کو سختی سے ہدایات جاری کر دیئے کہ عوام کی مسائل میرا اولین ترجیح ہے۔ عوام کے مسائل بروقت حل ہونے چاہیے۔ اس اقدام پر نادرہ میں موجود معززین نے ایم این اے یوسف خان کا شکریہ ادا کیا)

ضلع کرم پاراچنار ضلع کرم میں دیرینہ قبائلی ہم آہنگی اور امن کے فروغ کے لیے ایک مثبت پیشرفت سامنے آئی ہے

لوئر کرم علیزئی اور لوئر کرم بگن قبائل کے درمیان جاری امن معاہدے میں باضابطہ طور پر توسیع کر دی گئی ہے

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) ضلع کرم پاراچنار ضلع کرم میں دیرینہ قبائلی ہم آہنگی اور امن کے فروغ کے لیے ایک مثبت پیشرفت سامنے آئی ہے لوئر کرم علیزئی اور لوئر کرم بگن قبائل کے درمیان جاری امن معاہدے میں باضابطہ طور پر توسیع کر دی گئی ہے جس کے بعد یہ معاہدہ 26 جولائی 2026 تک موثر رہے گا۔ اس فیصلے کا مقصد علاقے میں پائیدار امن باہمی اعتماد اور سماجی استحکام کو مزید مضبوط بنانا ہے مقامی عمائدین، انتظامیہ اور امن کمیٹیوں کی کوششوں سے یہ اہم پیش رفت ممکن ہوئی جو علاقے کی ترقی اور مستقبل کے امن و امان کے لیے حوصلہ افزا اقدام ہے)

شمس آباد مری روڈ انڈر پاس گٹر کے پانی اور کوڑے سے اٹا ہوا ہے

شہری اینٹوں پتھروں کے اوپر سے روزانہ گزرتے ہیں آر ڈبلیو ایم سی اور واسا کی مجرمانہ غفلت ہے۔ ظہیر اعوان

راولپنڈی () شمس آباد مری روڈ انڈر پاس گٹر کے پانی اور کوڑے سے اٹا ہوا ہے۔ شہری اینٹوں پتھروں کے اوپر سے روزانہ گزرتے ہیں۔ آر ڈبلیو ایم سی اور واسا کی مجرمانہ غفلت ہے۔ ظہیر اعوان اندرون شہر مری روڈ شمس آباد کرکٹ سٹیڈیم کے پاس انڈر پاس گٹر کے آلودہ پانی اور کچرے سے اٹا ہوا ہے۔ ظہیر احمد اعوان نے انڈر پاس کے دورے پر نشاندہی کرتے ہوئے مزید کہا کہ روزانہ بے شمار سکول کے بچے خواتین و حضرات بزرگ شہری یہاں سے گزرتے ہیں جو انتہائی اذیت سے گزر رہے ہیں۔ بارہا نشاندہی بھی کی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی انڈر پاس کی اس انتہائی گندی حالت کی وجہ سے بے شمار شہری انتہائی خطرناک طریقے سے مری روڈ کراس کرتے ہیں اور روزانہ حادثے بھی ہوتے ہیں اور ٹریفک میں بھی خلل پڑتا ہے۔ یہاں کوئی ادارہ بھی بغیر شکایات درج کروائے اور وہ بھی وزیر اعلیٰ شکایات سیل یا ٹویٹر سوشل میڈیا پر وائرل نہ ہو کام نہیں کرتے تمام ادارے N o" Complaints no work پالیسی پر عمل پیرا

ہیں۔ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کرتے ہیں کہ نااہل غیر ذمہ دار آفیسرز کو فلفور معطل کیا جائے اور سخت احتساب کیا جائے۔ تمام محکموں میں ذمہ دار ایماندار آفیسرز تعینات کیے جائے۔ اس موقع پر ڈھوک کالا خان کے سابق امیدوار ناظم راجہ عنصر عباسی حاجی نصیر بھٹی و دیگر بھی موجود تھے۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے سول ڈیفنس کورسز کا آغاز

پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں سول ڈیفنس سے متعلق اہم تربیتی کورسز کا سلسلہ شروع کر دیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں سول ڈیفنس سے متعلق اہم تربیتی کورسز کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ پہلا مرحلہ شہباز شریف کالج خیابان سرسید سے کیا گیا۔ ان کورسز کا مقصد شہریوں اور نوجوانوں میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کی عملی مہارتیں پیدا کرنا ہے۔ جاری بیان کے مطابق تربیتی پروگرام میں فرسٹ ایڈ، فائر فائٹنگ اور ڈیڈ باڈی مینجمنٹ جیسے بنیادی اور ناگزیر موضوعات شامل ہیں، جنہیں جدید تقاضوں کے مطابق مرحلہ وار پڑھایا جا رہا ہے۔ پارٹی کے مطابق یہ کورسز راولپنڈی کے مختلف اسکولوں، کالجوں، ہاسٹلز اور مارکیٹوں میں منعقد کیے جا رہے ہیں، جہاں طلباء اور شہری بڑی تعداد میں شرکت کر رہے ہیں۔ تمام ورکشاپس اور ٹریننگ سیشنز فی سبیل اللہ (فری آف کاسٹ) کرائے جا رہے ہیں تاکہ ہر فرد بلا

معاوضہ اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکے۔ مرکزی مسلم لیگ کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ معاشرے کے ہر فرد کے لیے سول ڈیفنس کی بنیادی تربیت حاصل کرنا وقت کی ضرورت ہے، تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں بروقت اور مؤثر کردار ادا کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ ان تربیتی سرگرمیوں کا حصہ بنیں، کیونکہ محفوظ معاشرہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

رہائشی علاقوں میں ریڑھی بانوں اور پھیری والوں کی جانب سے اونچی آواز میں سپیکر اور میگافونز کے ذریعے اشیاء کی فروخت شہریوں کے لیے بڑی مصیبت بن گئی

بلند آواز کے اس مسلسل شور نے شہریوں کا جینا محال کر دیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) وادی سون کے دیگر قصبات کی طرح نوشہرہ کے گلی محلوں اور رہائشی علاقوں میں ریڑھی بانوں اور پھیری والوں کی جانب سے اونچی آواز میں سپیکر اور میگافونز کے ذریعے اشیاء کی فروخت شہریوں کے لیے بڑی مصیبت بن گئی ہے بلند آواز کے اس مسلسل شور نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے اور لوگ شدید ذہنی تناؤ کا شکار ہو رہے ہیں صبح سے شام تک سبزی، پھل، کباڑ، اور دیگر اشیاء بیچنے والے ریڑھی بان اور پھیری والے چھوٹے بڑے سپیکر استعمال کرتے ہیں جن کی آواز سے شہریوں کا سکون برباد ہے علاقوں کے مریضوں، عمر رسیدہ افراد، اور امتحان کی تیاری کرنے والے طلبا کے لیے ناقابل برداشت ہے ہائی بلڈ پریشر، غصہ اور چڑچڑا پن جیسی بیماریوں کا سبب بن رہی ہے شہریوں نے متعلقہ انتظامی حکام اور مقامی پولیس سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے کہ ریڑھی بانوں اور پھیری والوں کے سپیکروں کے استعمال پر سخت پابندی عائد کی جائے۔

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی برائے صحت کا اجلاس مالی امور و آڈٹ رپورٹس کا تفصیلی جائزہ

خیبر پختونخوا اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی برائے صحت کا اجلاس بدھ کے روز صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ پشاور کے رحمان بابا کانفرنس روم میں منعقد ہوا

پشاور (اشتیاق خان سے) خیبر پختونخوا اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی برائے صحت کا اجلاس بدھ کے روز صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ پشاور کے رحمان بابا کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ورکن صوبائی اسمبلی ادریس خٹک نے کی، جبکہ کمیٹی کے ممبران انور خان، عبدالسلام آفریدی، مخدوم آفتاب، سیکرٹری صحت بمع متعلقہ عملہ، ڈائریکٹر آڈٹ، فنانس ڈیپارٹمنٹ، لاء ڈیپارٹمنٹ اور صوبائی اسمبلی کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں مالی سال 2018-19 کے دوران محکمہ صحت سے متعلق آڈٹ اعتراضات اور مالی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے محکمہ صحت سے متعلق آڈٹ پیراز کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور متعلقہ حکام سے ضروری وضاحتیں طلب کیں۔ بعض اہم آڈٹ پیراز پر کارروائی کرتے ہوئے کمیٹی نے متعلقہ ذمہ داران کے خلاف محکمانہ انکوائریاں اور ریکوریز کے احکامات جاری کیے، جبکہ چند معمولی نوعیت کے پیراز کو پی اے سی فورم نے سیٹل کر دیا۔ اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی گئی کہ آئندہ ورکنگ پیپرز کے ساتھ ڈی اے سی میٹنگز کے منٹس بھی لازمی منسلک کیے جائیں تاکہ ریکارڈ کی شفافیت اور تکمیل یقینی بنائی جا سکے۔ صوبائی اسمبلی کے سیکرٹری کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ حکومت مالی نظم و ضبط کے استحکام اور شفافیت کے فروغ کے لیے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاسوں کو نہایت اہمیت دیتی ہے۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ پی اے سی کے پلیٹ فارم کے ذریعے محکموں کی مالی کارکردگی میں بہتری، غلطیوں کی نشاندہی اور وسائل کے موثر استعمال کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جاتے ہیں، جو اچھی حکمرانی کو عملی شکل دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

صوبائی حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت محکمہ ایکسائز کی ایک روز میں 5 بڑی کارروائیاں

محکمہ ایکسائز خیبر پختونخوا نے صوبہ بھر میں منشیات فروشوں، ڈیلروں اور سہولت کاروں کے خلاف موثر کارروائیاں تیز کر دیں ہیں

پشاور (اشتیاق خان سے) صوبائی حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت محکمہ ایکسائز کی ایک روز میں 5 بڑی کارروائیاں، 35 ہزار گرام منشیات برآمد، 6 ملزمان گرفتار صوبائی حکومت کی منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کرتے ہوئے محکمہ ایکسائز خیبر پختونخوا نے صوبہ بھر میں منشیات فروشوں، ڈیلروں اور سہولت کاروں کے خلاف موثر کارروائیاں تیز کر دیں ہیں۔ ایک ہی دن کے دوران محکمہ کے ایکسائز انٹیلیجنس بیورو نے پراونشل انچارج سعود خان گنڈاپور کی نگرانی میں پانچ بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے بھاری مقدار میں آئس، ہیروئن اور چرس برآمد کر لی جبکہ چھ ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر دیئے گئے۔ محکمہ ایکسائز کے تفصیلات کے مطابق پہلی کارروائی میں 6000 گرام ہیروئن اور 3000 گرام آئس برآمد کی گئی۔ دوسری کارروائی میں 19200 گرام چرس اور 500 گرام آئس قبضے میں لے لی گئی۔ محکمہ کی تیسری کارروائی کے دوران 4800 گرام چرس برآمد ہوئی جبکہ چوتھی کارروائی میں 500 گرام آئس پکڑی گئی۔ محکمہ کی جانب سے پانچویں کارروائی میں ہزارہ ریجن کے ایک تعلیمی ادارے کے طلباء کو آئس کی ترسیل اور فروخت میں ملوث دو ملزمان سے 1000 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ محکمہ ایکسائز کے مطابق مجموعی طور پر 5000 گرام آئس، 6000 گرام ہیروئن اور 24000 گرام چرس برآمد کرتے ہوئے چھ ملزمان کو موقع پر گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔

لوئر کرم کے علاقے صدہ میں مقامی ونگ کمانڈر نے گوائی اور قریبی دیہاتوں کے مشران کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا

اجلاس میں علاقے کی سیکیورٹی کی موجودہ صورتحال، حالیہ مشکوک سرگرمیوں اور ممکنہ خطرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کرم) نمائندہ خصوصی) لوئر کرم کے علاقے صدہ میں مقامی ونگ کمانڈر نے گوائی اور قریبی دیہاتوں کے مشران کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں علاقے کی سیکیورٹی کی موجودہ صورتحال، حالیہ مشکوک سرگرمیوں اور ممکنہ خطرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں مقامی ونگ کمانڈر نے مشران کو مقامی سطح پر تعاون بڑھانے، مشکوک افراد اور سرگرمیوں کی فوری نشاندہی کرنے، اور امن و امان قائم رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کی حفاظت میں مقامی رہنماؤں اور کمیونٹی کا کردار نہایت اہم ہے۔ اس موقع پر مشران نے بھی علاقے میں امن قائم رکھنے، تنازعات کے بروقت حل، اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں علاقے کے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے اور کرائم کے انسداد کے لیے کمیونٹی کی شمولیت بڑھانے پر بھی بات ہوئی)

این اے-36 ہنگو اورکزئی میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ، سی اینڈ ڈبلیو، اریگیشن، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور فوکل پرسن ایم این اے جناب شیر شاہ سمیت تمام متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے) این اے-36 ہنگو اورکزئی میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس این اے-36 ہنگو اورکزئی کے معزز رکنِ قومی اسمبلی جناب یوسف خان کی زیرِ صدارت ترقیاتی منصوبوں کا ایک اہم اور اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیل میونسپل آفیسر ٹل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، محکمہ آبی تحفظ (سول واٹر کنزرویشن)، اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ، سی اینڈ ڈبلیو، اریگیشن، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور فوکل پرسن ایم این اے جناب شیر شاہ سمیت تمام متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ: تمام محکمے اپنے اپنے جاری کردہ فنڈز کو شفاف، بروقت اور میرٹ کے مطابق استعمال کریں۔ ہر محکمہ اپنے ترقیاتی حصے کے مطابق مکمل شدہ اور جاری منصوبوں کی جامع رپورٹ پیش کرے۔ ترقیاتی عمل میں سیاسی مداخلت سے مکمل اجتناب کی سختی سے ہدایات جاری کی گئیں۔ فنڈز کی یوٹیلائزیشن کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کو اولین ترجیح قرار دیا گیا۔ کسی بھی محکمہ کو ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ یا مسئلہ درپیش ہو تو وہ براہِ راست ایم این اے ہنگو اورکزئی جناب یوسف خان سے رابطہ کرے۔ اجلاس کے اختتام پر جناب یوسف خان نے واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ: علاقے کی ترقی اور عوامی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے۔ تمام ترقیاتی منصوبے کسی بھی دباؤ یا سفارش کے بغیر، مکمل شفافیت اور معیار کے ساتھ جاری رہیں گے)

ڈھڈیال میں چائلڈ فرینڈلی فاؤنڈیشن سکول میں فری آئی کیمپ کا انعقاد

ڈاکٹر محمد اقبال ویلفیئر سوسائٹی کے زیرِ اہتمام چائلڈ فرینڈلی فاؤنڈیشن سکول کشمیر کالونی ڈھڈیال میں فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا

چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ بیورو چیف ملک حسن فردوس) کیمپ کے انتظامات سکول کے چیف ایگزیکٹو ملک یاسر اقبال نے نہایت احسن طریقے سے سرانجام دیئے۔ سماجی شخصیت چوہدری تیمور علی خان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے فری آئی سکریننگ کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کیا، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چکوال کے رہنماؤں راجہ مظہر حسین اور چوہدری نوشاد علی خان نے بھی افتتاحی تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر الشفاء آئی ہسپتال سے آئے ہوئے ماہر ڈاکٹرز نے جدید آلات کے ذریعے 421 مریضوں کا فری کمپیوٹرائزڈ آنکھوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فری ادویات اور فری عینکیں بھی فراہم کی گئیں مزید برآں 11 سفید موتیے کے مریضوں کے آپریشن الشفاء آئی ہسپتال میں فری کیے جائیں گے جبکہ 44 مریضوں کو مزید تشخیص کے لیے ہسپتال ریفر کر دیا گیا علاقہ مکینوں نے اس کامیاب اور بہترین فلاحی اقدام پر ملک یاسر اقبال آف موہڑہ خورد اور اُن کی پوری ٹیم کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا ہے اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی صحت عامہ کے ایسے کیمپوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔